من مسِ عصیم سراپا در جہان ۔۔۔ کاش یابم کیمیای دردِ دل
گر حیاتِ جاودانت آرزوست ۔۔۔ نوش کن آبِ بقای دردِ دل
آہ زین خود رفتگانِ بی نہا ۔۔۔ بر نمیخیزد صدای دردِ دل
لنگ پای آرزو تا کی رسد ۔۔۔ تا دیارِ جانفزای دردِ دل
تاجِ کیخسرو در آرد زیرِ پا ۔۔۔ ہر کہ بنہد زیرِ پای دردِ دل
ای عصا بخشندہ موسی بدہ ۔۔۔ با ضعیفان از عصای دردِ دل
در دو خندہ ہای ایانی سحاب ۔۔۔ شد چو قسمت ما بجای دردِ دل
آب سازد زہرہ نارِ سقر ۔۔۔ زہرِ نیش اژدہای دردِ دل

یا غنی جز تو فقیرِ خسته جان
با کہ گوید ماجرای دردِ دل

بشنو از مسکین دعای دردِ دل — دردِ دل دِه یا خدای دردِ دل
ہم دہی تو استقامت با بجا — ہم تو سازی مبتلای دردِ دل
تا تو پرسی گاه از بیماریم — من نخواہم شفای دردِ دل
در جنابِ تو چه نعمت ہا کہ نیست — ده بمسکینان صلای دردِ دل
بہر دیدنہاش بینا مے کند — چشمِ دل را توتیای دردِ دل
سینهٔ تاریک نورانی شود — گر رسد در وی ضیای دردِ دل
در تمنای لقایت جانِ من — ہست محبوبم لقای دردِ دل
چیست در دنیا و ما فیہا لذیذ — ذوقِ جان را ماسوای دردِ دل
رشکِ ناجی در نعیمِ جنت است — جانِ عاشق در بلای دردِ دل
کعبهٔ مقصود را خواہے رسید — باش قربان در منای دردِ دل
راحتِ روح است ہر جا دوان — گر وزد بر دل ہوای دردِ دل
تا مدرگاهِ طبیبِ روح کاش — ره نماید رہنمای دردِ دل

ای فقیر این رشکِ قصرِ جنت است
ساکنی گر در سرای دردِ دل

ذکرِ حضرت روح الامین جبرئیل علیه صلوات من الله الجلیل

ہر دم ہیں ذاتِ محبت کی منقاد جبرئیل — تب کر رہی ہیں سدرہ کو آباد جبرئیل

اکرام حق سے کیوں نہ ہین شاد جبرئیل
ذی قوة و امین و مطاع و مکین ہین وہ
کیوں مرشد خواص و عوام جہان نہو ہین
ذکر خدا و وصف محمد کے ساتھ ساتھ
ہین خود حقیر انکے محقر جہان مین

محبوب کبریا کی ہین استاد جبرئیل
ہین وصف وسوسہ سی آزاد جبرئیل
لاتی ہین ذات پاک کا ارشاد جبرئیل
آتی ہین میرے دلکو بہت یاد جبرئیل
رکھتی ہین عز و شان خداداد جبرئیل

جنت مین یا الہی دکھانا فقیر کو
جب ہوں وہان مسبح و حماد جبرئیل

یاد آتی ہین مدینے کی وہ ایام وصال
کیوں نہ مرجائین الم سے عاشقان ہجر سبز
ممتزج ہے جسمین وہ کافور خوشبوی رسول
ہر زلیخا وش کو ہر مجنون وشش کو ہی ہان
شوق احمد مین ہوں بیچین بے آرام مین
یا خدا پھر ہو نصیب ان جالیوں سے جھانکنا
ہند پر ذلت مین اکر کیا ہوا ہو ہمنشین قلیل
گر شب وصل مدینہ مشکبو کا آئی ذکر
اغنیائی منہمک مین وقت ابہام فجور
وصل دنیا پر فنا مین جو کہ دنیا مین شقی

دم کے دم مین کیا ہوا افسوس ایام وصال
قعر ہجران مین گرائی جنکو وہ بام وصال
کاش ملجائی مدینے کا کوئی جام وصال
یوسف و لیلی صفت ہر صبح و ہر شام وصال
ہو مرا یا رب مدینے مین بہ احرام وصال
اور چھوڑی صید نظارہ کو پھر دام وصال
پھر عطا فرمائی ذو الاکرام انعام وصال
کیا عجب بیچی زلف حور سے لام وصال
اونکی گوش دلمین کب ہوتا ہے الہام وصال
موت ہے اونکے لیے بیشک وہ ہمنام وصال

شہر سمیر مین ہوئی یا خدا اس دن فقیر
موت کا پیغام جب لائی پیغام وصال

خاکِ مدینہ ہی وہ عجب کیمیائی دل — لاکہون نفاق و کفر سی مومن بنائی دل

مسجد کی خاک مین ہین مل کیونکی نہ ہوئی دل — نقشِ حصیر جسکا ہی زنجیرِ پائی دل

مکشوف ہین وہ روزنِ در جسکی نور سی — کرتی ہین اک نظر مین جو کشفِ غطائی دل

جاری ہین تا بکی چشمِ فراقِ مدینہ مین — کیا پوچہتا ہی اور کوئی ماجرائی دل

دل جسکا قلب روضۂ انور سی جا لگی — پہر کیونکی وہ یہان کسی سی لگائی دل

نا آشنائی دل ہوئی اون جالیون سی وہ — جنکی نگاہِ ناز ہی خود آشنائی دل

جب پوچہتی ہین ہمکو کب آئی مدینہ سی — کیونکر نہ رو مین دل سی پہر کیون نہ آئی دل

آرام پا چکا جو مدینی مین ایکبار — پہر کسطرح جہان مین آرام پائی دل

جو سیم و زر کی غم مین نہین جا وہ سطرف — سینی مین وہ نکی دل نہین پہر جہائی دل

جب ہی نماز مسجدِ احمد مین کی ادا — رقت مین ہی کچہہ اور ہی آن و ادائی دل

ہو تو گدائی روضۂ سلطانِ انبیا
ہی ای فقیر وہانکی فقیری غنائی دل

اک دل ہی اور ہزار ہجوم ہوائی دل — کیا سخت امتحان ہی ہم مبتلائی دل

پہوچا ہی گر یہان عجم سنت خدائی دل — کب فرق ہی سی جو سما مین سمائی دل

تو دلسی پوچہہ تجہسی خدا خوش ہی یا نہین — حاصل رضا جو ہی اگر ہی رضائی دل

جان و تصدق پہ فدا ہو کہ ہی اوسمین جان جان — قربان دل گہر یہ [illegible] سمائی دل

دیکہین تو عشقِ یار وہان جہک [illegible] شباک — اہل نگاہِ ناز سی پہر لگائی دل

پہر کیا ہی آفتابِ قیامت کا دغدغہ — عشقِ نبی کی داغ اگر کہا ہی جائی دل

وہان کاش ہو قبول مساکینِ عشق سی — پہر تا کچہہ نہین کہتی سوائی دل

دامانِ مصطفیٰ کو نچھوڑے گنہگار / پہنچے وہان تلک جو پئے دیدار سا دل
ہوتا ہے سوزِ عشقِ محمد سے دل (روشن) سپہر / جو دل جلائے اوسکو لیے ہے جلائے دل
یارب یہ آب و گل مرے پہر بیقرار ہین ؛ / پہر ہو رہین آب شاک شتہ دوائے دل

کیا حال ہے فقیر ترا کس لیے عشق ہین
یا اشکِ چشم زار مین نالہائے دل ہ

جلوہ تحریکِ حق ہین حرکاتِ رسول / موردِ تسکین خاص ہین سکناتِ رسول
کیا ہی حلاوت کی شے ہین کلماتِ رسول / دل کی مرض کے دوا ہے ثناتِ رسول
ایک کے وہ چند ہین بہتِ عاصی کو بہی ؛ ؛ / کب منا ہی ہو مین پہر حسناتِ رسول
اور کلام ایک ہے جسکے زبان پہ نا ہی / بس ہے کلامِ خدا اور کلماتِ رسول
دیدۂ اصحاب دتیرہ ہے تو بعدِ دفن / آج کو کیا کہتی ہو بعدِ وفاتِ رسول
اپنی عمل کے لیے کاش ہو پیش نظر / صوم و صلوۃِ رسول حج و زکاتِ رسول
پہر بہی دکہا یا خدا قبلۂ احمد مجھے / پہر وہ منائے رسول پہر عرفاتِ رسول
جا کے مدینے مین پہر والنبی آمو کہیے / وردِ زبان رات دن ہو صلواتِ رسول
میوہ فردوس وہان بس ہی بنا مینگے / نخل شریعت کے ہین جو ثمراتِ رسول
وسعتِ جنت مین کاش جا کہین ہم کہ ان / ہمکو مبارک ہون آج یہ برکاتِ رسول

خوب ہے دیوان ترا کیونکہ فقیر اسمین ہے
خوبیٔ ذاتِ رسول وصفِ صفاتِ رسول

ہو گئی پہر مفارقت ہائے مدینۂ رسول / کیون نہ کہے ہو صلت ہائے مدینۂ رسول
اور یہی توبہ کرتی ہم پیشِ رسولِ محترم / مانگتی حق سی مغفرت ہائے مدینۂ رسول

آج یہ خستہ جان کہان ہے وصفِ آستان کہان — کیا ہوا کنجِ عافیت ہائے مدینۂ رسول

آج کہان رخ گہر دیدۂ دل ہے خیرہ تر — آج کہان معاینت ہائے مدینۂ رسول

ہو کی جدا نگاہِ شوق دیکہہ رہے ہین تحت و فوق — کیون نہ رہے مشاہدت ہائے مدینۂ رسول

پہر بہی ہو کاش متصل چشم چراغ اہل دل — معدنِ نورِ معرفت ہائے مدینۂ رسول

خاک جہان ہے عیش پر شاہی تختِ جمشید پر — دیکہہ لے تیری مسکنت ہائے مدینۂ رسول

جیسے بہت فقیر وہان رہتی ہین تجہہ مین شاد ہائے — مین بہی ہون اک گدا صفت ہائے مدینۂ رسول

تو ہی مقامِ طیبات مین ہین ہم اسیر سیئات — مجہسے کہان مناسبت ہائے مدینۂ رسول

وہان سے نکلتی ہی مر گویا کہ جان نکل گئی — کیون نہ ہے مداخلت ہائے مدینۂ رسول

دیکہیے پہر بہی ہو نصیب مجکو زیارتِ حبیب — پہر بہی ہو اتنی مقاربت ہائے مدینۂ رسول

عرض سلام صبح و شام کرتی تہی ہم بتن و جان — کیون نہ رہی مواظبت ہائے مدینۂ رسول

مین تو بہت ہی کم رہا گویا کہ ایکدم رہا — کیون نہ ہی ملازمت ہائے مدینۂ رسول

مجکو وہان سے لائی کیون چہوڑ کے وہان تاب کی — سکی یہ میسر کے معذرت ہائے مدینۂ رسول

مجکو وطن مین آنیکے دیتی نہین کیون مبارکی — چاہیے لفظِ تعزیت ہائے مدینۂ رسول

پہر وہی راہِ ملکِ ہند حالِ تباہِ ملکِ ہند — پہر وہی شغلِ معصیت ہائے مدینۂ رسول

پہر وہی ہند کا دیار اور فقیر دل فگار — پہر وہی کوچہ بنت ہائے مدینۂ رسول

یک بیک آہ کیا ہوا ہائے مدینۂ رسول — وصل تہا یا کہ خواب تہا ہائے مدینۂ رسول

دل سے جو پوچہتا ہون مین ہجر و ملال کا سبب — آتی ہے لب پہ یہ صدا ہائے مدینۂ رسول

زندگی ہو تو ہو وہان موت بہی ہو تو ہو وہان — وہان کی فنا ہی ہے بقا ہائے مدینۂ رسول

اور تو سیر داستان و پہلی کیا تجھے — مہتاب آتی ہی صبا ہای مدینہ رسول

دیکھتی ہی یہ چشم دل راہ جنان مدینہ مین — دیکھکے نورِ مصطفے ہای مدینہ رسول

ہجرِ مدینہ اور ہم جیتی ہین مرکہان بہی — جینی سی آتی ہی حیا ہای مدینہ رسول

جبکہ وہانسی ہم چلی پہرکے ہی دیکھتی رہے — دیکھتی ہی کہ چہپ گیا ہای مدینہ رسول

روزِ وداع کیا کہون ایسا ہے دکہہ ہا تہا دل — سانس کے ساتہہ لب تک تہا ہای مدینہ رسول

کسکو سناتی حالِ غم چلکے مدینہ سی ہم — جس سے سنا یہی سنا ہای مدینہ رسول

پوچہا اگر رفیق نے حالِ رفیق روزِ ہجر — جسنے کہا یہی کہا ہای مدینہ رسول

ہند مین کیونکی خوش رہی یہ فقیر خستہ دل
تجہسے تو اوسکا دل لگا ہای مدینہ رسول

ہات نا ہی کب تلک جاہی مدینہ رسول — ڈہونڈہی تو کیون نہ بیقرار ہاے مدینہ رسول

خواب مین بہر خدا آئی مدینہ رسول — اور لب دل سی چوم لون پای مدینہ رسول

ہوکی مدینہ سی جدا رہ گئی بیقرار دل — کہتی ہی رہگئی کہ ہای ہای مدینہ رسول

دیکھہ چکی ہین جو اوسکی عین ہے اونکی دلکو چین ہے — جنکا خیال سامنے لای مدینہ رسول

روزِ مدینہ عارضِ ہوشِ معرفت ہے اور — زلف ہے اوسکی لیل مشک سا ہی مدینہ رسول

دیکھی جو اوسکو اہلِ دل ہائے کب اوسکو چہار — صاحبِ دل کو سقد بہای مدینہ رسول

محض خطا و شر ہے آج حبِ وطن کے دلکو رائے — محض صواب خیر ہے رای مدینہ رسول

ہند مین مرنے جا مومنین کہتی ہی کہتی یا خدا — ہای مدینہ رسول ہای مدینہ رسول

عاشقِ صادق ای فقیر تو ہی تو چل ابہی ودہر
کیا کہین ہان تیرے لیے آئی مدینہ رسول

جنکی وہ باغ مین بسی بو ہی مدینۂ رسول
اونکو ہی جنت نعیم کوی مدینۂ رسول

کونسی وہ ان کہین گئے یون کر کے وداع مجکو یار
حفظ خدا مین جائی تو سوی مدینۂ رسول

دلکو ہی آرزو کمال سی ہی یہ ہمدم سول
مجکو دکہائی ذوالجلال روئے مدینۂ رسول

سو خستگان معصیت ہوگئے ہین وہ سب تندرست
آتی ہی کس بہشت سے جو ہی مدینۂ رسول

ہوش و خرد بجا نہین کیون نسوی مدینہ آ فقیر
آئی اگر مدینہ سی بوئی مدینۂ رسول

کوئی بتا دی ہی کدہر راہ مدینۂ رسول
دیکہہ لو مین جو وہ روضۂ شاہ مدینۂ رسول

صورت بلکہ سر بسر آنکہ سے رہتی سی ہوا
ساری جہان سی بیشتر جاہ مدینۂ رسول

نور سی جسکی نکلی یہ ماہ فلک ہوا نمود
دیکہی کیسا کچہہ ہے وہ ماہ مدینۂ رسول

لاکہون ہی انکی مردہ دل ہو گئی زندہ دل وہان
آب بقا کی بحر مین چاہ مدینۂ رسول

نکلون وطن سی مین ہیہے یون نکلی ہی یہ لسی جسطرح
آہ مدینۂ رسول آہ مدینۂ رسول

طیبہ کا دانہ دانہ ہی خرمن نور معرفت
قدر مین کوہ طور ہی کاہ مدینۂ رسول

دیکہی کیا ہو میرا حال مجہہ سی کہین جب رفیق
دیکہہ فقیر روضۂ شاہ مدینۂ رسول

دی مجہی سقدر خدا شوق مدینۂ رسول
ہو گئی غم وطن کے جا شوق مدینۂ رسول

جادۂ راہ طیبہ کے ہو مین لکیر نقش پا
گر ہو نصیب اغنیا شوق مدینۂ رسول

کون ہی ایسا وہ شقی جسکو ہوا نہین ہی شوق
اور کسی کو نہو ہیگا شوق مدینۂ رسول

کعبی کا شوق دلکو ہی محض خدا کی واسطے
صرف ہے بہر مصطفی شوق مدینۂ رسول

حاجت سنت رفیق اسکو ہو کس لیے کبہی
جسکا رفیق بن گیا شوق مدینۂ رسول

آتا ہی دور سی نظر شہر نبی تو کسقدر	ہوتا ہی باعث بکا شوق مدینہ رسول

رب مجھی ساکن عرب کا تو بنائی ای فقیر
رہنا بھلائی بندکا شوق مدینہ رسول

ردیف المیم

خداوندا طفیل روح حسان (رضی اللہ عنہ) ابو القاسم
رہوں میں عمر بھر مدح و ثنا خوان ابو القاسم

گرامی ہیں جو مہمان خاکساران ابو القاسم
مجال بوالہوس کیا یوں ہو مہمان ابو القاسم

خدا ہی وتر اور وصف یحب الوتر کا مصداق
محمد نام اور کنیت دو لفظان (ابو القاسم ہی) ابو القاسم

رہیگی شمع ایمان روشن اوس کا شانۂ دل میں
نصیبوں میں ہی جسکی حفظ دامان ابو القاسم

ہمیں دارین میں رنج و الم سی رستگاری ہو
اگر مل جائی یہاں ملجای رندان ابو القاسم

ذری جنبش نہوئی کفۂ شان محمد کو
اگر بن جائی عالم سنگ میزان ابو القاسم

الہی بہر روح پر فتوح سید الکونین
الہی بہر عز و جاہ شایان ابو القاسم

الٰہی بہر اعجاز جناب بر رقم قرآن ۱۳۲ طفیل امر و نہی خیر فرمان ابوالقاسم

طفیل حضرت جبریل مرسل جو شبانہ روز
خدا کی پاس سی لاتی تھے قرآن ابوالقاسم

طفیل رتبۂ صدیق وبہر شان فاروق
امین سلطنت ہین جو وزیران ابوالقاسم

طفیل جامع قرآن و باب علم خیر الخلق
کہ جان و مال سی تھی جو کہ قربان ابوالقاسم

طفیل جملہ اصحاب رسول اللہ یا اللہ
طفیل اہلبیت پاک و ذیشان ابوالقاسم

مجھے عشق رسول اللہ اتنا کچھہ عنایت ہو
کہ مجھپر رشک لیجائین محبان ابوالقاسم

بلائی جان ہو مجھپر امر منہئ رسول اللہ
سرور دل ہو میرا طوع فرمان ابوالقاسم

الٰہی یون مدینہ زندگی تک ہو وطن میرا
کہ مجکو پہر ہوئے داغ ہجران ابوالقاسم

وہین رہ رہ کی مر جاؤن بقیع پاک مدفن ہو
رہون وہان خاک مین بھی زیر ایوان ابوالقاسم

قبول عرض حاجت سی ہو دارین مین محروم
فقیر خستہ یا اللہ رحمان ابوالقاسم

الٰہی دل ہو اور شوق وصال سرور عالم	ہمیشہ چشم ہو گی زار و نال سرور عالم

اگر ہے عشق حق مشغول حال سرور عالم
تو یہ امت ہے بدل اشتمال سرور عالم

ہمیشہ ہم سے محتاجونکی راحت کیلئے کیا کچھ
رہا اللہ سے عرض و سوال سرور عالم

ہوا ہے منبر برگ شجر میں سب کف افسوس
کہ ہم بھی کاش ہوتی پائمال سرور عالم

عجب کیا تہنیت سے شاد ہوں جن جسم کی
مدینے میں جو ہیں کوہ و جبال سرور عالم

تجھے ہو پادشاہی کی تمنا ہو تاج کیخسرو
میسر جنکو ہے صف نعال سرور عالم

دل کونین کی اقلیم پر جسکی حکومت ہے
وہ ظل اللہ ہے نور جمال سرور عالم

کسی کامل سے پوچھا چاہیئے اس رمز کو کیا کچھ
خدا کی بعد ہیں فضل و کمال سرور عالم

جمال کبریا کا سایہ کہتے ہیں اولوالابصار
جو ہے دارین میں جاہ و جلال سرور عالم

نہ رہتی تھی عدو محروم نعمت دوست کیا رہتے
یہ رہا اللہ سے جود و نوال سرور عالم

ہمیشہ منتظر رحمان دل رہتا ہے اپنی بندوں کی
کہ نور افشاں ہوا جنمیں خیال سرور عالم

الہی دین و دنیا میں مشکل عرض لازم ہو
مری جو ہر میں طوع و امتثال سرور عالم

قمر خستہ دل بھی تو ہو راضی یا الہی اور
وہ شاہ عالم و اصحاب و آل سرور عالم

جنکا مدینہ ہے مقام اونپہ درود اور سلام
اونپہ درود اور سلام اونپہ درود اور سلام

کیا ہی مزی کا ہی وہ نام اونپہ درود اور سلام
میری طرف سے ہو مدام اونپہ درود اور سلام

روضۂ مصطفے پہ کاش میری زباں سے عرض ہو
لیل و نہار و صبح و شام اونپہ درود اور سلام

ہے یہی دلکی آرزو عمر ہے میری جسقدر
کٹتے ہے کہتے ہو تمام اونپہ درود اور سلام

اول و آخرِ سخن کم ہے درود اگرچہ ہو
چاہیے ہوئی ہر کلام اونپہ درود اور سلام

کیا ہی بخیل ہین وہ جو پڑہتے نہین درود کو
لے جو کوئی نبی کا نام اونپہ درود اور سلام

کام کے بات ہی تو یہ کچہ نہ کسو سی کام ہو
بہیجنے سے ہو اپنا کام اونپہ درود اور سلام

خالقِ کل سے لیکے تا حور و فرشتہ انس و جن
کہتی ہین ساری خاص و عام اونپہ درود اور سلام

سینہ بہی غمسی چہن گیا دیکہی کب نصیب ہو
روضہ کی جالیونکو تہام اونپہ درود اور سلام

حالتِ ہوش مین درود ہوش مجہی نہ لینی دے
بلکہ بحالتِ منام اونپہ درود اور سلام
خواب ہا

ایک مری سلام کیا عرض ہین اونکی جناب مینہ
کہتی ہین سب علی الدوام اونپہ درود اور سلام

ساکنِ برجِ سبز پہ بہیجتی ہین درود سب
کہتی ہین حور فی الخیام اونپہ درود اور سلام

کیا ہو کہ مین بہی جا بلون اونمین جہ راتدن وہان

کہتی ہین کرکے ازدحام اونپہ درود اور سلام

باد صبا جو جای تو روضۂ مصطفے کے پاس

میرا بہی عرض کر پیام اونپہ درود اور سلام

کہئے درود اور سلام یہہ ہی تو کہہ تو ای فقیر

جو ہین صحابۂ کرام اونپہ درود اور سلام

جان خدای سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم

صلی اللہ علیہ وسلم صلی اللہ علیہ وسلم

رحمت حق نازل ہے ہمپر جیتی ہین ہم اُنکی طفیلے

وردِ زبان جو رکہتی ہین ہم صلی اللہ علیہ وسلم

ذاتِ محمد سی ہی قرین ایسی رحمت رب عجیبی

نامِ محمد سے ہے ہمدم صلی اللہ علیہ وسلم

جو ہین مکرم اونسی وہ اکرم جو ہین معظم اونسی وہ اعظم

خیر دو عالم فخر آدم صلی اللہ علیہ وسلم

وہ ہین اہل فوادِ صادق دیکہہ چکی آیات کبری

ستر ما اوحی کی محرم صلی اللہ علیہ وسلم

جب آئی اللہ کی رحمت دور ہوئی دلسی ہر زحمت

کیونکی ہووی دافعِ ہم غم صلی اللہ علیہ وسلم

ایک وہ ودا وسیر دوس رحمت کیا انعام الہی ہی یہ

وردِ زبان ہو جا ہیی ہردم صلی اللہ علیہ وسلم

رنج و الم کے لاکھوں لشکر ہو جاتی ہیں سر ٹکرا کر
کیا ہی بنا ہے حصن محکم صلی اللہ علیہ وسلم

دل تک تا نہیں جا سکتا زخم گناہ ہونگی بھی جن ہیں
اور زخموں کا یہ ہے مرہم صلی اللہ علیہ وسلم

روی مقدس پہ خط زیبا معنی قرآنکی صورت ہے
چہرہ ہے قرآن مترجم صلی اللہ علیہ وسلم

کیونکی ہو تعظیم محمد کیونکے نہو تکریم محمد
سب سے وہ اتقی سب سے وہ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم

صدہا سال آ فی سی پہلی اگئی یہان احمد کی بشارت
ہین وہ مبشر ابن مریم صلی اللہ علیہ وسلم

تابع احمد ہی جو انسان وہ ہی سلامت دو نو جہان مین
راہ نما ہی طریق اسلم صلی اللہ علیہ وسلم

ساری شجر موسم کے ہین پر نخل درود ایسا ہے ہمیشہ
مثمر رہتا ہے ہر موسم صلی اللہ علیہ وسلم

صلی اللہ علیہ وسلم شغل فقیر اپنا کافی ہے
ورد سے افخم حرب ہے اعظم صلی اللہ علیہ وسلم

گلاب باشی فوارۂ قلم برتبہ زدگان غم در ذکر مدح آب زمزم

نہ ہوئی کسطرح یہان غیرت آب بقا زمزم

حیاتِ جاودانی کا سبب وہان ہوئیگا زمزم

بنادی یا خدا ایسا مری دل کے غذا زمزم

کہ اکل و شرب مین سیر رہے باقی مزا زمزم

رسول اللہ فرماتی ہین حاصل ہے وہی مطلب

کہ پینے جس تمنا کے لیئے یہان پی لیا زمزم

الٰہی شکر ہے وہان حسب ارشاد رسول اللہ

شکم مین ہمنی کو کہین ٹہان ٹہان اپنی بہرا زمزم

نآیا یاد ہمسکو اور پانی رہ گی گلے مین

ہمین تو گرم بہی اور سرد بہی وہ منہ لگا زمزم

اوڑائی اسکا پینا کیون نہ دل سے پیاس محشر مین

کہ عالم مین پرِ جبریل سے جاری ہوا زمزم

طفیل امِ اسمعیل و اسمعیل عالی شان (ہاجرہ ۱۲ — علیہ السلام ۱۲)

جہانمین تشنہ کامانِ محبت کو ملا زمزم

تبرک تہا ہمیشہ بارک اللہ اور بہی افزون

تبرک بن گیا بیشک طفیلِ مصطفے زمزم

کیونکر تشنہ لب ہو دل ہمارا اوسکے رغبت مین

پیا کرتے تہے کس رغبت سی محبوبِ خدا زمزم

ہمیشہ یاد آتی ہے مجہے وہ پیاس روزی کی (یعنی وہان کے رمضان مین ۱۲)

صراحی مین وہ ٹہنڈا سامنی رکہا ہوا زمزم

عجب ہے زمزمۂ اہلِ زیارت کا حرم مین تہا
(گروہ حجاج ۱۲)
مہیا روزہ دارونکی لیے تہا جا بجا زمزم

وہ خرما لقمۂ حاجی تہی کیا خوب اپنی افطاری
اور اوپر وہ مزی لی لی کی پینا خوش مزا زمزم

ذرا زمزم کے قسمت دیکہنا معراج کی شبکو
رسول اللہ کا دل دہونی کو لایا گیا زمزم

نمونہ سلسبیلِ خلد کا عالم مین گویا ہے
سبیلون پر حرم مین جا بجا رکہا ہوا زمزم

ہمیشہ زمزمہ پیرا سے بزمِ خلد ہوینگے
جنہون نی مجمعِ حجاج مین جا کر پیا زمزم

مشرف ذکر سی کیونکر ہوا آہن بہی قرآن مین
(یعنی وانزلنا الحدید الآیۃ ۱۲)
اسیکے زمزمے سی ہی یہ عالم مین سا زمزم
(یعنی آہن کے ۱۲)

ہوی جو سنگدل ہہان پانی پانی اوسکی ہیبت سی
بڑہا ئی کیون نہ اونکی حق مین تاثیرِ دعا زمزم

مسکّن مثلِ کوثر ہے بیابانِ قیامت مین ؛
حرم مین تشنگانِ حجِ بیت اللہ کا زمزم

ہوا یہ رحمۃ للعالمین کا جب سی مستعمل
(صلعم ۱۲)
ہوا اکسیر کے صورت تپِ دل کی دوا زمزم ؛

بہت کم دیکہتا ہون اب تو دلمین حبِّ دنیا کو

ہوا میسر لیے بیماری دل کی شفا زمزم

پیالہ ہے فقیر تشنہ لب کا یہ دعا کی ہاتھ

خدا یا پھر پلا زمزم پلا زمزم پلا زمزم

ردیف النون غزل فارسی

بودم بہجر دوست قرین با گریستن — اکنون شد از سرور لقا ہا گریستن

یارب بعشق یوسف ما در نصیب ما — ماند مدام مثل زلیخا گریستن

چشم و دلم بشوق محمد معاونند — زان ہر زمان مرست مہیا گریستن

تسکین بگریہای دو چشمم نبودہ کاش — چشمے شوم ہمہ زپئی وا گریستن

بر روضہ رسول چہ لذت فزای ماست — در روز ہا و در دل شبہا گریستن

چشمم شباک مرقد انور چرا نشد — زین حسرتم سزاست چو دریا گریستن

بس نالہا بسینہ خود کردہ ام اسیر — زیبد مرا بکوہ و بصحرا گریستن

بر عاصیان چو باغ جنان گل کند چہ دور — از درد بر ضریح معلا گریستن

کردم چو ضبط جوش بجا از پئی ادب — گردیدہ در گلو گرہ اسا گریستن

چشم من و بعشق محمد سرشک بار — مجنون و در بعشق لیلا گریستن

باشی فقیر عاشق احمد بجملہ حال

خندیدنت نصیب بود با گریستن

رہی ہر دم نگاہ شوق یوں آوش روضن ذرین

کہ جیسی رشتۂ ہر موج اتا جی قصر گوہر من

ہوا دوران سرون ہجر دور برج اخضر میں
کہ برجا ماندہ مثل برج ہون اور سر ہے چکر میں

حمیدہ ہیش حق ہین فی مدارج قرب داور میں
یہ رمز اولین محراب میں ثانی ہے منبر میں
مسجد نبوی ۱۲

عجب کیا دیکھہ لون جس خواب مین روی محمد کو
مرا سونا وہ مثل زر تلے میزان محشر میں
یعنے خفتن ۱۲

بشکل ہمزہ وصل اپنی ہوش و عقل ساقط تہی
ہم اوس ما قبل سے جب متصل تہے شہر انور میں
یعنے رسول اللہ ۱۲

جو عشق صاحب کوثر مین گریان ہین عجب کیا ہے
اون انکھون کا ہی عاشق ہوئی قطرہ قطرہ کوثر میں

ہمیشہ رنگ چاندی کا سیہ رہتا ہی غیرت سے
کہ جرم اسکا نہین مصروف کیون اوس حلقہ در میں
ذات ۱۲ — روضہ منورہ

وہ کیسا دلربائی دلربایان حسن احمد ہے
جہان رہتا نہین ہرگز کسو دلبر کا دل بر میں
معشوق ۱۲

نہوی کسطرح جوی احد کی رشک زلف حور
کبھی ہی باربار اوس سایہ زلف معطر میں
کوہ مدینہ منورہ ۱۲

بنا خال رخ شب آفتاب کفر ہر کافر
چمکتی تہی بدر میں ایسی ہلال تیغ سرور میں
جنگ بدر ۱۲

کف دست رسول اللہ کے دور یمین نگین ہے

نمایان اس لیی رہتی ہی زردی چہرۂ زر مین
بجا ہے اسمین شک نہین قرآن ہے وہ چہرہ پرنور
عیان ہین صاد و نون او سن چشم و ابروے پیمبر مین
بحق لیلۃ الاسراء لام زلف کہتا ہے
یہ ہو منین لام تاکید آپکے زلف معنبر مین
نہو کیون سنگدل عشقِ رسول اللہ مین پانی
کہ جسکے سوز سی جای آنسو چشم خنجر مین

فقیر اپنے سخن سے چٹکیان لیتا ہے دلمین تو
ترا ہر شعر ناخن زن ہے قلب ہر سخنور مین

بجا حیرت آئی کہ ہو کیونکر آسمان پہ زمین ۔ تو دیکھو روضۂ پیغمبر آسمان پہ زمین
فلک ہے ناظرِ انوار ہو منین اسطورشہ ۔ کہ جیسی دیکھتی ہے اختر آسمان پہ زمین
ہجومِ عرضِ صلوۃِ نبی سی لیل و نہار ۔ او چھالتی ہے عجب جوہر آسمان پہ زمین
زمین شعر مضامین مدحِ عالی سے ۔ اوٹھا رہی ہے یہ گویا سر آسمان پہ زمین
بقیع پاک کے مدفون اگر بہشت مین ہین ۔ تو ہے مدینہ مین وہ منتصر آسمان پہ زمین
مدینہ آپ ہی سے فردوس یا وہ رفعت سے ۔ بنائی بیٹھے ہے اپنا گھر آسمان پہ زمین
کہان ہے پھر فلکِ پیر چومتا سرِ برج ۔ ہوتی مسجدِ احمد گر آسمان پہ زمین
عذابِ آپ کی تو کیون بیان رو رہے ہر دم ۔ دعا کی بھیجتے ہے لشکر آسمان پہ زمین
ریاضِ خلد سے روضہ وہ بالیقین ہے تو ہے ۔ زمین بہت ہے تا بسر آسمان پہ زمین
مدینہ پر ہے جو ہر دم نگاہِ رحمتِ خاص ۔ تو کس نظر کی ہوی منظر آسمان پہ زمین

یہ پھر خاک ہی مین جائی کیونکی فقیر
مجال کیا کہ رہی چل کر آسمان زمین

جو آشنا بحار غم مصطفی کی ہین — کب آشنا یہان وہ کسی آشنا کی ہین
ملفوظ اونکے راہنما دوسرا کے ہین — کیا معتبر رسول رسول خدا کی ہین
ہو کر جدا مدینہ سی یہان کس لیے جیے — شرمندہ جیمین ہم تو بہت اُسکی ہین
ای حضرت مدینہ ہوئی تیرہ چشم دل — کیون مجھی آپ چھپ گئے جلوہ دکھا کے ہین
جائی مدینہ تک مری آہ کسطرح — ٹوٹی ہوئی جو پا تو ہی اس نالہ رسا کے ہین
ہین زلف دود شمع مدینہ کی خود اسیر — رکھتی یہان اسیر جو زلف دوتا کے ہین
مشکل حدیث رحمت عالم کو کیا کہون — گویا کہ آپ بول رہی شکر اکے ہین
نعت رسول ہین مری دیوان کی ورق — امراض دل کے واسطی نسخی شفا کی ہین

تو بھی مدینہ تک جو رسا ہو گیا فقیر
رہتی تری نصیب ہین کس نارسا کے ہین

کچھ بھی مدح نبی کر سکی شمار زبان — تو منہ مین چھپ گئے یون ہو گئی شرمسار زبان
رہیگی نعت مین جامہ کے خامہ کا زبان — بنائی دو سی یہ گواہی دو ہزار زبان
حدیث عشق محمد کا ضبط مشکل ہے — یہان ہی غیر ثقہ اور بیقرار زبان
مجھے مدینہ کا پانی جو یاد آتا ہی — تو پھیرتا ہو مین ہونٹون پہ بار بار زبان
جو پوچھتا ہی مری ہی کا حال مجھ سی کوئی — جواب دیتی ہی کو مٹتی ہی چشم زار زبان
وہ مشکل گو ہر دیوار جب سے دیکھی ہے — ہمیشہ دُرِّ ثنا کرتی ہی نثار زبان
عجب سے نام محمد مری کا نام ہی واہ — کہ جسکو لیتی ہی لذت سے بار بار زبان

جو دلپہ گذری ہی ہین اب تب حیرت ہے
اگر کسی باہمین کری وسکو اظہار زبان

نہوسکی عربی و عجم مین جو ملفوظ
تو لفظ فرق پہ کیا کری اختیار زبان

وہ خود حبیب ہین رب بات ونکی ہی محبوب
نکیون حدیث محمد سی ہو پیار زبان

قصیر اونکی طفیلی تری زبان ہے فصیح
کہ جنکی ہی عربی سب کے افتخار زبان

بس رہی ہی یا اللہ کسکے بو مدینی مین
بوی خلد آتی ہی چار سو مدینی مین

بیحساب جنت مین جا چکی تہی ہم گویا
دیکہتی تہی جب کوئی آرزو مدینی مین

رہ بسے در ہوا ونکو جنتین ہین دو مین
جو کبہو مین نکلی ہین اور کبہو مدینی مین

آج گفتگو باقی رہگئی زبان پر ہائے
کرتی تہی کبہی باہم گفتگو مدینی مین

زرد روتی ہیبت سے کیا ہی محو حیرت تہے
جبکہ ہم ہوئی حاضر روبرو مدینی مین

رشک تہا زبان کو یہ مین زبان بنون اسکی
بی زبان جب تہے کہا سر بسجو مدینی مین

نغمہ جنان گویا سن چکی ہین ہم تو
ہی وہ ساز خوش آہنگ ہر گلو مدینی مین

کیا عجب گنا ہونگا اونسی ہو قلم مرفوع
پہرتی ہین جو مجنون وار کوبکو مدینی مین

عمر رفتہ آتی ہی گویا اوسکی پینی سی
کس جگہہ سی آتا ہے آب جو مدینی مین

مسکن محمد ہے جا ہے روح و قرآن ہے
منع ہی ہمین پہر آب وضو مدینی مین

وصل مین ہوا جب ہان صبح کا گریبان چاک
تب ہوا دل صد چاک کو رفو مدینی مین

ڈہونڈتی تہی یہان جسکو اوسکو جب پایا
کرتی تہی ہمین اپنی جستجو مدینی مین

گویا خازن جنت فادخلو سناتا تہا
جب کہا مزور نی ادخلو مدینی مین

مدفن بقیع ایدل خلد عالیہ ہے وہ
جسکا جسم خاکی اور وہ علو مدینی مین

جان و جسم و دل کو تب اے **فقیر** ہو تسکین
دل میں ہو مدینہ اور ہوئی تو مدینے میں

واللہ کچھ ایسا تھا دل شاد مدینے میں
ہر رنج و الم سے تھی آزاد مدینے میں

یہاں چین نہیں دیتی دم بھر ہمیں جو شغل
بھولی سے نہ آتی تھی وہ یاد مدینے میں

آبادی جنت کا سر لیے سامان ہو
ہو خاک مری یارب برباد مدینے میں

رگہای فلاطون سے نکلے وہیں خون کفر
اک خار ہو گر اوسکا فصاد مدینے میں

ہر شمع وہانکی ہے ابدال صفت گویا
مسجد کے ستون مثل اوتاد مدینے میں

جو مد نظر تھا وہ دکھلا ہی دیا مجکو (مراد از اولیا ۱۲)
کیا لیگئے مولی کے امداد مدینے میں (گیا) (مراد از اولیا کہ قیام زمین)

ملنے کے زمین کو بھی کیا حزن ہوا ہوگا
جب آپ ہوئی ہونگی آباد مدینے میں

یہ نقد حیات اپنا ہو صرف وہان ایکاش
رہ رہ کے محمد کا منقاد مدینے میں

دل دونوں جہانکی ہیں مرغان اسیر اوسکے
ہیں جالیاں وہ دام صیاد مدینے میں

شیرین پہ وہ کیوں مرتا گر چشمہ شیرین سے
پانی کہیں پی لیتا فرہاد مدینے میں

ہر قامت زیبا سے آزاد کیا دل کو
کیا نخل ہیں صد رشک شمشاد مدینے میں

کیونکر نہو مغز جان اوس کی طرح بیخود
صد غیرت عذرا تھی ہر باد مدینے میں (خرما ۱۲)

ہیں مسجد احمد میں افتادہ رہوں اکثر
ہر دم رہوں علی کا سجاد مدینے میں (ہوا)

گھر میرا مدینہ ہو اور کچھ نہو روز و شب
جز صلی علی محمد اوراد مدینے میں (وظیفہ ۱۲)

کیا لطف دعا کا تھا جب پیش رسول اللہ ﷺ
تھے حق سے **فقیر** اپنے فریاد مدینے میں

ہم اپنی سینہ میں شکل مدینہ دیکھ لیتی ہیں
تو سینی میں دو داغ درد سینہ دیکھ لیتی ہیں

جو ہو سنگ مدینہ دیکھتی رہجا مین سب مشتاق
یہ صورت دیکھتی ہی کو انگینہ دیکھہ لیتی ہین

وہ نور اللہ ہی اہل مدینہ کی فراست مین
دل اہل صفا و اہل کینہ دیکھہ لیتی ہین

لنا رعافیت پر ہوتی ہین گویا جبھی عشاق
روان دریا مین جب اپنا سفینہ دیکھہ لیتی ہین

نگاہ شوق کیونکر جاسکی اوس پاک مسند تک
کہ آخر سب غلام اپنا قرینہ دیکھہ لیتی ہین

حسینونکو مدینی کی زمین ہے فرش استبرق
وہ گو ہر اطلس و ابریشمینہ دیکھہ لیتی ہین

یہ کسکا درد ہے دل مین **فقیر** خستہ دل کہدو
جو ہر دم ہات رکھکر آپ سینہ دیکھہ لیتی ہین

اب وہ کہان ہے ہای ہی تہا جو اثر مدینہ مین
کیا ہی علاج دل رہا دیدہ تر مدینہ مین

دور گئی نگاہ دل دیکھکے اوسکی شکل کو
محو جمال کسکے ہے چشم گہر مدینہ مین

دل تہا وہ بیقرار دید بس نچلا کسطرح
پہلو سی آگے خود ہون دیدہ بسر مدینہ مین

گویا کہ باندہتا رہا مشکلین ہمارے وہان کوئی
باندہ رہی تہی جب کہ ہم رخت سفر مدینہ مین

ق

لیتے تہی ہم بہشت مین آگئی کیونکی بی اجل
جیسی پہنچ گئے تہی جب وقت سحر مدینہ مین

منزل قبر کیا ہوئی حشر کا دن کہان گیا
خلد مین آئی بیحساب پایہ بدیہر مدینہ مین

دلکی خبر سنو کہ وہان گذری جو دلپہ ہمدمو
کچھہ نہ رہی تہی دلکو بس اپنی خبر مدینہ مین

عمر گذر رہی ہای جیسی گذرتی تک کبھی
دیکھیی پہر ہے ہوئیگا اپنا گذر مدینہ مین

مد نظر تہے جو کہ شی جب نظر آگئے وہان
دیدہ دل نے کردیا قصر نظر مدینہ مین

صورت اصلی اپنی آپ سامنی اپنی آگئے
خاک مدینہ جب ہوئی کحل بصر مدینہ مین

محو جمال مصطفے رہتی اوسمین حشر تک
کاشکے ہوتی ہم حجر یا کہ شجر مدینہ مین

ق

گویا حیات جاودان عمر روان ہوئی وہان
سو ہے ہمکو کچھہ نہتہا خوف و خطر مدینہ مین

یعنی بلا ہی نزع ہی اور عذاب قبر سے
مشکل جو ہے یہی کہ جیتے ہیں ہم بے تمیز

کیوں نہیں پہر رہیں گے ہم مر گئے گر یہیں کہیں
حصن حصین خواب خور صورت نزدیک ہیں

شوق حیات جاودان عیش ابد کے سامان
ہی تو فقیر جا کی تو خاک مدینہ ہیں

رنج ہجران تو ہم ہر روز و ہر شب دیکہہ لیتے ہیں
ذرا پہر بہی مدینہ دیکہیے کب دیکہہ لیتے ہیں
عجم والی عرب کے شکل کو جب دیکہہ لیتی ہیں
عرب کیا دیکہتے ہیں قدرت رب دیکہہ لیتی ہیں
تنزل ہی زمین شعر اہل بدعت آتی ہی
جو فکر شعر میں یہاں جنبش لب دیکہہ لیتی ہیں
جو حب مال ہیں یہاں بی خلش ہیں اغنیا و ہنسو
کوئی دم میں سقر کے مار و عقرب دیکہہ لیتی ہیں
حجاب وہی مطلوب انکو ہی اونکی ریاکاری
زیارت میں بہی جو دنیا کا مطلب دیکہہ لیتی ہیں
کوئی ساجد ہی گستاخ اور کوئی طائف معاذ اللہ
جب اوس روضی کو بعضی زند مشرب دیکہہ لیتی ہیں
طواف روضہ اور سجدی سی کب خوش ہیں رسول اللہ
خوش اوس سے ہیں جو جی دین میں مہذب دیکہہ لیتی ہیں
نگاہ چشم کو کب رات بہر دیکہی مدینی کو

این شعر حسب حال اغنیای زمانہ است کعبے کو کب وہ قاصر ہمت جو جاتے ہیں ۔۔ فرعون کیسے قصر یہاں جو بناتے ہیں ۱۲

تو کس حسرت سی ہم یہان چشم کو کب دیکھ لیتی ہین

عجب ہے اضطراب شوق تہا جب ہمسفر بولی
کوئی دم مین مدینہ دیکھنا اب دیکھ لیتی ہین

مبارک مژدہ دیدار ہی کعبہ اہل ایمان کو
تجلی مدینہ جو بقرب دیکھ لیتی ہین

وہ کم ہین جو ہین مجنون چشم لیلائی مدینہ پر
مدینہ دیکھنے کو تو وہان سب دیکھ لیتی ہین

دل شیدائی طیبہ پر ہین طفل اشک یون جسطور
کسو دیوانہ کو اطفال مکتب دیکھ لیتی ہین

نہین پھر دیکھتے دیوان شعر کیہ کسو کا وہ
ترا دیوان فقیر اب جو مرتب دیکھ لیتی ہین

رحمت مخلوق کی مداح جو محفل نہین
بالیقین اللہ کی رحمت وہان نازل نہین

جسکے دلمین حب محبوب خدا حاصل نہین
تم یقین جانو کہ سنگ و خشت ہے وہ دل نہین

اونسی جنکو انس ہے انسان وہی انسان ہے
جو کہ دیوانہ نہین اونکا تو وہ عاقل نہین

کیا وہ جانینگے محمد کی محبت کا مزا
جنکی دلمین غل ہے وہ جانینگے جنمین غل نہین

عرش کے سایہ مین چین اونکی لیے کیونکر نہو
جنکے دلسی وہ عکس قامت بی ظل نہین

اونپہ قربان ہون کہ جو آرام مین تکلیف مین
قبر مین اور حشر مین ہست ہے وہ غافل نہین

کب وہ دن ہوگا کہین گے قافلے والے اگر چہ
بیچمین باقی مدینے کی کوئی منزل نہین

مدح احمد لا تناہی ہی تو اوسکی فکر مین
بحر شعر اپنا ہی جسکا کہین ساحل نہین

جو ہین نقصان عمل مین بنسبت سنت یہان
ناقص الایمان ہین ایمان مین کامل نہین

مغفرت مین دیر ہوئیگی تو گہبرا جائینگے
اغنیا جو اوسطرف جانی کو مستعجل نہین

جلدی کرنیوالی ١٢

اہل حسن و عشق ہین سب عاشق حسن رسول
وہان کوئی عاشق کسو معشوق پر مایل نہین

غیر رسول ١٢

تشنہ کام شوق دل یا غم مدینی کا ہی
پر ہیولی قلب کا افسوس ہی قابل نہین

کسکا دل ہے جو نہین قربان ہر دی رسول
کون اوس ہمشکل اسلم اللہ کا بسمل نہین

کیون ہو سحر حلال اپنا سخن مشہور آج
شاعر احمد ہو مین کچہہ ساحر بابل نہین

نام شہر مشہور ١٢

ناتوان ہو مین سفر مشکل ہے مجکو ای فقیر
پر خدا آسان کری مشکل تو کچہہ مشکل نہین

ہے یہی دلکی آرزو شہر نبی مین جا رہون
پہر تو نا ئون جو کبہو شہر نبی مین جا رہون

کہتا ہے مجہسے دل مرا تو ہے اگر شکستہ پا
مین ہی جو چل سکی نہ تو شہر نبی مین جا رہون

راہ مدینہ کسلیے پوچہو مین اپنے غیر سے
سونگہتی سونگہتی اونکی بو شہر نبی مین جا رہون

روضۂ پاک کی طلب ہے تو رہو مین با ادب
چاہیے چل کے باوضو شہر نبی مین جا رہون

دامن دل ہے چاک چاک تار نظر ہوا و شباک
تب مرے دل کا ہو رفو شہر نبی مین جا رہون

کہتی ہے خاک تشنہ کام سیر رہون تجہے مدام

مین ہی جو بنکی اک بسو شہر نبے مین جا رہون

ہند مین ہین جو گبر یا پر ستی ہین منتشر جو انس

دیکہون نہ صورت عدو شہر نبے مین جا رہون

بہولا ہوا کہین کو مین ڈہونڈلون او سر زمین کو مین

پہرتی ہی پہرتی سو بسو شہر نبے مین جا رہون

خاک نشین ہون وہان فرش زمین ہون وہان

بیت نبی کے روبرو شہر نبے مین جا رہون

ڈہونڈا کہین نہ پائو مین ڈہونڈتا ایسا جائو مین

کرتی ہی کرتی جستجو شہر نبے مین جا رہون

سن تو فقیر دل حزین جسکی سے چل ہی وہ کہین
کرتا ہے کس سے گفتگو شہر نبے مین جا رہون

چیزی از ذکر محفل میلاد مخترعہ اہل فساد

جمع ہین جتنی سنی غافل محفل میلاد مین
کیون نہون وہ نیا ہی حاصل محفل میلاد مین

بدعتی ہین جمع جاہل محفل میلاد مین
قائلین قول باطل محفل میلاد مین

بہر حصہ رکھے رومال آنکہہ پر کیا زمل
بنگئے رندوانکے محفل محفل میلاد مین

کیا ہی بہتان ہے رسول اللہ پر جو کہتی ہین
ہین رسول اللہ شامل محفل میلاد مین

انسی پوچہو تو کہا انسی یہ یقین حاصل ہوا
سرور عالم ہین داخل محفل میلاد مین

ہان جواب اسکا فقط یہ ہے کہ ہوتا ہے وہی
جو تصور باندہ لی دل محفل میلاد مین

ناچتی تھی عرش میں جو نغمۂ قوال پر | بیٹھی ہیں وہ پیر کامل محفل میلاد میں
دیکھتی تھی جو ابھی عجز در پیران بزم ناچ | ہے وہی محفل کہ ہے محفل محفل میلاد میں
عمر بھر جو بے نماز آتی نہیں مسجد تک | دیکھلو ان سبکو داخل محفل میلاد میں
بادشاہ دین عمر فاروق اعظم ہوتے آج | ڈالدیتے اک زلزل محفل میلاد میں
قتل شیطان اہل بدعت ہوا کہہ ابی تو کبر | دیکھتے جب انکو قاتل محفل میلاد میں

ہے ناسمیں یہی تحقیر سنت اے فقیر
کس طرح رحمت ہو نازل محفل میلاد میں

محفل مروجہ بدعتیہ نہ کہ ذکر ولادت حقہ

ردیف الواو

بنایا ہے جنے رکھکر دست پاک اپنی جان و جان کو
خدا کو مصطفےٰ کو روح کو سنت کو قرآن کو

محمد کی سبب ہے ظاہر و باطن سے اپنی رابطہ
صفا کو نور کو اسلام کو طاعت کو ایمان کو

عجب کیا اہل ایمان جو یہاں مبغوض رکھتی ہیں
گناہوں کو ریا کو شرک کو بدعت کو شیطان کو

کہ وہ خاصان حق عشق میں جوش عجائب جب دیکھیں
شفاعت کو بقا کو عیش کو جنت کو رضوان کو

نمونہ صورت احمد کا ہے عبرت سے جو دیکھی
یتیموں کو قمر کو شمس کو کعبی کو قرآن کو

فزون ساعت بساعت دل کی بیتابی تھی جب دیکھا

مدینے کو احد کو باب کو مسجد کو ایوان کو
(مدینہ ۱۲) (روضہ ۱۲)

وہ کیا دن تھی خدایا دیکھتی تھین یا تدن آنکھین

رخ روضہ کو جالی کو گھر کو شمع کو شان کو
(بردیوار ۱۲) (نور احمدی ۱۲)

رسول حق پہ بھیجی دلی تسلیم بیتابی

شجر کو سنگ کو حور و ملک کو جن کو انسان کو

الٰہی جمع کردی پھر مدینے مین عنایت سے

بیابان کو قبا کو نخل کو اس بائی کو بان کو
(مدینہ ۱۲) (جامی مسجد ۱۲) (نخل مدینہ ۱۲)

الٰہی پھر سنادی پھر دکھادے خاص مسجد مین
(مدینہ ۱۲)

اقامت کو ندا کو روضہ کو منبر کو ارکان کو
(تکبیر ۱۲) (اذان ۱۲) (ستونہای مسجد ۱۲)

مدینے مین حرم مین رزقِ جنت ہم سمجھتے تھے
(کعبہ ۱۲)

سفرجل کو تمر کو آب کو زمزم کو رمان کو
(بہی در مکہ ۱۲) (در مدینہ ۱۲) (آب مدینہ ۱۲) (در مکہ ۱۲) (در مکہ ۱۲)

غنیمت کیون نجانا ہمنے مکے مین مدینے مین

دعا کو التجا کو آہ کو زاری کو قربان کو
(قربانے ۱۲)

قصیر پر خطا سے باغ نے رکھہ محو حمد و نعت
زبان کو دل کو آنکھون کو ہاتھون کو قلمدان کو

الٰہی ایسا تو محبوب زر کسو کو نہو
ہزار غم ہون تو ایسی نہین ہے غم جو یہان
ہزارون ہین سفر معصیت مین یہان دن رات

کہ ہو مدینہ قریب اور خبر کسو کو نہو
غم زیارت خیر البشر کسو کو نہو
ستم ہے یاد آوے عمر کا سفر کسو کو نہو

جو گذری مجھپہ مدینے مین صبح روز وداع ق
نصیب ایسا تو وقت سحر کسو کو نہو

وطن مین آنا مبارک تو مجکو کہتے ہین
غضب ہے حیف مری جان پر کسو کو نہو

کہ تو مدینے سے کیون آگیا یہان افسوس
نصیب دو دہر سے تو آنا ادہر کسو کو نہو

امان طیبہ مین ایمان سے رہگئے جو لوگ
تو کیا عجب کہ عذاب سقر کسو کو نہو

رہین جو راہ محمد کے بحر و بر مین یہان
تو آخرت کے سفر مین خطر کسو کو نہو

فقیر مینے جب آثار مصطفے دیکھے
تو پہر سخن سے مری کیون اثر کسو کو نہو

جان مضطر کو قرار اب پہر زیارت ہو تو ہو
بس سکون دل مدینے کی سکونت ہو تو ہو

غافلو ہات آئے جنت بے مصیبت کسطرح
چل ہی دو راہ مدینہ مین مشقت ہو تو ہو

ای بکار عمل تیرے یہان جنت بخشے
کر نماز مسجد احمد کی نیت ہو تو ہو

دلکو ہونا چاہیے مولا کے سنت کا غلام
اسکی رقت مین اس قاسی کو رقت ہو تو ہو

اہل رخصت کو کہان رخصت ہوا نفس سے
عازم طیبہ کوئی اہل عزیمت ہو تو ہو

بی مدینہ اب کہان دلمین سکینا ہی تا کی
درد و غم رنج و الم حسرت پے حسرت ہو تو ہو

کو طیبہ آئینہ مین عیب باطن کے لیے
اونمین تا رکہے ہمارا عکس صورت ہو تو ہو

جو مزا جام و صراحے سے مدینے مین لیا
بوسہای حور مین ایسی ہے لذت ہو تو ہو

آفتاب حشر مین ظل لواء احمد تک
رہنما اپنا محمد کے محبت ہو تو ہو

وحشت مجنون کا صحرائے مدینہ ہے علاج
ہان پہر اوسکو کوچہ لیلی سے نفرت ہو تو ہو

کیا ہی دو وقت شمع روضہ مشکبو سے واہ واہ
زلف حور عین مین ایسی ہے نکہت ہو تو ہو

کاش مین عریان بیابان مدینہ مین ہو لے
جسم پر خاک مدینہ ہی کسوت ہو تو ہو

پھر مدینے کا سفر آسان تجکو ای فقیر
دمبدم اللہ کی رحمت یہ رحمت ہو تو ہو

اوسکو فراغ ہو جو دل مشتغل مدینہ ہو / ہو وہی رستگار جو پا بگل مدینہ ہو

آب و ہوای ہند سے دل ہے مریض یا خدا / پھر بھی نصیب ہو وہ ہوائے معتدل مدینہ ہو

جانمین جان کیون آئی دلسی ملال کیون نجائے / منزل خستہ جان اگر قرب دل مدینہ ہو

پاک ہو غل سے تب یہ دل شکل ضمیر متصل / ہند سی ہو کی منفصل متصل مدینہ ہو (یعنے روضۂ منورہ)

غنچۂ باغ خلد سان ہوئیگا خندہ زن وہان / یہان جو ہموم غم سے دل مضمحل مدینہ ہو

خاک بقیع کر مجھے اپنی کرم سی یا خدا / میرا بھی حصہ کچھ اگر مشتمل مدینہ ہو

کون نکالتا ہی پھر تجکو وہانسی اے فقیر
تو بھی وہان جو اک گدای مبتذل مدینہ ہو

گفتم بحضوری کعبہ کان باشد جای جابہ

شکر حق ہی کہ وہی در سی لایا ہمکو / اور یہ اپنا حرم پاک دکھایا ہمکو

ہمسی حجاج کو سنوای صدای لبیک / اونسی یہان نعرۂ لبیک سنایا ہمکو

راتدن رہتی تھی جس نور کی انکھونکو تلاش / اب تو مولی نی وہی نور دکھایا ہمکو

دھوپ مین اپنی گناہونکی جلی تھی ہم لوگ / شکر ہی اب تو ملا کعبہ کا سایا ہمکو

ہوی امید کہ وہان کسوت جنت ملجای / ہات یہان دامن کعبہ اگر آیا ہمکو

ہم گنہگار چلے آئی ہین تیری در پہ / پاک کر اب تو گناہون سے خدایا ہمکو

سجدۂ شکر ہی واجب ہے کہ نزدیک مقام / اپنی ہی سجدے مین مولی نی جھکایا ہمکو

وہان پہنچائیگا وہی جسنے یہان تک ہمین — دامن کعبہ دیا اور رولایا ہمکو
کیا عجب وہ ہمین صحاب یمین مین لیجاے — جسنے یہان رکن یمانی سے لگایا ہمکو
اللہ اللہ یہ منہ اور یمین ہو لے — یعنی یہ بوسۂ اسود کی عطا یا ہمکو
تشنۂ شوق تھی ہم شکر خدا لاکھون بار — پانی اس چشمۂ زمزم سے پلایا ہمکو
یا خدا اب ہمین دنیا کی محبت ہو حرام — یہان جو احرام مین عشاق بنایا ہمکو

شکر کر شکر فقیر اپنے نصیب اچھے تھے
ڈھونڈتی تھی جسے مدت سے وہ پایا ہمکو

الٰہی زندگی ہو تو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا مدینہ ہو — مقام موت بھی ہو تو محمد کا مدینہ ہو
الٰہی عشق ترک تاز ہندوستان سے نفرت — محل عاشقی ہو تو محمد کا مدینہ ہو
یہی ہے آرزو دلکی مرا مرقد بھی یا اللہ — ابھی ہو تو کبھی ہو تو محمد کا مدینہ ہو
الٰہی یہان ابھی کچھ میرے سینے مین جو حسرت ہے — تو وقت آخری ہو تو محمد کا مدینہ ہو
بجھے گی ہند مین کاہیکو اب یہ میرے دلکی پیاس — علاج تشنگی ہو تو محمد کا مدینہ ہو
جو دل ہی مین عجم کے دوست اپنے جی مین چھپے — برای دوستے ہو تو محمد کا مدینہ ہو

ہمین اب جی نہین لگتا فقیر اپنا تو بس اللہ
یہ جی بس ہی کہ جی ہو تو محمد کا مدینہ ہو

دوستو لائے مدینے سے عبث تم مجکو — خاک مین ہوتی دبا ہوتا وہین گم مجکو
سحر وصل تھی وہان مجھپہ خدا کی رحمت — یاد ہے صبح مدینہ کا تبسم مجکو
سامنے روضۂ انور کے جو تھی حالت دل — کچھ نہ پوچھو کہ نہین تاب تکلم مجکو
دیکھتا ہون کہ مدینے کو یہی دیکھتی ہین — نظر آجاتی ہین جب دیدۂ انجم مجکو

صدمۂ ہجر مدینہ سے فزون ایک تھا ۔ گرچہ آتی تھی حوادث کی تصادم مجھکو
پھر مین کیون نہین جاتا ہون جو مین حیطو سی ہو ۔ کیون نہین حال پر اپنے ہی ترحم مجھکو
ہون وہ بیمار مجھے آب وطن سے ہے ضرر ۔ راس ہے خاک مدینہ کا تیمم مجھکو
نہ اوٹھائی کوئی پھر غیر قُم اسرافیل ۔ سنگریزی ہین مدینے کے وہ قاقم مجھکو
حیثیمۂ بازوی جبریل کے دیکھی وہ شان ۔ ایک قطرہ نظر آتا ہے یہ قلزم مجھکو
بند کے راحت جانا ام عذاب جان ہین ۔ کرب و تکلیف مدینہ ہین تنعم مجھکو
یاد آتی ہی خوش آوازی غلمان جنان ۔ سنکے اطفال مدینہ کا ترنم مجھکو
اشک سان خاک مدینہ مین ملا ہوتا مین ۔ کاش وہان آنکھونہ پہ ہوتا یہ تحکم مجھکو
خوابمین دیکھکے آتی ہے مدینے سے حیا ۔ یعنی یہان زندہ پھر آنا ہے تندم مجھکو
یاد آتا تھا وہان وقت شفاعت کا ہجوم ۔ دیکھکر اہل زیارت کا تراکم مجھکو
اس لیے اونکو محمد پہ فدا کرتا ہون ۔ کہ تہ دل سے ہین محبوب اب و ام مجھکو
ڈالدون قالب اشعار مین روح عرفان ۔ روح حسان سے ہو کاش تعلم مجھکو

نار بدعت کو بہت سرد کیا تاہی فقیر
آب شمشیر قلم کا یہ تلاطم مجھکو

ذکر آداب سفر حرمین شریفین بارگاہ ثقلین

یہ لازم تجھکو ہے جب اس سفر کو عزم تیرا ہو
رفیق نیک تیری ساتھ ہو اور مال اچھا ہو
رفیق اچھا بچا پتھر سے اور دکھلائی راہ خیر

جو زادِ راہ طیب ہو تو دل میں نور پیدا ہو
نہ کہہ مالِ تجارت ساتھ ہوئیگا مکدّر دل
زیارت کے لیے لازم ہے دل تیرا مصفّا ہو
رہے اس راہ میں شیرین کلام اپنی فقیروں سے
طعام اتنا ہو جس سے کچھ تو صرفِ راہِ عقبیٰ ہو
جدال و فسق اور بیہودہ بات اچھی نہیں ہرگز
ضروری بات ہو بس اور ہر دم ذکرِ مولیٰ ہو
نہو کچھ زینتِ محمل نہو زیبِ سواری کچھ
سواری ہو اگر بے زین بھی تو تجھکو زیبا ہو
تو مسکینوں کی صورت ہو کے چل اس راہ میں اسطور
پراگندہ ہوں موئے سر تو خاک آلودہ چہرا ہو
جو ہر دم چین ہی کے فکر میں ہوگی سفر میں بھی
عجب کیا نام وہاں بھی چین والوں میں تمہارا ہو
ہوئی عاشق کو کیا باقی رہی پھر چین کی حاجت
کہیں چین ایسی بھی چینونکو بھی مطلوب کیا ہو
کبھی تو چاہیے تجکو سواری سے اوترنا بھی
کہ اوسکا بوجھ ہلکا ہو تجھے تخفیفِ اعضا ہو
نہ کہہ اوسپر بہت سا بوجھ رہ تو نرم دل اوسپر
کہ تجھ سی مالکِ مرکب کا دل بھی خوش بہت سا ہو

نہو غمگین صرفِ مال سے تو اور کُلفت سے
جو تیرا مال لُٹ جاوی تو تجکو مثلِ یغما ہو

سمجھہ سبکو (مصائب) قبولِ حج کے آثار اي مسافر تو (راہ مین) (باعتبار ثوابِ آخرت)
اسی صورت سی جا قربانِ بیتِ ربِّ اعلی ہو

حرم کے جانی والونکو سفر ہے آخرت کا سا
نمونہ اوس سفر کا ہی سمجھہ دیکھو اگر چاہو

چلے جب اپنی گھر سی جان اوسکو نزع کی حالت
جدا ایک ایک تجسی جبکہ اہل و خویش تیرا ہو

وطن سے دور ہونی کو سمجھہ دنیا سے چل دینا
سمجھہ چلتا جنازہ جب سواری پر تو چلتا ہو

لپیٹا جاوی تیرا جسم جب احرام مین اوس جا
کفن مین مثلِ مردہ ہونی تو نی اوسکو سمجھا ہو

وطن سے چلکے جسدم تجکو میقاتِ حرم (مقاماتِ احرام) آجاے
کھڑا الحشر مین گویا چھوڑکر تو دارِ دنیا ہو

کہین آوازِ شیر اور رہزنونکی (راہ مین) ہول سی گویا
سوالِ گور کا تونی تصور دلمین باندہا ہو

درندی ہی سفر مین جب کہین تجکو نظر آجائین
لحد کے مار و گزدم کا خیال اوسوقت آتا ہو

جدا رہ جاوی تو جسوقت ہر خویش و اقارب سے

وہ ساعت یاد کر جب قبر ہو اور تو ہی تنہا ہو
سنے لبیک کو تب یاد کر وہ دن کہ قبر و لٹنے
صدا لبیک کی ہو جبکہ ہنگامہ ندا کا ہو

وہی ہی حج مبرور ای فقیر اس بات کو سن رکہہ
کہ تو ہوئی مناسک مین خوف حق تعالی ہو

ردیف الہا چیزی در شوق بارگاہ عالیجاہ بیت اللہ

دل کونین کی تسخیر ہے اللہ اللہ
بیت ربی مین وہ تاثیر ہی اللہ اللہ

دیدۂ دلمین ہتی وہان تا بصر تک انوار
رخ کعبہ کی وہ تنویر ہے اللہ اللہ

دیکہی جو شمع حرم ہوئی فغان بلبل
کیا یہان قسمت گلگیر ہے اللہ اللہ

عود رشک دل سوزان ہے حرم مین کہ وہان
وہ ہی اور آتش تجمیر ہے اللہ اللہ

کیا غم عشق مدینہ ہے جوان بخت کہ وہان
پیر ہر یک بت بی پیر ہے اللہ اللہ

ای غنی تارک حج اگیا وہ وقت اخیر
کیا ابہی چلنی مین تاخیر ہے اللہ اللہ

اغنیا کو ہی یہ پشمینہ یہان گرمی عیش
پر سفر کے لیے تشہیر ہی اللہ اللہ

خانہ آرائی ہے مقصود غنی اس لیے بس
گہر مین کعبی کی ہی تصویر ہے اللہ اللہ

ای غنی عمر کے ثلث سی نزات ہین ہے
جسمین یہ کثرت تعمیر ہے اللہ اللہ

دمبدم خوف خدا چاہتی اور ذکر خدا
یون بگو رہے یہ تحذیر ہے اللہ اللہ

نطق وہ ہی کہ فقط ذکر خدا ہو منطوق
دل ہے وہ جسمین یہ تحریر ہی اللہ اللہ

اذکر اللہ بقلب و بلسان ای انسان
جان و دل کے لیی تطہیر ہے اللہ اللہ

پھر فقیر اپنا سفر کاش اودھر ہو کہ جہان
شور لبیک ہے تکبیر ہے اللہ اللہ

وہ دن کب ہوئیگا ہونگے ہم مہمان بیت اللہ
کبھی ہم آپ کو دیکھیں گے گاہی شان بیت اللہ

جو دیکھوں اک نظر بھی چہرۂ تابان بیت اللہ
اگر ہات آئیں سو جانیں کروں قربان بیت اللہ

مہار ناقۂ لیلے نصیب قیس کیونکر ہو
بتادی کسطرح کوئی سبیل اے دربان بیت اللہ

تمنائی جہانسی کیوں نہ ہات اپنی وہ اٹھا ہوئیں
جو ہات آبائی مجکو گوشۂ دامان بیت اللہ

مجھے دنیا کی ہشیاری نہو پھر دیکھکر دوستو
رہوں میں پاس ایسے شامل مستان بیت اللہ

یہی ارمان دلمیں ہیں یہی فریاد دل ہے بس
کبھی ہو نعرۂ لبیک اور میدان بیت اللہ

سکونت وہانکی دم بھر باعث تسکین خاطر ہے
عجب قسمت ہی ونکے جو کہ ہیں سکان بیت اللہ

نصیب وہ دن ہو زمزم اطہر سے جسدن غسل مجکو ہو
جبھی اوتری تر او ترسے پہ تپ حرمان بیت اللہ

تمنا ہے کہ میر امیر ہوا ور سو واسطے کعبہ ...

تمنا

تمنا ہے مرے آنکھین ہون ادر حیران بیت الله

بنا دی میری ظلمتگاہ دل کو جلوہ گاہ نور
دکہا دی یا الٰہی شکل نور افشان بیت الله

ہمیشہ جنکا بازیگاہ بہے میدان کعبہ ہے
تو پیران طریقت کیون نہون طفلان بیت الله

خطائین عمر بہر کی دور ہوجائین تو ممکن ہے
نظر آجاے جسکو دور سے عمران بیت الله
آبادی

عجب کیا خوش رہین گلزار جنت مین وہان جاکر
خلیل الله کے نزدیک مشتاقان بیت الله
ابراہیم علیہ السلام

رہینگے پیشوا اصحاب فیل ونکے جہنم مین
رہے ہے جو لوگ اس دنیا مین بدخواہان بیت الله

فقیر ابتو حرم مین جاکی یارب پہر نہو محروم
رہے وصل موبّد پہر نہو ہجران بیت الله

سجدہ ریزی قلم در حرم ذکر حج والعج والثج رزقنا الله تعالے
لبیک قربانی

مریضون کو ملے یارب دوائی حج بیت الله
ضعیفونکو عنایت ہو عصائی حج بیت الله

ہوئی جان دو عالم گو فدائے حج بیت الله
بہت ارزان ہے تو بہی بہائی حج بیت الله

مریض حب مال و زر کی قسمت مین ہے کیونکر ہو
کہ اوسکے جسم و جان ہین اور شفای حج بیت اللہ

دکہائیگا اوسی شہر بہشت امید ہے کہ ان
یہان ملجای جسکو رہنمائے حج بیت اللہ

بنا لون پہر تو مین بہی قصر سیم و زر بہشتون مین
اگر ملجائے مجکو کیمیائی حج بیت اللہ

قیامت مین لوا الحمد کا سایہ ہے اور وہ ہین
یہان جو رہ چلے زیر لوای حج بیت اللہ

کہا ہو کاش میری روح نی بہی اوسگہڑی لبیک
خلیل اللہ نی جب کی ندائی حج بیت اللہ

میسر جنکو زاد و راحلہ ہے فرض ہے او نپر
یہانی اونکی ہین گویا ابای حج بیت اللہ

مرین گے وہ یہودی ہو کی یا ہو ہو کی نصرانی
نجائین گی غنی جو خود برای حج بیت اللہ

ہزارون حجتین حق کی تمام ان اغنیا پر ہین
مگر کیا ذکر ہے جو یاد آئی حج بیت اللہ

کہان نظارۂ ناز و ادای یار سے فرصت
کہ ان اہل ہواسی ہوادای حج بیت اللہ

سنو اہل مال والو کیا قضا تمکو نا ئیگی

جو کردیتے ہو غفلت سے قضائے حج بیت اللہ

نہو صرفِ لعال اونکا کبھی پھر تاج کیخسرو
رہی جو ہو کی عاشق زیر پائی حج بیت اللہ

حیاتِ جاودانی کے مزی حجاج نے لوٹی
کیا جب نوش جان آبِ لقائی حج بیت اللہ

غبارِ کوی جانان سر مین اور آنکھوں مین ہو اکباش
زبان لبیک گو ہو اور صدائی حج بیت اللہ

ہون دیوانہ حق پھر ہون ہشیار کے صورت
مجھے اکباش وہ صورت دکھائی حج بیت اللہ

صراطِ تیر عرفان پر ہو مرکب روح انسان کا
جو دل ہو جائی قربانِ منائی حج بیت اللہ

جو عاشق ہی تو اہل لقد جان بی آپ جا کرے
کوئی تیری لیی کیا مول لائی حج بیت اللہ

اگر بہائی قلزم سے روان دریا بیانکی ہوئین
نہو پھر بھی بیان حرفِ ثنائی حج بیت اللہ

نظر آتا ہے پھر بھی ہند مین تو اے فقیر افسوس
تجھے غفلت سے ہے شوقِ لقائے حج بیت اللہ

ہر لحظہ جسکا دل ہے رسول خدا کی ساتھ
شرمندہ عاصیونکی لیے وہ شفیع ہین

گویا وہ متصل ہے رسول خدا کی ساتھ
عصیان سے منفعل ہے رسول خدا کی ساتھ

جنت کے شغل عیش میں کیونکر نہوئی وہ | جو دل سی مشتغل ہے رسول خدا کے ساتھ
بچ جائیگا وہ نار میں غل اوس لعین کا بس | جس دل میں کچھہ بھی غل ہے رسول خدا کے ساتھ
گویا نبی کا سایہ ابو بکر ہے کہ آپ بھی | ہر جای مثل ظل ہے رسول خدا کے ساتھ
اترائی آسمان پی کیونکر نہ یہ زمین | ہر دم جو متصل ہے رسول خدا کے ساتھ

خاک مدینہ ہو نہ کیے اسے فقیر
گر عشق آب و گل ہے رسول خدا کے ساتھ

خوشا وقتی کہ ہو میسر اسفر سوئی رسول اللہ | اور ان آنکھوں سے دیکھوں شہر دلجوئی رسول اللہ
عجب کیا بال بال اوسکا بچے نار جہنم سے | کہ جس مومن کو ہاتھ آجائے یکموئی رسول اللہ
جو ایذا اہل شرک کی تھی دعائے خیر کے باعث | تو کس رحمت سے ایسی نرم تھی خوئی رسول اللہ
یہان بھی جنت الفردوس ہے اور وہان بھی ہے | سو ایمان سے جو ساکن کوئی رسول اللہ
ہر تیغ آگئے سلطان کفار اور اہل شرک | دکھایا حق نے کیا کچھہ زور بازوئے رسول اللہ
سموم کفر سے گلزار ایمان اونکا ہے محفوظ | روان جنکے زمین دل میں ہے جوئی رسول اللہ
عجب کیا حور جنت کو تمنائی مدینہ ہو | گئی ہوگی وہان تک ہے تو خوشبوئی رسول اللہ
الٰہی اونکو پہنچا منزل مقصود کو جلدی | لگی ہے جنکے دل کو یہان تک دہوئی رسول اللہ

فقیر خستہ دل سے یا خدا لاکھوں درود اونپر
اور اونپر جو کہ ہیں مدفون پہلوئی رسول اللہ

ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما

غزل فارسی

چنانم کن تو یا غفار مشتاق رسول اللہ | کہ باشم خستۂ دیدار مشتاق رسول اللہ

بخاک افتاده مانند زیر دیوار مدینه کاش — بسان سایه دیوار مشتاق رسول الله
تصدق کرده جان و مال و عز و جاه را صدیق — چنان بود آن رفیق غار مشتاق رسول الله
بلاد عامره شد از عمر معمور دین حق شد — که بود آن قاتل کفار مشتاق رسول الله
بود ظل حیای مصطفی در وصف او صادق — چو عثمان شد حیا کردار مشتاق رسول الله
نه تیغ آورم رافض یا رب مگر دانم — بشکل حیدر کرار مشتاق رسول الله
عدوی احمد است آنکو عدوی یار او باشد — که با اصحاب باشد یار مشتاق رسول الله
اگر سنگ و شجر در گریه آید کے عجب باشد — چو سازد حال دل اظهار مشتاق رسول الله
خدایا کن تو از خاک مدینه سرمه چشمم — که سیاهم بچشم زار مشتاق رسول الله
نه بیند خویش را در خویشتن گاهی اگر بیند — مزار مصطفی یکبار مشتاق رسول الله
اگر کوه احد قصر جنان گردد چه دور است این — که هست آن غیرت کهسار مشتاق رسول الله
بفردوس وصالش جا شود یا رب که هجران را — همیداند عذاب نار مشتاق رسول الله

بدانستم که هستی ای **فقیر** دل حزین عاشق
که میخواند چنین اشعار مشتاق رسول الله

نہ رکھے جان تک اپنا مشتاق رسول الله — جو پائی یکنظر دیدار مشتاق رسول الله
غنایت ہو جواب ایک اسکو تسکین غم غصّ کی پاہی — سلام او نیز ہزاروں بار مشتاق رسول الله
لکھو نکر بیخبر ہو جائے اس دنیا سے سُن سُن کر — رسول الله کے اخبار مشتاق رسول الله
روان میرا سفینہ ہو مری کوہین جلدی — کہ ہو دریائے غم سے پار مشتاق رسول الله
شفا ہو جائے نکلے میرے سر درد عصیان سے — ہوا ہے گر دل بیمار مشتاق رسول الله
سمجھنا چاہیئے آثار رحمت انکو جب دیکھے — رسول الله کے آثار مشتاق رسول الله

ہمیں نے دیکھا ہاہی جنہوں نے مدینی کی — کچھ اپنی زیست کے طوار مشتاق رسول اللہ

اون جانسی پوچھو تو رمز درد ہجران کو — کہ اس سے کسقدر ہین زار مشتاق رسول اللہ

تحمل گفتگو باقی نہین اونسکو جہان سن لے — رسول اللہ کی گفتار مشتاق رسول اللہ

نکال اس ملک سے یارب مدینی کیطرف مجکو — یہان رہنی سی ہی بیزار مشتاق رسول اللہ

فقیر اونکے محبت اہل جنت کے علامت ہے
کہان ہوتی ہین اہل نار مشتاق رسول اللہ

غزل فارسی

مقرون شدہ تا از قدمش جائی مدینہ — شد کحل بصیرت ہمہ غبرائی مدینہ

این شکل بدیہی ست با نتاج شفاعت — صغرای جہانست بکبرائے مدینہ

دلہای جہان صورت مجنون بعجب ماند — در محمل حسن است چہ لیلائی مدینہ

این جان کہ مشہور بشیرین لقبی شد — کی یافتہ شیرینی خرمائے مدینہ

سنگ و شجر طیبہ شدی کاش تن من — ہر دم شدمی محو تماشائے مدینہ

ملک و ملکوت اند ہمہ صورت عشاق — در طیبہ پی انجمن آرائے مدینہ

چشم بجہان روضۂ فردوس بدیدے — گر داشتمے دیدۂ بینائے مدینہ

کے خویشتن از بیخودی دید شناسد — آنکس کہ بگر دید شناسائے مدینہ

معمورۂ احمد بودم مسکن و مرقد — عمرم ہمہ رفتہ بتمنائے مدینہ

در طیبہ چو محبوب عرب جلوہ کنان شد — دلہائی عجم ساختہ شیدائے مدینہ

مصروف بتمجید خداوند فقیرم

نشہ قسمت مین نعمت عظمای مدینہ

کیون چھپ گیا آنکھون سے مری ماہ مدینہ
یارب مجھے پھر ہو نظر آرای مدینہ

پابوس کے ارمان بہت دل مین گئی رہ
بات آئین تو پھر چوم لون مین پای مدینہ

پھر تازہ ہوئی دل مین یہ خواہش کہ
دیرینہ ہوئی تھی جو تمنای مدینہ

ہر دم تھا جسے خوف کہ
مشکل ہے کہ پھر اس کی غرقای

مین ہی در و دیوار مدینہ ہون کہ
ہر لحظہ رہون محو تماشای مدینہ

دل وہ ہی مدینے کا جسے یہان خفقان ہے
سر وہ ہی یہان جسکو ہے سودای مدینہ

بیہوش ہون مین غم دنیا سے الہی
ہر دم ہو یہ دل اور تجلای مدینہ

پھرتے تھے ہم ان مین کبھی خود بہر زیارت
پھرتا ہی اب آنکھون مین جو صحرای مدینہ

اس راز کو بیدار دلون سے کوئی پوچھے
کیا کہتی ہی بیداری شبہای مدینہ

کہتے ہین مدینہ جسے وہ دل ہی جہان کا
اور گنبد اخضر ہے سویدای مدینہ

پھر میری سفینے کو جو لیجائے خدایا
پھر بھیجدی وہ موجہ دریای مدینہ

تھی اپنی نصیبون وہان مجکو یہ حیرت
مین اور مجھے یہ نعمت عظمای مدینہ

ہم جیسے غلامون کو فقیر اب کہین پھر سے
پہنچائی مدینے مین وہ مولای مدینہ

ہے دل کو اضطراب مدینہ منورہ
اوٹھے کہین نقاب مدینہ منورہ

عالی ہے وہ جناب مدینہ منورہ
قرآن ہے کتاب مدینہ منورہ

آیات کا نزول ہے مثل مطر وہان
جبریل ہین سحاب مدینہ منورہ

تاب آفتاب کے نہین اس رشک سے کہ یہ
ہر دم ہی باریاب مدینہ منورہ

ہر دم وہ بحرِ رحمتِ حق وہان ہے جوش زن ۔ گردون ہے اک حبابِ مدینہ منورہ
دکھلا رہا ہے صورتِ دل شاہین کو صاف ۔ وہ آئینہ ہے آبِ مدینہ منورہ
دیکھے تو اپنی شکل ہمائے عجم کہین ۔ ہو ہمسرِ غرابِ مدینہ منورہ
رشکِ غزال سندِ شغالِ مدینہ ہین ۔ رشکِ اسد کلابِ مدینہ منورہ
دیکھا ہے جب سے اوسکو وہ ہر دم نظر مین ہے ۔ کب ہجر ہے حجابِ مدینہ منورہ
تعبیر ہے کہ طالعِ بیدار ہونگے ۔ جو دیکھتا ہے خوابِ مدینہ منورہ
کیا طابۃ طیبہ طیبۃ پاکیزہ آئی ہین ۔ اسمائے مستطابِ مدینہ منورہ
محفوظ کیون نہو کہ فرشتے خدا کی وہان ۔ ہین پاسبانِ بابِ مدینہ منورہ

چھوٹے عذابِ دوزخ و دنیا سے تو فقیر
ہو جائے گر ترابِ مدینہ منورہ

پھر کاش ہون قریبِ مدینہ منورہ ۔ ہو حظِ روحِ طیبِ مدینہ منورہ
دل کانپتی تھی مسجدِ احمد مین یاد ہے ۔ وہ حالتِ مہیبِ مدینہ منورہ
رہتی ہی پیارے پیارے ان آنکھونکی سامنے ۔ وہ صورتِ عجیبِ مدینہ منورہ
ہر دم ہے وصلِ خیرِ دو عالم نصیب مین ۔ اللہ ری نصیبِ مدینہ منورہ
تحت الثریٰ رشک مین ہے رفعتِ عجم ۔ ہوتی کہین قلیبِ مدینہ منورہ
کافر ہے دم مین ہوئین شفا یاب دین اگر ۔ ہو چارہ گر طبیبِ مدینہ منورہ
سر بند کوزہائے شرابِ طہور مین ۔ اعناب اور زبیبِ مدینہ منورہ
وہان کیون نہ ہو نہ ہو نارسی رقابتِ خلق ۔ اللہ ہے رقیبِ مدینہ منورہ
ہے ذرہ ذرہ مہرِ شرافت تو کسکا فکر ۔ ہو مدح مین حسیبِ مدینہ منورہ

ہر خارِ راہ اوسکو ہو مژگانِ چشمِ عیش ۔۔۔ ہو جائی جو قریبِ مدینہ منورہ

طوبیٰ پہ بن طوطیِ جنت ہی یا کہ وہ ۔۔۔ منبر پہ ہی خطیبِ مدینہ منورہ

ہو جائی پیشِ حق قدمِ صدق کا سبب ۔۔۔ دل ہو اگر منسبِ مدینہ منورہ

حُبِّ مدینہ دلمین طفیلی ہی اے **فقیر**
مقصود ہے حبیبِ مدینہ منورہ

مقبولِ حق ہے ذاتِ مدینہ منورہ ۔۔۔ محمود ہین صفاتِ مدینہ منورہ

پانی ہے اس مزے کا کہ گویا مدینہ مین ۔۔۔ کوثر بنا فراتِ مدینہ منورہ (آب شیرین ۱۲)

رشکِ نباتِ مصر ہے کیا بات اوسکے ہے ۔۔۔ خرما ہے وہ نباتِ مدینہ منورہ

جو رات ہو براتِ اجل کے مری کاش ۔۔۔ ہو لیلۃ البراتِ مدینہ منورہ (شب برات ۱۲)

خاکِ بقیع مین کہین میسر ہے خاک ہو ۔۔۔ ہے زندگی وفاتِ مدینہ منورہ

وہ عمرِ جاودان ہے جو اپنے نصیب مین ۔۔۔ لکھی گئی مماتِ مدینہ منورہ

ہمسایگانِ رحمتِ عالم ہین اس لیے ۔۔۔ مغفور ہین عُصاتِ مدینہ منورہ (جمع عاصی یعنے عاصیان ۱۲)

امصارِ ہند یاد نہ آئین اگر نصیب ۔۔۔ ہو مسکن فلاتِ مدینہ منورہ (بیابان جمع فلاۃ ۱۲)

جینے کا اب مزا ہے تو ہے اسمین اے **فقیر**
جو دن ہے ہو حیاتِ مدینہ منورہ

یاد آتی ہین اب اوقاتِ مدینہ طیبہ ۔۔۔ کیا مبارک تہین وہ ساعاتِ مدینہ طیبہ

کان ہین مشتاق اصواتِ مدینہ طیبہ (یعنے آواز صلوٰۃ وسلام ۱۲) ۔۔۔ جان ہے شیدائی مقاماتِ مدینہ طیبہ

منہ ہو اور حرف و حکایاتِ مدینہ طیبہ ۔۔۔ دل ہو اور فہم و دراساتِ مدینہ طیبہ

کسکے فرش و سائبان ہو کیا تمہارے ہین نصیب ۔۔۔ واہ واہ ارض و سماواتِ مدینہ طیبہ

آبِ حیوان اب ہے شیرین مین جو تھا مثلِ جان
کیا کہون مین کیا ہین لذاتِ مدینہ طیبہ

پھر خیالِ زلفِ خوبان ہوئے مثلِ زہر بار
دیکھین یہ عاشق جو حیاتِ مدینہ طیبہ

ہم نہ دیدہ ہی دیے یہان ہین وہ ہین محظوظ یہ
ہمسے سب بہتر ہین جناتِ مدینہ طیبہ

دوستو خاکِ مدینہ خاکسارونکو بھی دو
تم اگر لائی ہو سوغاتِ مدینہ طیبہ

دمبدم آتا ہی سیر دلمین اور انکہون مین وہ
کاش مجھسے ہو مکافاتِ مدینہ طیبہ

خیرِ مکہ افضلِ مکہ مدینہ ہے تو پھر
کس بلد مین ہے مساواتِ مدینہ طیبہ

ابرِ مدرارِ زیارت سایبان تھا کیا کہون
کس مزیکی تھی مداراتِ مدینہ طیبہ

انکہین روتی ہین ابھی افسوس ہین ایکاش ہو
دیدہ زار اور زیاراتِ مدینہ طیبہ

رشکِ مقناطیس ہو آہن رشکِ کاہ وکہربا
دل کو ہی شوقِ ملاقاتِ مدینہ طیبہ

بن گئی سودائے سر سوزِ جگر دردِ نہان
رہتی رہتی یہہ خیالاتِ مدینہ طیبہ

پھر جا کرتا ہون سجدہ مین کہ پھر ہووے نصیب
وہ نماز اور وہ مناجاتِ مدینہ طیبہ

کیا ہی حال ورانتہے جب رخصت کیے دن پھر ہم
دیکھتی تھی وہ عماراتِ مدینہ طیبہ

ای قصیر اپنے چراغِ داغِ دلکو دیکھہ تو
اور علوِ شانِ مشکاتِ مدینہ طیبہ

عالی ہو کیون نہ تختِ مدینہ منورہ
ہین کون زیبِ تختِ مدینہ منورہ

جی چاہتا ہی دیکھلون دنیا مین پھر بہشت
پھر دیکھلون درختِ مدینہ منورہ

ہی بہرِ گلرخان جہان رشکِ فرشِ گل
گو ہو ولی سنگِ تختِ مدینہ منورہ

نورِ محمدی سے ستارون کے شکل کج
روشن ہے بختِ تختِ مدینہ منورہ

خوابِ جہان مین فتنۂ عالم ہے خوف سے
بیدار ہے وہ بختِ مدینہ منورہ

ممکن ہے اوسکی وسعتِ رحمت سے تنگ ہو | جنت مین جابجی رخنۂ مدینہ منورہ

وابستہ ہو فقیر سے یارب کہین جہان
فردوس مین ہو تختِ مدینہ منورہ

آنکھین ہون اور نورِ مدینہ منورہ | دل ہو لی اور سرورِ مدینہ منورہ
ہو ختم اوس جناب مین للہ میرے عمر | مدفن بنین قبورِ مدینہ منورہ
کیونکر نہ شرحِ صدر دل انکو نصیب ہو | جنکو ملا صدورِ مدینہ منورہ
آسان ہے صومِ روزِ قیامت انہین جو ہین | یہان آکلِ سحورِ مدینہ منورہ
نازل ہے نورِ لطفِ خدا اوس پہ ہر زمان | کوہِ اُحد سے طورِ مدینہ منورہ
ہین نسبتِ شہورِ عجم خیر الف شہر | ہر عام مین شہورِ مدینہ منورہ
حاضر رہے یہان دلِ وحشی تو کسطرح | اب وہ کہان حضورِ مدینہ منورہ
حور و قصور انکو مبارک جو ہو چکے | یہان ساکنِ قصورِ مدینہ منورہ
یہان ہے شب ہمو مین بخوابِ حسین جو مان | دیکھے شبِ تنورِ مدینہ منورہ
ہر شام وہانکی شامتِ دل کا علاج ہے | ہین نورِ دل بکورِ مدینہ منورہ
دم مین نکالی عرقِ فلاطون سے خون کفر | زخمِ سگِ عقورِ مدینہ منورہ
اکاش بعدِ مرگ اگر روح کے لیے | ہو قالبِ طیورِ مدینہ منورہ
کیا خوش نصیب کوہ و بیابان وہانکی ہین | جنمین ہوا ظہورِ مدینہ منورہ
یارب بخارِ دل کے دوا پھر نصیب ہو | بوی خوشِ بخورِ مدینہ منورہ
اک نور ہر مکان مین ہے راتدن وہان پہ | دارِ جہان مین دورِ مدینہ منورہ
خوفِ شکستِ روزہ کہ تقوی کبھو نہو | روزی ہو گر فطورِ مدینہ منورہ

مومن کو پھر ہو غم نقش وضوئی ل
ملجائے گر طہور مدینہ منورہ

سر دم ہو کاش مضطرب طیبہ میں جان
اور دل ہو نا صبور مدینہ منورہ

اشعار مدح میں مرے اوستاد ہیں فقیر
طفلان بے شعور مدینہ منورہ

دل کیوں ہوا اسیر مدینہ منورہ
دلبر ہے جائی گیر مدینہ منورہ

کبار ہیں صغیر مدینہ منورہ
ہیں غنیا فقیر مدینہ منورہ

دلہائی وجہان ہوئے حسن حجرہ پر نثار
وہ برج ہے ضمیر مدینہ منورہ

پہرتی ہے رہتی ہے مرے آنکھوں میں رات دن
وہ شکل دلپذیر مدینہ منورہ

اللہ رے برج سبز کہ جس میں ہمیشہ ہے
وہ نیر منیر مدینہ منورہ

کیا خاک جنت آئے تھے اور آب سلسبیل
جن سے بنا خمیر مدینہ منورہ

کیا جمع ہوتے ہیں دل و دین دیکھ دیکھ کر
وہ مجمع کثیر مدینہ منورہ

فردوس کو نہ دیکھیں لوں آنکھوں سے جب تلک
کیا کہہ سکوں نظیر مدینہ منورہ

صبر و قرار کیے اوسی کیونکر خبر ہے
جو ہو چکا خبیر مدینہ منورہ

مجروح عشق ہے دل ہر مصر و ہر بلد
ہے کس کمان کا تیر مدینہ منورہ

شیرین ہے جان کس لیے کیا یہی پا چکے
لذات جوئی شیر مدینہ منورہ

بالیدگی رزق دو عالم کے ہی بشیر
وہ نان پر خمیر مدینہ منورہ

گندم کا سینہ شق کہیں اس شتاب سے ہو
ہوتا ہے خود شعیر مدینہ منورہ

شایان رحم و الفت و توقیر ہیں تو بس
طفل و جوان و پیر مدینہ منورہ

اب تو قیام ہند سے عار آتے ہے مجھے
دیکھا جو لطف عیر مدینہ منورہ

دنیا سے ہے یہ خبر کہ رہو مصطفے کے ساتھ
قرآن ہے سفیر مدینہ منورہ

سو خشت تاج قیصر و کسری کہاں نصیب
اور پایہ سریر مدینہ منورہ

کوثر سے ہے پلائی خدا ہمکو جیسے ہم
پیتے تھے آب بیر مدینہ منورہ

ہوش و خرد مرے دم رخصت اوڑ گئی
وہ صبح مستطیر مدینہ منورہ

کب بھولتا ہوں یاد رہیگی اخیر تک
وہ حالت اخیر مدینہ منورہ

کیا پوچھے غیر سی کوئی وہاں جانیکی صلاح
ایمان ہے مشیر مدینہ منورہ

آزاد طیبہ جو ہیں اسیر گناہ ہیں
آزاد ہیں اسیر مدینہ منورہ

کیوں کو نہ گل لٹے باد صبا کا عبور ہو
پائے اگر عبیر مدینہ منورہ

نازل ہو لاکھ بار درود اونپہ جو کہ ہیں
سلطان اور وزیر مدینہ منورہ

ہے لطف زیست اب تو فقیر اسپہ منحصر
وہاں میں ہوں اور حصیر مدینہ منورہ

ملک ہی دل ہیں جاگیر مدینہ طیبہ
اللہ اللہ شان تسخیر مدینہ طیبہ

دلمیں ہر دم ہے وہ تنویر مدینہ طیبہ
پھرتی ہے آنکھوں میں تصویر مدینہ طیبہ

اب ہمارے دود دل میں کیوں نہ خوشبوئے عشق ہے
اسمیں ہے خوشبوئی تخمیر مدینہ طیبہ

کیا جماعت کیا نماز اور کیا صلوۃ اور کیا سلام
کیا اذان اور کیا ہے تکبیر مدینہ طیبہ

اس غذا بند سی یارب مائی ہو نصیب
رکھ مجھے تو پابزنجیر مدینہ طیبہ

آنکھیں کھل جاتیں ہیں جو ہاں نافتحا دیکھکر
فتح باب دل ہے تحریر مدینہ طیبہ

نیم بستہ پر وہاں کی روضۂ و مسجد نہیں
فیض روحی کو تشہیر مدینہ طیبہ

مثل آہن کیوں نہ ہوں مجذوب لاکھوں دلکہی
رشک مقناطیس تاثیر مدینہ طیبہ

یہ مذاق عشق خیر الطیبین ہے اس لیے | ہی زبان کو ذوق تقریر مدینہ طیبہ

ساعت اولیٰ سے آخری خیر ہے پھر کیوں نہو | ہر دم افزون شان و توقیر مدینہ طیبہ

یا غنی پھر ہے فقیر ناتواں کی آرزو
پھر سبب ہو رحمت تیسیر مدینہ طیبہ

تھا دلمیں جو کہ داغ مدینہ منورہ | نکلا وہی سراغ مدینہ منورہ

یارب ہانکی خاکمیں اس تشنہ لب کے خاک | ملکر بنے ایاغ مدینہ منورہ

بیتاب عشق ہوں میں کہ لوٹنی کی جاے | اے کاش ہو مراغ مدینہ منورہ

جلنا ہی تھا اگر مری دل کے نصیب میں | بنتا یہ اک چراغ مدینہ منورہ

انسان تو کیا ہی صاحب سدرہ بھی ہیں مدام | مشتاق سیر باغ مدینہ منورہ

رشک ہما ہیں خاک نشینان طیبہ آج | رشک ہما ہے زاغ مدینہ منورہ

معمورہ عجم ہیں نثار اونپہ ایسی ہیں | وہ کوہ و باغ و راغ مدینہ منورہ

جنت کے بوستان ہیں وہ عاصیوں کی شکل | ہیں جو کہ بید ماغ مدینہ منورہ

فارغ سفر سے ہو تو چکا لیکن اے فقیر
کب دلکو ہے فراغ مدینہ منورہ

جس دل کو ہے مذاق مدینہ منورہ | ہو کیوں نہ اشتیاق مدینہ منورہ

قسمت میں اوسکی صاحب خلق عظیم ہیں | اللہ رے خلاق مدینہ منورہ

ہو خاک میرے خاک مدینہ سے متفق | کیونکر ہو اتفاق مدینہ منورہ

پھر بھی اگر نصیب میں ہے وصل تو کبھو | یارب نہو فراق مدینہ منورہ

یارب مرا تو ہند میں اک دم نہ دل لگے | دی مجکو وہ مراق مدینہ منورہ

ہم چمنین تھی کبھی ہی اب اے من ہیان | آنکھو منین ہین زرقاق مدینہ منورہ
پر داغ دل ہین لالہ رخونکی کہ ہوئین کاش | گلدستہ ہای طاقِ مدینہ منورہ
اہلِ بقیع کو ہو کیون حسن مرتفق | حاصل ہے ارتفاق مدینہ منورہ
ہوئی صفای ظاہر و باطن اگر نصیب | ہو خلوت و رواق مدینہ منورہ
وہ کیون منورہ ہو ہر دم ہے وہان طلوع | وہ ماہ ہے محاق مدینہ منورہ

ہوای فقیر جبلہ الی ہمک سباق
ای کاش ہو مساق مدینہ منورہ

جان ہے غمناکِ مدینہ | دل ہے صد چاکِ مدینہ
وہ ہین فی الدرک جو ہمال | ہین بی ادراکِ مدینہ
بن جائیگی حشر مین کہ تر | چشم نمناکِ مدینہ
حفظِ عصیان و ہین ہو | گر ہو مسواکِ مدینہ
ان شاء اللہ تعالے | ہم ہونگے خاکِ مدینہ
ہے اہلِ خلد کی صورت | ہر خوش پوشاکِ مدینہ
اکاش مری میت کو | ملجائے مغاکِ مدینہ
لیتی ہی شاری ہین دل | وہ چشم شاکِ مدینہ
رشکِ فرشِ استبرق | خاک و خاشاکِ مدینہ
قلنا للطیبۃ فی الوصل | اَوَ قد جبناکِ مدینہ
اَم فی رؤیانا ھذا | الا ان نراکِ مدینہ
ارسالِ وطن ہو پھر کاش | یون ہو امساکِ مدینہ

دیکھی تو اپنا منہ درِ گوشِ پری رُخان
ہو ہمسرِ سفالِ مدینہ منورہ

محسودِ چشمِ نازِ حسینانِ نازنین
ہے دیدۂ غزالِ مدینہ منورہ

رخسارۂ مدینہ تو ہے روضۂ رسول
اور بیچ سبزہ خالِ مدینہ منورہ

ذوقی ہے امرِ ذوقِ مدینہ کہاں وہ لفظ
جس سے بیان ہو حالِ مدینہ منورہ

یک ہفتہ میں نہفتہ ہیں اسرار دیکھیے
کیسے ہیں ماہ و سالِ مدینہ منورہ

تا وقتِ انتقال فقیر اب تو ہند سی
بہتر ہے انتقال مدینہ منورہ

کیا کچھ ہے احترامِ مدینہ منورہ
سلطانِ جہاں ہیں غلامِ مدینہ منورہ

رہتا ہون دلکو تہامکی جب کی سامنی
لیتا ہے کوئی نامِ مدینہ منورہ

ہر صبح صبحِ عید ہے شہرِ رسول مین
ہے رشکِ صبح شامِ مدینہ منورہ

اس غم مین نیند آئی تو کیون آئے اب مجھے
اک خواب تہا قیامِ مدینہ منورہ

گھبرای کیونکی گوشہ نشینی سی میرا دل
ہین یاد ازدحامِ مدینہ منورہ

کیا رات تھے وہ ہای کہ تہان تھے ہمسفر
کل ہوئیگا قیامِ مدینہ منورہ

گرتے تھے بامِ ہوش سے دل جگہ دور سے
پیشِ نظر تھے بامِ مدینہ منورہ

پانی سے وہانکی سیر کے دل اس سے ہو تو ہو
ہووینگے خاک جامِ مدینہ منورہ

شب زندہ دار ہند سے بہتر ہے ای فقیر
ہر صاحبِ منامِ مدینہ منورہ

باغِ رضوان ہے مدینہ طیبہ
راحتِ جان ہے مدینہ طیبہ

جانِ انسان ہے مدینہ طیبہ
شہرِ جانان ہے مدینہ طیبہ

کوئی لیجائی مجھے اور چھوڑ دی — اور کہی یہان ہے مدینہ طیبہ

میری ان انکھون سی اک لحظہ بھی کیون — ہائی نہان ہے مدینہ طیبہ

قالب ارض و سما ذی روح ہین — دیکھلو جان ہے مدینہ طیبہ

یعنے آسمان و زمین مین مدینہ مثل جان ہے ۱۲

یوسف عرفان ہے وہان قرب رسول — مصر عرفان ہے مدینہ طیبہ

بنتی ہین عاصی ہے اتقی الناس وہان — جای اتقان ہے مدینہ طیبہ

گر کہو فردوس دنیا مین نہین — کیون نہین ہان ہے مدینہ طیبہ

بہر ثقل و خفت ایمان خلق — کیا ہے میزان ہے مدینہ طیبہ

جابجا نازل ہوئین وہان آیتین — دار قرآن ہے مدینہ طیبہ

ہین فرشتی جسکے مرغان چمن — وہ گلستان ہے مدینہ طیبہ

شکل طیبہ مین مدینہ خلق کو — لطف رحمان ہے مدینہ طیبہ

وہ کتاب رحمت ای مولی دکہا — جسکا عنوان ہے مدینہ طیبہ

یعنی ذات رسول ۱۲

گرد ہین جن و بشر و وحش و طیور — چون سلیمان ہے مدینہ طیبہ

ای فقیر اللہ کا مخلوق پر
فضل و احسان ہے مدینہ طیبہ

دل سی جدا نہین ہے مدینہ منورہ — کیا جای دلنشین ہے مدینہ منورہ

محبوب عاشقین ہے مدینہ منورہ — مرغوب زائرین ہے مدینہ منورہ

انوار مسلمین ہے مدینہ منورہ — اور نار کافرین ہے مدینہ منورہ

ملجای مذنبین ہے مدینہ منورہ — واللہ حصن دین ہے مدینہ منورہ

کیا امن مومنین ہے مدینہ منورہ — قہر منافقین ہے مدینہ منورہ

وہ کون ہے جو آپ کا عاشق نہین یہان
مقبول عالمین ہے مدینہ منورہ

شیدای حسن جسکی ہین امصار اور بلاد
وہ دلبر حسین ہے مدینہ منورہ

اک لحظہ کب ہے دیدہ نظارہ سی وہ دور
گو وہ کہین کہین ہے مدینہ منورہ

نور نبی مدینہ سی تا غرب شرق ہے
خورشید بر زمین ہے مدینہ منورہ

الصدری زمین تری قسمت کہ تو مکان
ہے اور ترا مکین ہے مدینہ منورہ

کیا ہی یقین ہین اہل یقین جو ہین گئے
اور اسپہ بالیقین ہے مدینہ منورہ

اہل مذاق کو یہ عجم سر بسر ہے نیش
اور مثل انگبین ہے مدینہ منورہ

تدویر ارض کیجے جو خاتم کی شکل فرض
اوسکی لیے نگین ہے مدینہ منورہ

رحمت قرین ہے اوس نبی کہ نعم القرین ہین جو
جن سی بہت قرین ہے مدینہ منورہ

ہندوستان مین یاس ہے راحت ہے ای فقیر
چل راحت حزین ہے مدینہ منورہ

عالی ہو کیون نہ جاہ مدینہ منورہ
محبوب حق ہین شاہ مدینہ منورہ

دجال کے مجال کہان جا سکی وہان
وہان ہین ملک سپاہ مدینہ منورہ

دائم منورہ صفت طیبہ کیون نہو
ہے بے کسوف ماہ مدینہ منورہ

بالیدگی حسن ہے ہر دم تو کیا عجب
گردون بنی کلاہ مدینہ منورہ

آہن صفت ہے عاشق کو مدینہ دل
اور کہربا ہے کاہ مدینہ منورہ

یا رب عذاب و فتنہ دارین سے مجھے
حاصل رہے پناہ مدینہ منورہ

اودھا ہی کیون نہ دیدہ کہ یاد آتے ہین مجھے
لذات انتباہ مدینہ منورہ

پوچھا جو دل سی باعث منور نہان تو لبسر
نکلی صدا کہ آہ مدینہ منورہ

پہر گریبان ہند کو چہوڑای **فقیر** تو
پہر تو ہوا اور راہ مدینہ منورہ

ماہرو ہین عاشق ماہ مدینہ طیبہ
سنبلین ہو طالب کاہ مدینہ طیبہ

باادب استادہ ہی ہیبت سے وہان ہر سرو قد
زرد ہین گلرو بدرگاہ مدینہ طیبہ

عاشق چاہ زنخدان کب ہین عاشق مزاج
دیکہہ پائین وہ اگر چاہ مدینہ طیبہ

سایۂ حسن قدم حسن محمد ہے کہ یہان
ہر حسین ہے عاشق شاہ مدینہ طیبہ

حسن جنت کو ان آنکہون سی نہ دیکہون جب تلک
کیا کہون امثال و اشباہ مدینہ طیبہ

بات یہ یوسف زلیخا ہوئی گویا جو وہان
مین بہی ہون دربان درگاہ مدینہ طیبہ

جان ہوا ہو جائے اک دن کاش رہ کر وہان
دل ہوا ہے کہ ہوا خواہ مدینہ طیبہ

وقف آہ و نالہ ہین جن ہو شو ہر عشقباز
وہ ہین وقف نالہ و آہ مدینہ طیبہ

مورد قرآن و انوار حق و جبریل ہے
اللہ اللہ عزت و جاہ مدینہ طیبہ

ہم ضعیفون کو خدا پہنچائیگا امید ہے
کیونکہ بیٹھے ہین سر راہ مدینہ طیبہ

یا غنی ہے یہ دعا پہر بہی بلا ہی پہر بہی ہو
ہے **فقیر** اور وہ در شاہ مدینہ طیبہ

دیکہا نہ کچہہ بہی ہائی مدینہ منورہ
اللہ پہر دکہائے مدینہ منورہ

کیونکر نہ کہے عاشق بیتاب و بیقرار
دلمین اگر سمائے مدینہ منورہ

دل کیون نہ کہنچا جائے ہائے ہر دم کہ یاد ہے
وہ شکل دلربائے مدینہ منورہ

یارب یہان کہین مرے دلکو نہ آئی چین
جب تک نظر نہ آئے مدینہ منورہ

کسکا آشنا ہے دل اس جہان مین آج
جو دل ہو آشنائی مدینہ منورہ

ہین رشک بوسہ لب جو اس سرمے کے ہین
خرمائے جانفزائے مدینہ منورہ

کیا عاشقونکو راہ بتائی کوئی کہ عشق
ہے ساتھ رہنمائے مدینہ منورہ

اہل لوائے حمد کا مسکن وہی تو ہے
عالی ہے وہ لوائے مدینہ منورہ

(یعنی محمد رسول اللہ)
مقدور صبر کیا ہے کہ وہان ہے جابکی
جس دل مین یاد آئے مدینہ منورہ

یارب وہ کہادی کیسی ہین وہ جنکے عشق مین
ہین جان و دل فدائے مدینہ منورہ

یارب ترے فقیر بہت رہتی ہین وہان
مین ہے تو ہون گدائے مدینہ منورہ

ٹہوکر لگائین افسر کسرے کو کیون نہ وہ
جو سر ہین زیر پائے مدینہ منورہ

اللہ ری وہ دن بہارونکی قسمت کو دیکہنا
جن مین ہوئی بنائے مدینہ منورہ

اجرائے اشک چشم ہے بس اب کچہہ نہین
اظہار ماجرائے مدینہ منورہ

اپنے غم جدائی مین اب دیکہیے فقیر
کب تک مجہی رولائی مدینہ منورہ

لب ہون مین اور ثنائے مدینہ منورہ
ہون کان اور صدائے مدینہ منورہ

آنکہین ہون اور دید مدینہ ہو رات دن
دل ہو ہی اور ہوائے مدینہ منورہ

یہ جسم اور خاک مدینہ نصیب ہو
یہ سر ہو اور پائے مدینہ منورہ

یہ ہات ہون اور وہ پرنور جالیان
یہ چشم اور لقائے مدینہ منورہ

یہ پانو اور فضائے مدینہ مدام ہو
یہ سیر اور نخلہائے مدینہ منورہ

یارب یہ جان ہو اور مدینے کی موت ہو
فانی ہو اور فنائے مدینہ منورہ

ہو آستین ان آنکہونپہ اور آستانہ ہو
ہو درد اور دوائے مدینہ منورہ

یہ تشنہ لب ہو اور وہ پانی مزی کا ہو
ہو جوع اور غذائے مدینہ منورہ

کم ظرف مجہا اور مری یہ آزمائش ہین
ہین اور مبتلائی مدینہ منورہ

وہ عالیہ یہ سافلہ دیکہے تو اپنا منہ
یہ جان ہو اور فدائی مدینہ منورہ

گویا یہ جسم اور وہ جان ہین ہم مین
دل اور دل ربائے مدینہ منورہ

پہر ہین ہون اور رحمت حق مجکو کہینچکر
لیجائی اور دکہائی مدینہ منورہ

یارب فقیر خستہ او انعام تیرے یہ
مسکین کو اور عطائی مدینہ منورہ

دل ہے شیدائی مدینہ طیبہ
جان ہے جائے مدینہ طیبہ

دل ہی آتی تہی صدا رخصت کے دن
دمبدم ہائے مدینہ طیبہ

نار دوزخ سرد ہوئی دیکہکر
جوشش دریائے مدینہ طیبہ

مردم صد چشم دل ہے بالضرور
یک تماشائی مدینہ طیبہ

کاش مین پہرتا رہون دیوانہ وار
سر بصحرائے مدینہ طیبہ

دیکہکر دل مین زیادہ ہو گئے
وہ تمنائے مدینہ طیبہ

سر بسجدہ ہون کہ پہر آنکہون مین ہے
نور سیمائے مدینہ طیبہ

حق شناسی اوسکا حق ہے جو کہی
یہان شناسائی مدینہ طیبہ

جائین قربان اوسپہ ہیں ہوش اگر
خواب مین آئے مدینہ طیبہ

رکہی وہان ہردم غلامون کی طرح
مجکو مولائے مدینہ طیبہ

ہے فقیر اوس شکل یوسف کے سبب
دل زلیخائے مدینہ طیبہ

مدینے والے ہین ہمسایۂ رسول اللہ
وہ کیا ہی اچہی ہین ہمسایۂ رسول اللہ

الہی اونکو ہو محشر مین ظلِ عرش نصیب / جو ہو گئی آئی ہین ہمسایۂ رسول اللہ

رہین گے مائدۂ کبریا سی عیش مین وہ / جو بہو کی پیاسی ہین ہمسایۂ رسول اللہ

وہان رہینگے وہ حیرانِ حق یہان جو لوگ / ہمیشہ رہتی ہین ہمسایۂ رسول اللہ

مبارک اونکو حیاتِ ابد بقیع مین ہو / جو مرکے ہوتی ہین ہمسایۂ رسول اللہ

لوائی حمد سی ہی ظل رحمت اونکی لیے / جو دین والی ہین ہمسایۂ رسول اللہ

امان و رحمتِ حق سائبان انکا ہے جو یہان / خدا سی ڈرتی ہین ہمسایۂ رسول اللہ

جلائیگی اونہین اللہ کی تجلی قہر / جو بولہب سے ہین ہمسایۂ رسول اللہ

قرین ہین عالمِ برزخ مین ہے عتیق و عمر / وہ دونون ایسی ہین ہمسایۂ رسول اللہ

کچھ آفتابِ قیامت کا غم نہین ہمکو / کہ سر پہ رکہتی ہین ہم سایۂ رسول اللہ

فقیر تو ہی نہین ہای ہای ورنہ وہان
ہزارون یہان کے ہین ہمسایۂ رسول اللہ

کیون لائی پہر مدینہ سے یہان مکر و فن کے ساتھ
جو لیگئے تھے وہان مجھے غمخوار بن کے ساتھ

ہجرِ بلال برج نے اس خستہ تن کے ساتھ
ایسا کیا جو تیشہ نے وہان کوہکن کے ساتھ

نہر اب آبِ ہند کو پیتی ہین ہای ہائے
آبِ مدینہ پی چکے ہم حسن دہن کے ساتھ

وہان قربِ اسطوانۂ و دود چراغ تھا
کیا خوش رہون یہان کہین سرو سمن کے ساتھ

میت کو میری ہو درِ روضہ اگر نصیب
وہان میرا منہ کوئی نہ چھپانا کفن کے ساتھ

اون جالیون سے طایرِ دل کا یہ حال تھا
ہوتا ہے حال صید جو ناوک فگن کے ساتھ

دیوانہ بنکے رہ نگیا مین مدینہ مین
کیا باندہ کر مجھے کوئی لاتا رسن کے ساتھ

یارب وہ طوطیان مدینہ ہون اور یہ کان
ہون بیدماغ ہند مین زاغ و زغن کے ساتھ

چلتا تھا جب مدینہ کو مسکین بنکے تو
ای نفس خوش تھے ہم تری ایسی چلن کے ساتھ

ذی ہوش وہ ہین جو ابوالابصار عمر بھر
وشتِ مدینہ مین رہے دیوانہ پن کے ساتھ

جنت سمجہ گئے تھے مدینے کو ہم تو کیون
ایسا ہے حالِ دل تھا ذباب حزن کے ساتھ

انکھو مین پھر رہا ہے جو وہان سر نگاہ مین
آتا تھا جالیون سی وہ اک نور جبین کے ساتھ

گویا جنان سے دور جہنم سے ہون قریب
ہجر مدینہ مین ہون جو قرب وطن کے ساتھ

دل میرا عندلیب گلستانِ طیبہ ہے

کیا کام اسے خزان و بہار چمن کے ساتھ

عشق مدینہ مین یہ خیال آ گیا فقیر
کیا شوق ورنہ تھا مجھے شعر و سخن کے ساتھ

ردیف الیای

ملی جو خاکِ مدینہ خضاب کے بدلے
تو مفت ہو گئے وہ پیری شباب کے بدلے

محال ہے لبِ کوثر ہو وصف مین گویا
پیا جو ہمنے مدینے مین آب کے بدلے

شبِ مدینہ منور ہے مثلِ روز تو وہان
وہ کیا ہے نور فشان ماہتاب کے بدلے

یہ کیون ہوا سفرِ طیبہ سے قیامِ وطن
بلائی جان ہے سکون اضطراب کے بدلے

شبِ مدینہ کی یاد آتی ہے وہ بیداری
کہ اشک بہتے ہیں مری آنکھوں مین خواب کے بدلے

یہ سوزِ عشق محمد ہے حشر مین راحت
امان یہ داغ ہے وہان آفتاب کے بدلے

طلب ہو بحر سے گر مصطفے کو آبِ وضو
تو حاضر آبِ گہر ہو گئی آب کے بدلے

یہ غارِ ثور یہ ہے تارِ عنکبوت سے رشک
کہ ہو مین تارِ نظر اوس لعاب کے بدلے

جو نالہ زن ہون صحرا مین ہون وہ بیکسِ عشق
صدائے کوہ نہ نکلے جواب کے بدلے

یہ اونکے رنگ بدل جائینگے قیامت مین
جنہون نے حکم حدیث و کتاب کے بدلے

یہی تو اب سالکینِ عشق بس ہے وہان
کہ ہو غبارِ مدینہ ثیاب کی بدلے

وہ بحرِ حسن جو محشر مین جوش زن ہوگا
تر ہو گئی چشمِ دو عالم حباب کے بدلے

جو صرفِ راہِ محمد ہون درہم و دینار
تو ہون مین رجمِ شیاطین شہاب کے بدلے

غنے حلاوتِ دنیا مین پھر نفس مگس
مذبذبین مین ہین مگس فراب کے بدلے

مدینہ مین یہہ کہا سب نے اٹھو لیل و نہار
فقیر خستہ و خانہ خراب کے بدلے

بچھوڑون مدفن طیبہ حیات کے بدلے
وہان حیات ابد ہے ممات کے بدلے

کہان نصیب سر تاجدار لطف خرام
رہ مدینہ مین پائی حفات کے بدلے

ہدیہ لائی اگر لیلی الف لیل وصال
قبول قیس ہو وہانکی رات کے بدلے

خدائی مژدۂ دیدار مجکو مین ہان
دکہایا نور ہی نور ذات کے بدلے

اگر ہے مصر سخن آج اس قلمرو مین
تو حمد و نعت ہین نیل و فرات کے بدلے

در نبی سی سفر کرکے جینے تائی نصیب
لیا عذاب سقر کس نجات کے بدلے

الٰہی مین تو وہ قربانئے حرم ہوتا
کہ ذبح ہوتا گناہ عصات کے بدلے

دیا زبان کو محمد کے بات نے وہ مزا
مری زبان پہ قند و نبات کے بدلے

جو نکتہ سنج جہان نکتہ دان دین ہوئی
تو پائی نکتۂ دل ون نکات کے بدلے

گئے خوا کہ نعت رسول عالم مین
ملی ہی شاخ جنان محکوہات کے بدلے

نگین ختم سلاطین کے ہیچ باطل ہے
نقوش پائے شہ کائنات کے بدلے

جو مدح حسن نبی کے لیئے اوٹھاؤن قلم
تو چشم حور ہو حاضر دوات کے بدلے

بیان نعت مین کہتی ہی مجہسی میر زبان
نبات مصر ہلون تیری بات کے بدلے

صفات تک کہان ہین مجھے نصیب ہو کاش
صف نعال محمد صفات کے بدلے

جو دم کے ساتھ ہو سنت کا اختیار فقیر
تو پائین ہم حسنہ سیئات کے بدلے

غزل فارسی

برطیبہ زما حجاب تا کے — این حور درین نقاب تا کے

بی دلبرم اضطراب تا کے — قلب من و انقلاب تا کے

صد الف صلوٰۃ بر محمد — اکرام من از جواب تا کے

یارب بدر نبی رسانم — مہجوری آنجناب تا کے

بے نور جمال او آہے — بیتاب قرین تاب تا کے

دریاد ہوای شہر احمد — سوز دل والتہاب تا کے

بنگر بجہان جمال سنت — ای چشم بخواب خواب تا کے

خاک عتبہ کنم خدایا — بربا نظر عتاب تا کے

ای نفس سنین عمر برباد — بی سنت و بی کتاب تا کے

آنرا کہ مشام روح داند — بوی عجب العجاب تا کے

از جنت روضہ اش بعیدم — حرمانم ازین ثواب تا کے

ای دیدہ تر خیال طیبہ — چون نقش کشتی بر آب تا کے

این قربت ہند و کار و بارش — این دوزخ و این عذاب تا کے

جاروب کش مدینہ شو نفس — این صورت شیخ و شاب تا کے

ای جان قصیر در مدینہ
تسکین تو فی التراب تا کے

مدینے مین جو دیکھا ہے وہ کیا گفتار مین آئی
زبان سی مرزوقی کسطرح اظہار مین آئی
جمال طیبہ سمجھے غیرت قصر سلیمانی

اگر بلقیس ہے یکبار وہان کہسار مین آئی
(کوہستان مدینہ)

مدینے مین رہین ہے غرق کس دریائی رحمت مین
کہان سی اتنے آنسو میری چشم زار مین آئے

ذرا اون جالیون مین جہانک کر دیکہین تو یہ عشاق
کہ پہر ہے دل کسی دام نگاہ یار مین آئی

جو غار ثور پر ہو طاقت گاوزمین کو رشک
عجب کیا ہے کہ نقش مصطفے جس غار مین آئی
(بار نبوت)

محبت کی ترقی مین بہت بیتاب ہو ہو کر
مدینے کے لیئے دل کیون نہ ہر دم پیار مین آئی

امان ہو دیو خورشید قیامت سے جو میرے موت
دیار مصطفے کے سایۂ دیوار مین آئے

جو ہر اہل ایمان عشق احمد ہے تو کیا حیرت
کہ وہان آپ مدینہ کا سہ ابرار مین آئے

نہ آئی خواب مین بہی نیند پہر اوس محو حیرت کو
وہ دار مصطفے جس دیدۂ بیدار مین آئے

دل محزون کو یاد آئی نکیون شہر رسول اللہ
شفا کا غم نکیون کر خاطر بیمار مین آئے

مدینے سی چلے آئی جنت مین ہے افسوس	
تو گویا چہوڑ کر جنت کو ہم پہر نار مین آئے	

مدینہ میں ہوا آہ کی یہ بدن مٹی
تو کیوں نہ غم سے ہوئی گور بی کفن مٹی

کہاں ہے شہد و نبات عجم میں وہ لذت
کہ جو مدینہ میں پیتے لذت دہن سے

پسیرے آنکھیں ہیں ملجا میں اوس غبار میں کاشتر
گئی ہوا سے جو اون جالیوں میں چمن مٹی

مدینہ میں تن عریان کو ہو لباس بہشت
لگی ہوئی ہو اگر جای پیرہن مٹی

مریم شمار کجا بینگے وہاں تو رو نینگے
پڑ گئی اونپہ یہاں جب ہزار من مٹی

زمین طیبہ سے ہر گلبدن کو بستر گل
نصیب کسکو ہو وہ غیرت سمن مٹی

فدا ہیں مشک و عبیر اوسپہ جو مدینے سے
ہدیہ لائی ہیں ہم جانب وطن مٹی

پری ہیں خاک مدینہ میں اک جہان کے دل
تو کسقدر ہے وہ مرغوب دل فگن مٹی

غش آئی ہے تپ ہجر مدینہ سے مجکو
سنگھائیں لاکی مجھے وہانسی مرد و زن مٹی

یہ کہہ رہا ہوں نبی کی خاک جاکے بات
سخنوروں میں ہو کیونکر مرا سخن مٹی

جو گھر بنائی تو جنت میں ای فقیر تو بس
وطن کو چھوڑ مدینے میں رہ کی بن مٹی

غزل فارسی

دل بعجم کہ نظری داشتے
گر ز مدینہ خبری داشتے

کاش تن کمن نخیل رسول
صورت جذع شجری داشتے

ذیل نبی یافتی گر دل چرا
دست بدست دگری داشتے

بجنت کجا گر جبل مصطفی
بر سر گورم حجری داشتے

گر نشدی رشح مدینہ برو
نخل دلم کے ثمری داشتے

کاش شب وصل دیار رسول — صبح قیامت سحری داشتے

تا بدرش یکسیم پیک روح — کاش کہ پیغامبری داشتے

کی شدی آثار مدینہ بعید — آہ دلم گر اثری داشتے

رشک شباک در آن شاہدم — چون نہ مشبک جگری داشتے

طالعی کو جان من اندر فضایش — کالبد جانوری داشتے

کاش تمنای سفیرای فقیر

روز و شبم در سفری داشتے

پیوستہ ہو جو لغت نبی کی کتاب سے — کیا کم ہو شان کاغذ ابر سحاب سے

وصل ہے جسم رحمت حق جن ثیاب سے — ممتاز ہین وہ ثوب نبی کس ثواب سے

وہ نور حسن حجاب مین اعجاز کر دکھای — بینا ہوئی وہ دیدہ اعمی کو خواب سے

پیری مین ہے قیام مدینہ ہو گر نصیب — ہر شب وہان کی کم نہو عہد شباب سے

وہ لب نہو نہ لب کوثر جہان مین — تر ہو چکی یہان جو مدینے کی آب سے

بحر سفر ہے دیدہ تر ہر دم اپنی پاس — چل ای نگاہ شوق تو چشم پر آب سے

یہ دل ہو اور نبی کی دو انگشت مرو نہی — مولی بچائی قلب و ر انقلاب سے

کب کائنات کاف لعمرک سے ہو عدیل — ممتاز آج کون ہی ایسی خطاب سے

گر موصل فرات مدینہ نہین تو پھر — ہر بحر عذب ہند ہے کیا کم عذاب سے

قربان ہے جان شیرین اوسی بحر شور پر — جسنے اسی قریب کیا اوس جبل ناب سے

محروم جو کہ اوس عتبہ سی ہین اغنیا — بیخوف کسقدر ہین خدا کے عتاب سے

ہر روز کیون لگی نہ نظر ہے مدینہ پر — آفت ہے تاب دل پہ یہ رشک آفتاب سے

ممکن نہین کہ شاعر غالی کو مدح مین
حاصل ثواب ہو سخن ناصواب ہے

حاصل ہے صرف نازی مضامین مصطفے
دیوان مرا بری ہی عجم انتخاب ہے

کفارۂ ذنوب ہے اسمین ثنای فقیر
تحریر مدح کم نہین فتح کتاب ہے

گر سبز کشت دل ہو مدینی کی آب سے
محشر مین کیون پھر اسکو ہو خوف آفتاب سے

یہان آئی کیون جناب رسالت مآب سے
بدلا یہ کس ثواب کو ہمنے عذاب سے

لاکھون سلام مین مرے اس آرزو مین کاش
ہو جائیون ایکبار مشرف جواب سے

کہتی ہی گرمی شب ماہ فراق یہان
ٹھنڈی ہی وہانکی ہوا شب مہتاب سے

پوچھا کسینی اوس در مرقد کو یہان تو لبسر
آنسو ٹپک گئے مری چشم پر آب سے

جب تک ہو سکون مدینہ مجھے نصیب
یارب کہین سکون ہو اضطراب سے

مین جسمین دیکھتا تہا رسول خدا کو ہای
کیون قبل حشر کھل گئے آنکھہ ایسی خواب سے

ہین خوش لباس خاک مدینہ سی جو نصیب
زینت ہے اونکو تو ہے ہمکو ثواب سے

کیون مدفن بقیع سے محروم رہگیا
شور فغان ہے اس دل ناکامیاب سے

یارب ہے علاقۂ دل مصطفے کے ساتھ
قایم ہے لب پہ خیمۂ دین اس طناب سے

بیزار ہین جو سنت احمد سی اشقیا
گویا جعل ہین مری ہین بوئے گلاب سے

راہ مدینہ سے جو منحرف ہوئے قدم
امید خلد ہو گئے اس ناتراب سے

بیتاب مہر روئے محمد ہوگئے تاب
چھن جائیگی یہ تاب جب اس آفتاب سے

فصل بہار و باب گلستان عجب ہے آج
میری کتاب بن گئی ہر فصل و باب سے

ہر دم حساب عقدۂ انامل سی لے فقیر

گر خوف ہے محاسب روز حساب سے

مجکو رستا بتا دیا کسنے — اور مدینہ دکہا دیا کسنے

آب طیبہ پلا دیا کسنے — ذوق ایمان بڑہا دیا کسنے

مسجد خاص مین عنایت سے — سر ہمارا جھکا دیا کسنے

تشنہ لب جسکی عمر بہر تہے وہی — ہمین زمزم پلا دیا کسنے

کر دیا جسنے ہمکو یہان بیخود — تجکو عطر اے صبا دیا کسنے

عشق محبوب کا مزا اے دل — تجکو کیا کچہ دیا دیا کسنے (بولی مدینہ تنے دیا)

ق

تجکو اللہ نے دیا یہ مزا — اور اوسکے سوا دیا کسنے

شب رؤیای مصطفے مین ہائے — قبل محشر جگا دیا کسنے

تہی مدینے مین کسکے بو یارب — ہوش دل کو اوڑا دیا کسنے

رحمت حق تہے تو احمد سی — دل ہمارا لگا دیا کسنے

تہا وصال مدینہ شربت قند — زہر ہجران ملا دیا کسنے

جو تہا ہجر طیبہ غول تو پہر — طفل دل کو ڈرا دیا کسنے

جب سے اون جالیون نے آنکہو مین — دل ہمارا لیا دیا کسنے

درد عصیان مین سر کو وہان کا غبار — مثل صندل لگا دیا کسنے

مدعای دلی فقیر تجہے — یہ بغیر از خدا دیا کسنے

بقیع پاک مین روح مدن گیے ہوتے — تو دل سے شدت رنج و محن گئی ہوتی

نگاہ شوق کہاں جاتے پہر خلا جالی — جو میرے آنکہ سے جالی ہے بن گئی ہوتی

جو آپ جاوہ مدینہ بہی ہیتی عاشق لوگ
تو کیون حسرت چاہ ذقن گئے ہوتی

ہوتا کچھہ دل یعقوب کو غم یوسف
جو وہان وہ نکہت گل پیرہن گئی ہوتے

یہ رشک تہا کہ حلیہ ہے آپہی محو جمال
نگاہ شوق کی جالی سے چمن گئے ہوتے

یہ رہتی صحبت ہر گل سے بید باغ فقیر
اگر مدینہ کو بادِ چمن گئے ہوتی

فقیر کب کا مدینے مین توبہی جا رہتا
جو تیری وکسی یہ حب وطن نہ گئے ہوتی

نظر شوق کو اللہ رسائی ہوتی
آنکہہ جالی درِ احمد کے بنائی ہوتی

مین بہی گر خاکِ درِ مسجد احمد ہوتا
تو مری کاسکو پہر وہانسی جدائی ہوتی

مصر پہر یاد نہ آتا جو زلیخا کو وہان
خواب مین شکل مدینہ نظر آئی ہوتی

کہلتے زنجیر درِ روضہ انور ہی ذرا
دل عشاق کی تب عقدہ کشائی ہوتی

ق

تو بہی روح کو ہوتی یہ خوشی ہی دمبدم
جسم مین کاسکو پہر جان سمائی ہوتی

وہان سنگ کہ ہے ابرار مین یا رب مسطور
خاک طیبہ مین مرے خاک ملائی ہوتی

زندگی تو مجھے پہر ہند مین لے آئی فقیر
کو حسرت ... کو وہان موت بہی آئی ہوتی

سحر ہجر وصل مین ہنگامہ رحلت آہ و زاری ہتی
مگر کیا کچھہ سہتے وہ جو وقت رخصت آہ و زاری ہتے
نظر ... جب تک وہ برج سبز روزِ ہجر
تو پہر پہر دیکہتی ہتی اور بشدت آہ و زاری ہتے
وہان ہر سنگدل محروم ہتا رونی کے لذت سی

نصیب اُنکے وہ مولیٰ کی عنایت آہ وزاری تھے

کہیں گے رونے والے دیکھکر کثرت شفاعت کو
سراسر اپنے حق مین ابرِ رحمت آہ وزاری ہے

وہان ہر مرد وزن ہر عاشق و معشوق روتے تھے
درِ محبوبِ عالم پر بکثرت آہ وزاری تھے

وہان جب کوئی روتا تھا ہزارون کو رولاتا تھا
دکھاتی اک عجب تاثیرِ رقت آہ وزاری تھی

اُٹھی اک جوشِ گریہ کی کہ ادھر سے اودھر جوش آیا
ترقی مین وہان ساعت بساعت آہ وزاری تھی

اگر وہان عمر بھر روتا ہی رہتا مین تو خوش رہتا
یہان شادی سی وہان پر ذوق و لذت آہ وزاری تھی

فقیر اپنا تو دل وہان بھر رہا تھا شورِ افغان سے
مگر مخفی پئے آدابِ حضرت آہ وزاری تھی

سفر کا غم نہ کچھ خوفِ سفینہ یاد رہتا ہی
وہان جاکر تو بس مکہ مدینہ یاد رہتا ہی

ملا جب خاکِ طیبہ مین یہ دل وہ کیون نہ یاد آئی
کہ ہر انسان کو گنجِ دفینہ یاد رہتا ہی

گوشہ ۱۲

الٰہی پھر ملے صفِ نعالِ مسجدِ انور
غلامون کو ترے اپنا قرینہ یاد رہتا ہی

مدینہ کی گلیم فقر میں جسکو مزا آجائے
توکب پشمینہ و ابریشمینہ یاد رہتا ہی

مدینے میں وہ ہو جاتا ہی خالص دل کہ غیروں کی
نہ الفت یاد رہتی ہے نہ کینہ یاد رہتا ہی

وہ کیا جانیں کہ جو ذیقعدہ کو خالی سمجھتی ہیں
ہمیں تو وہ زیارت کا مہینا یاد رہتا ہی

چلا جاتا ہی دل اون جانبو میں سے کہاں یارب
کہ اوسکو پھر نہیں آرام سینہ یاد رہتا ہی

وہ صحرا و جبال اور سنگریزی ہیں مدینے کی
کہ وہاں سلطان کو کب ملک خزینہ یاد رہتا ہے

کہیں یہ جان ہمکو اس لیے شیریں ہوئے شاید
کہ ہر دم اسکو خرمائے مدینہ یاد رہتا ہی

مدینے کی خوشی ہی ہند کی ظلمت میں ایسی یاد
کہ جیسے قبر میں عاصی کو جینا یاد رہتا ہی

فقیر امید ہی کہ دن مدینے میں سکون ہوگا اگر یون ہی مدینہ پر سکینہ یاد رہتا ہی	انشاء اللہ المستعان ۱۲

اب تو طاقت نہیں جدائی کے لی او لی باد اگر نصیب میں ہو ہو رسائی مدینہ تو اے دل	ساعت آئیگی کب رسائی کی کیا شکایت شکستہ پائی کی گر تمنا ہے پارسائی کی

پایۂ عرش اتو بات آجائیگا | رہنما گر بات آئے مصطفے
بلبل باغ قدم ای گوش دل | ہے حدیث خوش نوائے مصطفے
میرا ایمان اور یہہ میرا امتحان | دل مرا اور مبتلائے مصطفے
ہم فرشتی کسطرح بنجائین آج | خادم خلوت سرائے مصطفے
آشنائی بحر دین حق ہی وہ | یہان جو دل ہی آشنائی مصطفے

کاش اوڑ جائون یہان سے ای فقیر
سر سو میرا اور ہوای مصطفے

نحن لا نحصی ثنائی مصطفے | خود ثنا خوان ہے خدائی مصطفے
صبح امید نجات عاصیان | خندۂ دندان نمائی مصطفے
ہی مساکین محبت کی لیی | خوان سنت پر صلائی مصطفے
ہی ندائی غیب مروہی ہین | آپ روپوش ندائی مصطفے
رکہتی ہی مشتاق کوثر دلکو یہان | لذت دست عطائی مصطفے
سو مبارک اونکو بیداری دل | خوابمین یہان جنکی آئی مصطفے
کیا ہی داعی قران خاص حق | خلق مین قرآن لائی مصطفے
کیون نہو بالائی جنات النعیم | ہی سر فردوس خائی مصطفے
عاشق یوسف زلیخا کیون نہو | ہی رخ یوسف مین پائی مصطفے
کیون نہ ہردم ساجد قایم رہے | عاشق آن و ادائی مصطفے

شل آہ نارسا ہون ای فقیر
دیکہیی کب ہون رسائی مصطفے

اول خلق عالمین ہے وہی نور مصطفیٰ
گرچہ آخر مرسلین ہے یہ ظہور مصطفیٰ

شاکر کردگار ہی جو ہی شکور مصطفیٰ
اور کفور حق ہی وہ جو ہی کفور مصطفیٰ

سیدنا جمیلنا جارنا خلیلنا
کان لنا دلیلنا کل امور مصطفیٰ

گشت سرور جسم جان حب رسول در جنان
ہست صدور عاشقان جای صدور مصطفیٰ

رہ گئی تھک کے سب ملک پہنچا نہ کوئی تا فلک
جب ہوئی نو کی نو فلک جای عبور مصطفیٰ

محو خدا ہی اسقدر دیکھا نکچھہ ادہر اودہر
رہ گئی طالب نظر جور و قصور مصطفیٰ

حسرت و غم مین روز و شب ہو نہین یہان تو جان لب
دیکھیی ہو نصیب کب مجکو حضور مصطفیٰ

روح جسد کو چھوڑ کر مجہی ہی جای پیشتر
دور سی آ مین گر نظر مسکن و دور مصطفیٰ

دم ہی یہان نکلنی دی جلد کہین ہے مجھے
سوی مدینہ کہینچ لے شوق وفور مصطفیٰ

دل کو جبہی قرار ہو راحت جسم زار ہو
مدفن جان نثار ہو جای مرور مصطفیٰ

تب زدہ فراق کو اوسی شفا جو ہو تو ہو
اوسکو کہین سے لا کی وہ آب طہور مصطفیٰ

کچھہ نہ سکے ہو خبر کوئی جیسے کہ جا مرے
دی مجہی یارب اسقدر شوق و سرور مصطفیٰ

ہجر نبی مین خستہ دل ہے یہ **فقیر** بستہ دل
اسکو نرکھہ شکستہ دل رب غفور مصطفیٰ

کس دلمین عشق سے نہ لگا تیر مصطفیٰ
وہ کون ہے کہ جو نہین نخچیر مصطفیٰ

دیکھا نہین ہے اوسکو مگر جوش عشق مین
پھرتی ہی سیر کئے انکھو نمین تصویر مصطفیٰ

رحمت ہے ہمکو خرمن کفار کو ہے برق
کیا طرفہ شان رکھتی ہی تقدیر مصطفیٰ

یارب ہمیشہ قید علائق سے دور رکھہ
اور مجکو رکھہ تو پای زنجیر مصطفیٰ

گرتی ہی مثل سایہ زمین پر عدو کے دین
پڑتا تہا جنپہ سایہ شمشیر مصطفیٰ

سنگ و شجر سلام کلام اونسی کرتی ہین
انسان کو کیا ہو نگی تاثیر مصطفی

کیا لطف ہے حدیث محمد مین کیا کہون
رہتی ہی دلمین لذت تقریر مصطفی

کیا تاب ہے کہ کوئی مفسر بیان کری
قرآن کی حدیث ہے تفسیر مصطفی

کیا کچھ خدا ہی خوش ہے محمد سی اے فقیر
تقدیر ہے موافق تدبیر مصطفی

فرقت محبوب نی مارا مجھے
کوئی ملا دیجو خدارا مجھے

مین وہ ہی کا ہون دیوانہ کاش
شیفتہ عالم کہے سارا مجھے

تب زدہ عشق مدینہ ہون مین
کب ہے غم بلخ و بخارا مجھے

دیکھیے دریای غم ہجر کا
کب نظر آتا ہے کنارا مجھے

مین بہی رہون قافلہ مین اک غبار
آتا ہے لیجای سہارا مجھے

تجکو بلائین گے مدینی مین ہم
خواب مین ہوجای اشارا مجھے

گنبد اخضر سے جدا ہون مین ہای
زہر یہ کیونکر ہو گوارا مجھے

نقد دل و جان جونہی کو ندون
دونون جہا مین ہو خسارا مجھے

جائون مدینی مین تو پہر یا خدا
ہجر ہو وہان سے دوبارا مجھے

سنکے مری جان مین آتی ہے جان
نام محمد کے وہ پیارا مجھے

شہر محمد مین رہون اے فقیر
ہو نہ کبہی قرب نصارا مجھے

ہند سے جائون مدینی مین تو ہو لاکھ خوشی
جیتا رہونا ہے جنت مین جانی کی خوشی

کیا عجب ہے فرطِ شادیسی وہان مرجاؤنمین
اسقدر شکلِ مدینہ دیکھکر ہو گئے خوشی

جا لیو مَین روضۂ انور کے ہوئین میری بات
تب تو مین جانون کہ میرے دام مین آئی خوشی

ابتو جینا اور مرنا ہو مدینے مین مرا
جیتے جی وہانسے نہ نکلون تب ہو میرا جو خوشی

جو کہ دل خوش لیکے آتی ہین دہانسے یاخدا
مجکو بہی حاصل طفیل و نکے ہو اب میر خوشی

ساکن شہرِ محمد خوش رہینگے یون مدام
جیسے جنت مین کبہی دل سے نجائیگی خوشی

قدرتِ حق ایسی شی ہے ای فقیرِ دل حزین
دم کے دم مین آج ہو جاتی ترے غم سے خوشی

گر نصیب اپنے محمد کی شفاعت ہو جائے
شرطِ الفت ہے ہے جان رخصت ہو جائے
تشنہ کامان محبت کی دعا ہے یارب
اوسے مولی کو محبت ہے فرشتو نکو وفاق
ہو دل تب زدہ عشق کو طوبی سے خنک
یاخدا خفتہ و بیدار زبان کو میری

ہے یہ امید کہ عصیان ہے عبادت ہو جائے
مرقدِ پاک سی عاشق کی جو قربت ہو جائے
کہ ہمین پانی مدینے کا عنایت ہو جائے
جسکو یہان ذاتِ محمد سی محبت ہو جائے
راہِ طیبہ مین اگر دہوپ کے شدت ہو جائے
رات دن صل علی کہنی کی عادت ہو جائے

ای فقیر اب تو خدا عشق سے غرق ہی محکم

اور سینی سی بنت کے مجھے نفرت ہوجاے
بنام وطن مصنف ۱۲

مضامین اندرز و عرض حال در حضور پرنور بوقت حضور زناز دور

نصیحت ۱۲

یارو جو سفر کے ہین سامان تمہاری — کس کام کے ہین مال و تن و جان تمہارے
اکدن یہ بدن خاک مین ملجائینگے واللہ — اور گہر بہی یہ ہوجائینگے ویران تمہارے
محمل کو مدینے کی لیے اب کہین باندہو — مینے تو بہت کہول دیے کان تمہارے
گہبراتی ہو اس راہ کی چلنے سی جوانون — کیا کہی ضعیف ایسی ہین ایمان تمہاری
یارب در احمد پہ یہ ہم جا کہین اکدن — ہم خاک نشین آج ہین مہمان تمہارے

ق

مہمانی یہی ہمسی غریبون کیلیے ہے حضرت — لاکہون صلوات ہی ہون قربان تمہارے
اور آپ جواب ایک ہے فرمائین تو ہمپر — لاکہون ہمین اکرام اور احسان تمہارے
مان باپ پہ احسان کرون کیا اس سے زیادہ — کرتا ہون مین اونہونکو قربان تمہارے
کیا شکر ہو اللہ کا یا حضرت احمد — ہم جیسے بہی مجرم ہوی حیران تمہارے
اب وصل کے شادی سے ہمین ہر دم ہو مبارک — ہمسے گئے رنج و غم ہجران تمہارے
شکوی تہی جدائی کے ہزارون مرے دلمین — سب بہول گیا قرب مین ایجان تمہارے
یہان آتی ہوا ہو کی مرے جان مقرر — جو آنی ندیتی مجہے دربان تمہاری
بس آپکی توصیف تو ہی کام خدا کا — کیا ہوسکین ہم لوگ ثناخوان تمہارے
سب کچہہ یہ وہان عرض ہوا بدوستو جسدم — دلمین ہین پہر میرے نہ ارمان تمہاری

سچ کہا فقیر آپکو یہ کس سے ہوا عشق
کچہہ کہتے ہین کیا دیدہ گریان تمہارے

جبھی سنت میں مسکنے عطا کی
خدائی سلطنت دی دوسرا کی

مریض ہجر احمد ہوں خدا سے
مجھے امید ہے اکدن شفا کی

جہاں میں آب تیغ مصطفے سے
ہمیشہ کفر کی آتش بجھا کی

جو کشت بت پرستی تھی جہاں میں
سبھے برق رسالت نے فنا کی

نبی سی چاہیے خالص محبت
رضا ہی کب یا میں کبریا کی

مثل مشہور ہے نور علی نور
رخ روشن جبین پر ضیا کی

بشکل صفحۂ قرآن ہے گویا
وہ صورت ہی محمد مصطفا کی

نقاب حور بن جائی یہ کاغذ
ثنا لکھوں جو چشم با حیا کی

بنی ہر طائر دل کے لیے جال
وہ جالی روضۂ خیر الوری کی

سلام اوپر خدایا جا کہوں آپ
نہ اوٹھوا نشتین باد صبا کی

یہ ہر کچھ ہے عرض ہاں ہو تب مزا ہے
یہاں کیا گو سینے واہ واہ کی

قدم جس جا ہی رکھتی تھی نبی کا شر
ملی اوس خاک میں یہ جسم خاکی

اگر خاک مدینہ ہات آجائے
مہوس کیا ہوس ہو کیمیا کی

فقیر اب چل مدینے کو یہاں سے
تو ہی سامانیوں کا کیوں ہے شاکی

اپنی ہی عیش کا ہر دم جو مزا جاتا ہے
لذت عشق محمد کو وہ کیا جانتا ہے

کیا ہی شرماتا ہوں میں مجکو فقیر ایک جاہل
عاشق حضرت شاہ دوسرا جانتا ہے

کیا دکہائیگا کوئی تجکو مدینہ اے دل
نہ دکہاتا تو وہ مولی ہی مرا جانتا ہے

جو ہی عاشق مگر اوسکو نہیں عشق احمد
دل لگاتا ہے تو کیا دلکو لگا جانتا ہے

وہاں بہشت مین ہے لذات نعیم اوسکی لیے
مین ہے بس جانتا ہون خاک مدینہ ہے وہ
جسکو جی جانتا ہی جگہ ہے وہاں اس تیے بس
ہمیرہ تخت نشینی ہے یہاں جے اوسکو

غم سنت کو جو یہاں اپنے غذا جاتا ہے
درد دل کے کوئی کیا خاک دوا جاتا ہے
ہر کوئی تجکو ہی آ کے باد صبا جاتا ہے
جو وہاں خاک نشینی کا مزا جانتا ہی

اب نہ کہہ تو مجھے جانی ہی مدینہ کے فقیر
جسے بہت چاہتا ہے میرا خدا جانتا ہی

حرم کو قافلہ جسدم سوار ہو کی چلی
حرم مین رتبۂ حجاج دیکھا جسدم
کمال الفت احمد کہان جو دنیا دار
خدا بچائی ہمین ایسی گہر کی الفت سے
رفیق بیکسے اپنا ہے کون یا اللہ
درم شماری مین جو رہ گئی گئی نہ وہان
وہ جان نثار محمد کے ہیے مقرر ہین
وہ مثل طفل ہین اطفال کے محبت مین

مری ہی خاک الٰہی غبار ہو کی چلے
فلک کو ایک عمل سو ہزار ہو کی چلے
وطن ہی اپنی بہت زار زار ہو کی چلے
چلے تو کیا چلے جو اشکبار ہو کی چلی
کہ اس سفر مین مرا غمگسار ہو کی چلی
وہ شرمسار بروز شمار ہو کے چلی
جو پہلے بیت خدا پر نثار ہو کے چلے
جو ایک ایک سی یہان ہمکنار ہو کے چلے

فقیر چلنے مین کیا دیر ہے جو تو ہی فقیر
کہین یہ عزم ہے کیا مالدار ہو کی چلے

جو عشق کعبہ ہے دلکو تو ہی خدا کے لئی
جو ہی خدا کے لیے مسجد الحرام سی عشق
جمال حق نے یہ اپنی ہی عشق مین گویا

مدینہ سی ہی محبت تو مصطفیٰ کے لیے
تو شوق مسجد احمد ہی اوس لقا کے لیے
ہماری دل کو وہ جمال نبے دکھا کے لیے

رہینگے دامن صحرا کے کلفتین کیا یاد — پکڑ لے دامن کعبہ ذرا خدا کے لیے

ہوا یمین الہی کا چومنے والا — کہ جسنے بوسہ اسود حرم مین جا کے لیے

عزیزو آئی اگر بات دامن کعبہ — نہ بہول جانا دعا اس شکستہ پا کے لیے

یہ سب بہانے ہین اس نفس کے لیے اے دل — چلے تو چاہیے ساماں کیا گدا کے لیے

اڑائین عشق مین یہان بضرورت اپنے بال — پر اس سفر سی بہانی ہین اغنیا کی لیے

فقیر مدح کا دیوان تو نے کیا لکہا
یہ نسخہ ہے مرض قلب کے شفا کے لیے

وہ خاک در جو مرا صندل جبین ہو جائے — علاج درد سر جان و دل ہمین ہو جائے

عجب نہین کہ بیان کلام احمد سے — یہ بحر شعر بر اک جوی انگبین ہو جائے

ہماری خاک مین پہر کیونکے بوے مشک نہو — جو خاک راہ محمد کے ہمنشین ہو جائے

وہ رستے قدر یکتائی مصطفے مین ہے — کہ دیکھے دیدۂ احول تو راستبین ہو جائے

دل مدینہ مین یون ہے ظہور دین کہ اوسی — جو اہل کفر ہے دیکھے تو اہل دین ہو جائے

نکالدی مژہ یار دل سے عاشق کے — جو شکل خار مدینہ ہے دلنشین ہو جائے

فقیر دیکھیے وہ دن نصیب پہر کب ہو
کہ پہر مدینہ مین خوش یہ دل حزین ہو جائے

یہ دیکہا چاہیے کب آرزو نصیب مین ہے — مدینے کی ہے زیارت کبہو نصیب مین ہے

سلام یہان سے تو ہر بار عرض کرتا ہون — مگر یہ دیکھیے کب روبرو نصیب مین ہے

نہوگا پہر ہمین نقض وضوی کا خطر — وہان کے پانی سے بہی گر وضو نصیب مین ہے

رہیگی کاہیکو پہر یاد یہ عفونت ہند — اگر دیار محمد کے بو نصیب مین ہے

نصیب ابّت احمد کو کیوں ہو فردوس
کہ جسکے مژدۂ لاتقنطو نصیب میں ہے

کبھی یہ کہتا ہوں ملجائیگا درِ مقصود
کبھی یہ کہتا ہوں جس جنت وجو نصیب میں ہے

الہی تارِ نظر ہوئیں اور وہ روزنِ در
جو چاک دامنِ دل کا رفو نصیب میں ہے

فراقِ آبِ مدینہ میں دیکھیے کب تک
ہماری پینی کو اپنا لہو نصیب میں ہے

اوٹھا کے ہکو مدینی میں چل کہیں لیچل
جو جسم کی ہی لیجان تو نصیب میں ہے

حلاوتِ یدِ غلمان ہی گر مدینی میں
وہ دوش ساقی سی آب سبو نصیب میں ہے

الہی اب تو یہ ہو گردنِ فقیر سی دور
غمِ وطن کا جو طوقِ گلو نصیب میں ہے

ہو جسکے دلسی نعتِ پیمبر لگی ہوئے
رکہتا ہی کسکی بہر وہ سخنور لگی ہوئی

ای کاش فرشِ مسجدِ احمد سی میرے خاک
ہو درمیان حجرۂ و منبر لگے ہوئی

عاشق کو سیبِ خلد سی یاد آئیگی ضرور
شہرِ نبی کی راہ میں ٹھوکر لگی ہوئی

یارب میرے آنکہہ ہی ہوتی وہاں کہیں
اون جالیوں میں جالی ہی بنکر لگی ہوئے

امید ہے کہ آب شفاعت سی ہو شفا
دوزخ کو کہتے ہے تو کیا گر لگی ہوئے

اصحابِ کہف سنتی جو فسانۂ رسول
رہتی نہ اونکی آنکھہ ہی دم بھر لگی ہوئے

پہنچے جو ایک موے شفیعِ اہلِ نار تک
رکہی نہ آگ بال برابر لگی ہوئے

ہی رشکِ بوسۂ لبِ حورِ جناں ہمیں
منہ سی وہاں صراحی اطہر لگے ہوئی

بوجہل و بولہب کے نوالی کے شوق میں
دوزخ کو ہو گی بھوک مقرر لگی ہوئی

اور حضرتِ بلال کی مشتاق حورِ خلد
ہی منتظر بہشت کی در پر لگی ہوئی

یہ بات ہر دلسی کوئی پوچھے ای فقیر

[illegible]

دلکو کسو سی ہوتی ہی کیونکر لگی ہوے

بی زیارت روشن دل کبھی ایسی تو نتھے ۔ لذت ایمانکی حاصل کبھی ایسی تو نتھے

ہوئی زوار پہ جو بعد نزول طیبہ ۔ رحمت اللہ کی نازل کبھی ایسی تو نتھی

دیکھکر روضہ کو ہر بار کیے لاکھون شکر ۔ ہمکو آسانی مشکل کبھی ایسی تو نتھی

تہا جو گلزار مدینہ مین صبا کا عالم ۔ کہین وہ حور شمایل کبھی ایسی تو نتھی

بزم فردوس تہے کیا روضہ انور کے حضور ۔ ہمنے دیکھی کوئی محفل کبھی ایسی تو نتھی

پہر نظر جائیگی کیا اس رہ دریا سے وہان ۔ چشم گریان مری بیدل کبھی ایسی تو نتھی

حالت دیدہ و دل آہ دلکا سی مرہم ہجر ۔ تہی جو اوس روضہ سے بل بل کبھی ایسی تو نتھی

جیسے اب دیدہ باطن کے نظر تیز ہوئی ۔ ہوگی جالی کے مقابل کبھی ایسی تو نتھی

ہمسے جون جون ہوا نزدیک مدینہ واللہ ۔ جو خوشی تہی سر محمل کبھی ایسی تو نتھی

یہ زیارت کا اثر ہے کہ مری جان حزین ۔ نعت محبوب مین شاغل کبھی ایسی تو نتھی

جبر نقصان ہوا مدح محمد سے فقیر
کہ طبیعت مری کامل کبھی ایسی تو نتھی

رمز حق جو کہ مصطفے سمجھے ۔ عقل کل ہی وہ رمز کیا سمجھے

درد عقبی کو جو دوا سمجھے ۔ کیون نہ وہ موت کو شفا سمجھے

چہوڑکر طیبہ جو ہند مین جا بسے ۔ کیا ہی بیجا کو ہم بجا سمجھے

شکل زائر سے جو کہ جلتی ہین ۔ پارسا کو وہ نارسا سمجھے

آج قدر شریعت ذی قدر ۔ جو نسمجھے اوسی خدا سمجھے

نظر آیا جو خواب مین فردوس ۔ ہم مدینہ رسول کا سمجھے

آج جس مین سما رہا ہی وہ نور
ہم تو اوس ارض کو سما سمجھے

ڈرتے ہین حجر کعبہ سے جو غنی
اس ادا کو وہ کیا قضا سمجھے

شوق سے کہائی میوۂ جنت
وردِ سنت کو جو دوا سمجھے

برِ سنت کی بار یابے کو
جو برا سمجھے وہ برا سمجھے

سجدۂ شکر نعت مین ہے فقیر
تری خامہ کے ہم ادا سمجھے

عشق جانان کو جو اس جان مین رکھ لیتا ہی
لقدِ عرفان کو ہمیان مین رکھ لیتا ہے

پنبۂ عطر ہے گویا سخن بزم رسول
اسکو جو سنتا ہے وہ کان مین رکھ لیتا ہے

تختِ شاہ ہے پہ وہ پاپوش ہے مارنے کیلیے
جو قدم طیبہ کے میدان مین رکھ لیتا ہے

عاشق حسنِ رسول آنکھ کے آگے ہر دم
خلد کو رونقِ ایمان مین رکھ لیتا ہے

کس غنی ہی یہان انس و فینہ فسوس
دل انسان کو نسیان مین رکھ لیتا ہے

پنجگانہ مین جو رکھتا ہی نہین خاکسیہ
کیا وہ سر پنجۂ شیطان مین رکھ لیتا ہے

نالۂ عشق الہی نہین اس نے مین تو کیون
ہر نویسندہ قلم کان مین رکھ لیتا ہے

دیدۂ روزنِ در مین وہ اثر ہے کہ وہین
دل کو اک جنبشِ مژگان مین رکھ لیتا ہے

مکتفی خواب ہے پہ وہانکی زیارت سے جو یہان
فرض روزے ہے وہ شعبان مین رکھ لیتا ہے

یہ مشتاق رقم رستہ ہے بی چین ابدل
جب قلم کو تو قلمدان مین رکھ لیتا ہے

ہین غزالانِ حرم آگاہ جنان پاکہ فقیر
غزلین نعت کی دیوان مین رکھ لیتا ہے

غزل مثلث ہندی در عشق رسول عربی علیہ صلوات من اللہ الغنی

ہو کی وداع جان کو یہان شکوہ ہجر کیون ہے یہ
جسم کی قید چہوڑ کر راہ مدینہ کیون نہ لی

عشق نبی سی نرم دل جو ہی اوسی نہ یہ نہین
بستر سنگ و خشت ہی غیرت فرش مخملی

بوسہ جو رہا نصیب گو یا مدینہ مین کہین
منہ سی لگین صراحیان جنکلے رنگ صندلی

نخل مدینہ کی ثمرات لگی ہزار شکر
شاخ امید دل مری خوب مدینہ مین پہلی

صورت بوی گل اوڑا ہوش و خرد میرا او ہم
پائی گل مدینہ کی تجکو صبا جدہر گلی

گہستی ہی گستی ہوتی محو جا لیومنین کبہی تو نہ
اسقدر ای نگاہ شوق انکہہ وہان نہ کیون ملی

مہر مدینہ سے مدام گرمی دل ہو مستفید
پہر تو یہ قلب تیرہ گناہ عکس نہ سے ہو ولی

نالہ دل مرا رسا کیونکی ہو برج سنبلہ تک
ایسی دنی کو کسطرح سہل ہو رتبہ علی

ہای ہزاروں اغنیا کیون نخلی مدینہ کو
دیکہو تو اونکو یک بیک آکے قضا نی لیچلی

ہو کی مدینہ سی جدا دل سی وہ کیا نکل گیا
کیا کہون ای **فقیر** ہائی ستی ہی مجکو بیکلی

بن مدینہ آہ و زاری رہگئی
کیا ہے دلکو بیقراری رہگئی

پہر وہ دل ہو گا جہان مین کسکا یار
ایک کیسی جس و ملین یاری رہگئی

اب کہان نظارہ گو ہر نصیب
اب تو باقی اشکباری رہگئی

اب کہان طیبہ نگر انکہو نمین وہ
یاد صورت پیاری پیاری رہگئی

خاکساران مدینہ وہ ہوی
اوسمین جنکی خاکساری رہگئی

ہم چلی آئی مدینی سی تو کیا
جان گویا وہان ہماری رہگئی

کشتی نظارہ جائیگی جو یون
چشم تر کی پہر جاری رہگئی

ہند سی بچکی جو ہم پہر آ گئی
کاہیکی پرہیزگاری رہگئی

یا تو آتا تہا نظر شہر حبیب — یا قریب ہی پہر انتظاری رہ گئی
کسوت اپنی خاک طیبہ دیکھکر — اس تن عریان سی عاری رہ گئی
حسرت دیدار صحرا و احد — دلپہ میرے سیل سی بہاری رہ گئے
پہر وہان جانی مین ہے امید بیم — پہر وہی تپ کی سے باری رہ گئی

آہ دل وہانکی لیے بس اے فقیر
جان بیکس کے ہوا سے رہ گئی

شکل مدینہ آنکہہ سی دلمین اتر گئے — کیا چیز تہی کہ دو نو کو بیتاب کر گئی
جب یہ نگاہ شوق دریار پر گئے — کیا دم کی دم مین کلفت راہ و سفر گئے
گذری جو روز ہجر مدینی مین کیا کہون — گویا دم وداع قیامت گذر گئے
عمر دراز کی جو تمنا تہے خلد مین — ایجان تو ہی کیون نہ مدینی مین مر گئے
اون جالیون مین جہانک کے کہتی تہی چشم دل — کیونکر کہون کہ میری کہان تک نظر گئی
رونی نی ایکدن جو مدینہ دکہا دیا — اس یم مین کشتی نظر چشم تر گئی
کیا نور ہی وہ جو ہر گوہر سے جلوہ گر — ہر جا ہی جلوہ تجلی با نظر مین خبر گئے
مجنون کی شکل پہر دل مفتون ہے بیقرار — لیلی جمال لیل مدینہ کدہر گئے
روتا تہا کہ کحل بصیرت ہی تہی نجاہی — خاک مدینہ جب مری آنکہون مین بہر گئے
تہا دلکو صبح وصل مدینہ مین کیا مزا — قربان جسپہ لذت خواب سحر گئے
ہر گل سے اوسکی تہا رخ گل کا چراغ گل — ہر رات شمع روضہ عجب گل کتر گئے
وہان ہر طرف جو ارض مقدس سی غلاف — یا ہر نگاہ شوق زیارت بکہر گئے

چل اب تو رہ گذر مین محمد کے دن گذار دے

یہان ای فقیر عمر بہت سے گذر گیے

یہ آنکھو منین مدینی کی کہین تصویر پہرتی ہے
جو پتلی انکہہ کی ہر وقت بی تاخیر پہرتی ہے

بیان آب مدینہ کی حلاوت کا ہو کیا مجہسے
کہ لذت کو وہ دل مین مثل جوئے شیر پہرتی ہے

کہان وہ گنبد اخضر کہان یہ اک دہوان دل کا
عبث برج فلک مین آہ بی تاثیر پہرتی ہے

مدینی کی ہوا خوشبو سی یون چلتی ہے اترا کر
کہ گویا ناز سے اک حور با توقیر پہرتی ہے

ہوس چل مدینی مین زر خالص بنا دل کو
بجائی خاک وہان اڑتی ہوئی اکسیر پہرتی ہے

سفیدی ہر جگہ تعمیر پر پہرتی ہے یہ یہان تو
سفیدی مین مری آنکھون کی وہ تعمیر پہرتی ہے

مدینی مین جوان ہونی کو یہ روح ضعیف اپنی
زلیخا مصر کی گلیون مین گویا پیر پہرتی ہے

مدینہ غافلون کو بہی جتا دیتا ہے انجام
وہان گویا تلاش خواب مین تعبیر پہرتی ہے

مدار اپنی قیام دل کا ہے وہ دور برج سبز
ہماری استقامت جانب تدبیر پہرتی ہے

نگاہین جالیون مین یون چلی جاتین ہین پہر پہر کر
کہ گویا انکو ہر دم ڈہونڈتی تسخیر پہرتی ہے

مدینی کا سفر پہر ہے مقدر سے کبہی یارب
مجہے تو ہند مین ہر سو لیئے تقدیر پہرتی ہے

ملا دوں خاک مین اِک روز یا اللہ میری خاک
مدینی کی طرف اوڑ کر جو خاک عبیر پہرتی ہے
غبار قافلہ ۱۲

نگاہ محو نظارہ پہری کس طور جالی سے
کہین کب اک طرف سے گردن تصویر پہرتی ہے

قصور اپنا ہی تہا جو ہم مدینی سی چلی آئی
نگاہ رحمت حق کس سے بے تقصیر پہرتی ہے

فقیر ایسا رواں ہے مدح احمد مین قلم میرا
کہ گویا گردن کفار پر شمشیر پہرتی ہے

تری احسان خدا یا میرا جی جانتا ہے
جو مدینی مین دکہایا میرا جی جانتا ہے

یہان ہنسی مین ہے وہ لذت نہین مجہکو وہان
جو مزا رونی مین آیا میرا جی جانتا ہے

سایہ روضہ بلاتی ہے وہ ہجر کو واہ
کیا ہے ٹہنڈا سے وہ سایا میرا جی جانتا ہے

دل ہے جالی نے وہان انکو مین بس چہین لیا
جس بشارت نے بلایا میرا جی جانتا ہے

مین نہ روتا تہا یہان اتنا غمی سہی ہی کبہی
وہان خوشی نے جو رولایا میرا جی جانتا ہے
جالیون نے ۱۲

شدت نور مین محبوب نے خورشید کی شکل
ایسا منہ اپنا چہپایا میرا جی جانتا ہے

رونما آہ ہی یہان ہو نہین سکتا جو یہان
وہ مکنون نے چہپایا میرا جی جانتا ہے

رہ گئین انکھین ہے جالی کی طرح وان جیرا ہو — جو تماشا نظر آیا میرا جی جانتا ہے

وہاں انکا مضمون کبھی ہو لبشکا کچھہ ملفوظ — وہ زبان تک ہے آیا میرا جی جانتا ہے

کہا کہوں مین نے رخصت جو وہان ہے حالت — جو معلّم نے پڑہایا میرا جی جانتا ہے

ای فقیر اوس در محبوب سے اوٹھکر گئی

دلپہ جو صدمہ اوٹھایا میرا جی جانتا ہے

ربط ویکہ بدا ہیتون سی مجھے — کیا زائر عنایتون سی مجھے

یاد آتی ہے صورت محبوب — شکل قرآن ہے آیتون سی مجھے

ایکدم یہان روا نہین غفلت — مصطفی کی روایتون سی مجھے

دلمین حب رسول یا کافی — مکتفی ہو کفایتون سی مجھے

یا خدا رکہہ جحیم سے محفوظ — وہان نبی کی حمایتون سے مجھے

منتہائی بقیع مین ہو فراغ — عاشقون سی نہایتون سے مجھے

شکر یک دیدہی کیا فارغ — کیا سفر کی شکایتون سے مجھے

رکہی راعی صفت خدا نزدیک — سنتون کی رعایتون سے مجھے

آنکھہ کھلتی ہی کیا کہون جو کہا — جالیون نے کنایتون سی مجھے

کچھہ ہو ذکر مدینہ ہو یارو — شوق ہی ان حکایتون سے مجھے

سینہ مین کافر و بج کافی ہے — علم لغت رایتون سے مجھے

اب کہان جو مدد رسول یہ تہا — قرب دین کی درایتون سے مجھے

ای فقیر آگیا مدینہ پسند

بخدا سب لایتون سے مجھے

کبھی کو ایسے قاصر ہمت تو جا چکے — فرعون کی سی قصر بہین جو بنا چکے
اللہ سیری ہو مدینے مین آ چکے — شہر رسول عشق سیر آزما چکے
دنیا مین آخرت کی سری لوٹتی ہین وہ — جو رنج و درد راہ مدینہ اوٹھا چکے
یہان جنکی زمین مثل مدینہ ہی جا دین — دل کو مدینہ سی وہ مقرر لگا چکے
کیا اونکو آفتاب قیامت کا دغدغہ — دل جنکا داغ عشق محمد جلا چکے
ہجر نبی مین جان سی ہی جسم دردمند — تکلیف ہے یہ وہان کہین آرام پا چکے
حاضر ہے نقد جان مگر آتی ہی مجکو شرم — مدفن بقیع مین کہین اس دل کیا چکے
سوی مدینہ جان ہوا ہو اگر کہین — جھگڑا ہی منتون کا تری اے صبا چکے
امید ہے کہ سر ہو دوزخ اگر یہان — آب مدینہ آتش دل کو بجھا چکے
اون جالیو مین آپ وہ معشوق ہین اسیر — زلفو مین اپنی دل جو ہزارون پھنسا چکے
مجروح تیغ جادہ راہ مدینہ ہین — تیغ نگہ سی جنکی بہت زخم کھا چکے
یوسف جمال مثل زلیخا ہون بیقرار — آنکھو مین جنکے حسن مدینہ سما چکے
ان بیہوشون کو صورت عاشق نہ آئے نیند — یہ عشق خواب ناز سی جنکو جگا چکے
لیلی ہو مثل قیس اگر اوسکی خواب مین — یکبار حسن لیلی مدینہ ہے آ چکے
طفلان اشک پائین اوس طفل دل کی بسر — جس دل کو غول ہجر مدینہ ڈرا چکے
ہو کاش پھر مدینہ مین یہ عرض ناتوان — بس آپ اکبار ہے مجکو بلا چکے

تو پہر ہی ہند مین نظر آتا ہی ای فقیر
تجکو تو ہم مدینے کا رستا دکھا چکے

وہ خبر دل کو محمد کی خبر دیتے ہے — بے خبر غیر اخبار سے کر دیتی ہے

سایۂ حسنِ قدم حسنِ محمد ہی تو صاف
حسن باقی کا پتا شکلِ بشر دیتی ہے

وہان ان آنکھون مین جو بیدار کے روضہ تھی نیند
وہ مزا شیر مین کا کسکو شکر دیتی ہے

کیا مدینے کی صراحی ہے وہ فردوس کے حور
ساغرِ دل کو جو لذات سے بھر دیتی ہے

کیا کہون مرقدِ احمد کی تجلے کیا کچھ
جلوۂ قربتِ حق تا بہ نظر دیتے ہے

بحرِ رحمت ہے نہان روضہ مین ابرِ دمِ چشم
جسمین غوطہ مین وہ آب گہر دیتی ہے

بوسۂ حور مین یا میوۂ فردوس مین ہو
جو مزا دل کو مدینے کی ثمر دیتی ہے

بے اثر کیون نہو ہم عاصیون کی آہ بلند
سرو کی شاخ یہان کسکو ثمر دیتی ہے

راہ جنت نظر آتی ہے مدینے مین فقیر
خاک اوس شہر کے وہ کحلِ بصر دیتی ہے

کہان ہے چین یہان ہو دلِ تپان کے لیئے
کہ تھا سکون مدینہ سکونِ جان کے لیئے

مزا ہے مدحِ محمد کا جس زبان کے لیئے
جہان مین اوسنے مزی میوۂ جنان کے لیے

فدائی راہِ مدینہ ہو مین جو مر جاؤن
تو قبر میری ہو اوس راہ مین نشان کے لیے

رہیگا وسعتِ جنت مین بھی مدینہ یاد
الٰہی اوسکا بھی نقشہ ہو مرے مکان کے لیے

بیان لذتِ آبِ مدینہ کیونکر ہو
کہ چاہیئے لبِ کوثر مری بیان کے لیے

شفا ہے گوشۂ طیبہ مین جلوۂ مرقد
مریضِ گوشۂ چشم و رخِ تپان کے لیے

لبِ رسولِ خدا کے حدیث سے ہمکو
ملا ہے آبِ بقا عمرِ جاودان کے لیئے

حضورِ مرقدِ جانان جہان مین کاش اپنا
نقابِ جسم نہوتا حجابِ جان کے لیئے

زبان کو وہان ہے تمنا سے کہ رحم چاہون
زبان وہان ہے صراحت بے زبان کے لیئے

ہمین مدینہ مین تھا جس ہنسی کا گریۂ چشم
کسی نے کب مزی خندۂ دہان کے لیئے

شفای جسم فلاطون جذام کفر سے ہو
جولائی خاک مدینہ وہ امتحان کے لیئے
ہنوز منین شتر بیابان عشق اگر کہلجا ہی
وہان کلکتے ہان میرا استخوان کے لیئے
عزیز ولیلوان آنکہونکو لحظہ لحظہ بہر
یہی مدینہ سی لایا ہون ارمغان کے لیئے
مقام امن رسول خدا کا شہر ہے بس
وہی ٹہکانا ہے ایمان کو امان کے لیئے

سوا درود کی کیا ای فقیر بے توقیر
ہدیّہ ہو سکے اوس شاہ دوجہان کے لیئے

دل ہے یون معمور شوق اوس پاک عمران کے لیئے
جیسے کوئی مرتی دم عمر رواں کے لیئے
آب حیوان ہے حدیث احمد انسان کے لیئے
مضطرب حیوان صفت ہین آب حیوان کے لیئے
کیا دل انسان ہو یہان سرور عرفان کے لیئے
ساغر عمر روان ہے طاق نسیان کے لیئے
خار صحرای مدینہ سے رفو ہو جائین وہ
جنکے دل پر زخم ہین مژگان جانان کے لیئے
ہین وہ مہوش آپ محو گوشہ چشم شتاب
اک جہان مفتون ہے جنکے چشم فتان کے لیئے
دلمین عشق مصطفے تن پر لباس اتباع
چاہیی ہمکو یہ اس پیدا و پنہان کے لیئے
وہان ترازو مین ہے امر سہل سنت ہی ثقیل

یہ سبکباری ہے کافی ثقل میزان کے لیئے
(یعنے عمل سنت ۱۲) (اعمال ۱۲)

گوشۂ شہر نبے پائی اگر عاشق مزاج
کب ہو شیدا گوشۂ چشم حسینان کے لیئے

کس مزی کی تہی مینی کی ضیافت کیا کہون
پیش تہا خوانِ شفاعت خواہ مہمان کے لیئے
(رسول اللہ صلعم ۱۲)

اوس جبین پاک پہ قطری عرق کے وقتِ وحی
رشکِ آیاتِ طلاہین روئے قرآن کی لیئے

اونکو ملجائے کہین دودِ مدینہ منتشر
جو پریشان ہین کسی زلفِ پریشان کے لیئے

اونکو لیجائی کوئی چاہ و سنبے پر جو یہان
ہین غریقِ معصیت چاہِ زنخدان کے لیئے

کون دکہلائی زنانِ مصر کو مصرِ عرب
ہوگئین بیہوش جو اوس ماہِ کنعان کے لیئے

یا خدا جاکر وہان آنی کی پہر طاقت ہو
چاہیئی درماندگی وہان میری درمان کے لیئے

سر بسر ذکرِ مدینہ طیبہ ہے اے **فقیر**
چاہیین اوراق طوبیٰ میری دیوان کے لیئے

سونقِ کون و مکان ذاتِ رسولِ عربی
کیا ہی گنجینۂ اسرار ہے سبحان اللہ

شرف ہر دو جہان ذاتِ رسولِ عربی
ہے جو برزخ مین نہان ذاتِ رسولِ عربی

چرخ ہم افلاک سے بہتر ہے وہ ارض پر نور
ہے جہاں جلوہ کناں ذات رسول عربی

عین اعیان دو عالم ہوئی روشن جس دم
ہوئی مکی میں عیاں ذات رسول عربی

ہم ہی نور جہاں ہوئے جو ڈالی اونے ہمین
نظر نور فشاں ذات رسول عربی

ذکر سے اوسکی ہر اک جان میں جان آتی ہے
جان عالم کی ہے جان ذات رسول عربی

کیوں نہو شکل محمد کا نمونہ قرآن
جسکو فرمائی بیان ذات رسول عربی

کسطرح امت عاصی کو عذاب آئی گی
باعث امن و امان ذات رسول عربی

وصف احمد ہو بیان کب ادب ہے یہ فقیر
تو کہاں اور کہاں ذات رسول عربی

اے میری رب مدینہ احمد دکھا مجھے
وہ پر طرب مدینہ احمد دکھا مجھے

بیدار دونوں آنکھوں سی خوابیدہ خواب مین
یوں روز و شب مدینہ احمد دکھا مجھے

میری دعا قبول نہیں ہے تو یا خدا
تو بے طلب مدینہ احمد دکھا مجھے

کہتی ہے چشم زار کہ اے دل وضو کی ساتھ
چل با ادب مدینہ احمد دکھا مجھے

اللہ مجھکو کعبہ اطہر پہ کر نثار
پھر اوس سبب مدینہ احمد دکھا مجھے

عشاق تشنہ کام کو ریان ہین اوسکی آب
ہوں تشنہ لب مدینہ احمد دکھا مجھے

فکر معاش و رنج عیال اے فقیر تو
بس چھوڑ سب مدینہ احمد دکھا مجھے

رسول اللہ کی توصیف کب مقدور انسان ہے
کہ اوس موصوف کے وصاف ذات پاک رحمان ہے
کہاں ظرف سخن اپنا فقیر امد تنگنائے فکر

سمائی جس مین نعتِ مصطفے جو رشکِ عمان ہے

صحیفے شیث کی اوصافِ احمد سی مزین ہین
علیہ السلام ۱۲
صُحُف مین دیکھکر ادریس اخلاق اونکے نازان ہے

علیہ السلام ۱۲
ہوئی جو جو صحیفے حق سی ابراہیم پہ نازل
علیہ السلام ۱۲
رسول اللہ کی نعت اونمین گویا جسم مین جان ہے

نہین کچھ توریہ تورِیت مین ظاہر ہے موسی پر
علیہ السلام ۱۲ اخفا ۱۲
نزول اس امر کا الواح مین مانندِ قرآن ہے
نعت کا

روایت اسکی عبد اللہ ابنِ عمرو کرتی ہین
ابن العاص ۱۲
کہ وصفِ مصطفے تورِیت مین ہمشکلِ فرقان ہے

کہ تو مرسل ہے شاہد ہے مبشر ہے نذیرِ خلق
بیان توریت کا
محمد حرزِ امیین تو ہی یہ بیان وہان ہے

مرا بندہ ہے تو میرا رسول اور میننے ترا نام
کیا اہلِ توکل جو توکل کا ریاکان ہے

نہین وہ زشت خو صلا نہین وہ سخت دل ہرگز
نہین بازار مین وہ غل مچاتا کیونکہ عصیان ہے
غل مچانا ۱۲
بدی کو وہ بدی سی دفع کرتا ہی نہین ہرگز
خطا کو عفو کرتا ہے وہ اور خواہانِ غفران ہے

نہو مرینگا وہ مقبوض اس جہان سی یہ نہو جب تک
کہ دیکھو ہر طرف ہر ملتِ کج رو مسلمان ہے

بہت اوسکی سبب کہلجائینگے انکہین جو اندہی ہین
بہت سے کوشش کر کے سماع ہونگے اوسکی ثنا جو ہے

بہت سے دل غلاف کفر مین جو حق سی غافل ہین
مشرف ہوینگے ایمان سی وہ اسپہ ایمان جو ہے

زبور حضرت داود سے مداح احمد کے
وہ ممدوح خدای پاک ہے ممدوح خاصان ہے

بیان انجیل عیسے مین ہے تبجیل محمد کا
بشیر اتیان احمد کا وہ روح اللہ خود یہان ہے

وہ ختم المرسلین ہین رحمۃ للعالمین ہین وہ
وہ اخلاق عظیم اونکے ہین قرآن ونپہ برہان ہے

سراپا ہین وہ جیسی ظاہر و باطن مین خیر الخلق
مری تصدیق کیا شی ہے مصدق وسکا قرآن ہے

غلط ہے نعت مین دعوی ترا ای نفس امارہ
غضب ہے جو خدا کے کام کا انسان خواہان ہے

رسول اللہ کے اوصاف ہین وہ بحر بے پایان
کہ جو کچھ ہو بیان خاشاک دریای فراوان ہے

خطا ہے طاقت انسان کو دعوی مدح احمد کا
کہ اس تقصیر پر خود طوق گردن طوق انسان ہے

فقیر اس سے کلام نفس فانی کو کہان نسبت

کلام تقشی اقدس محمد کا ثنا خوان ہے

اللہم صل علی محمد وآلہ بقدر حسنہ وجمالہ

یارب انزلن صلوات علی النبی
یارب اقدمن صلوات علی النبی
اکملت دینہٗ فلہ کن مصلیا
ارسلتہ مبشرا بروحنتہ
اتممت کل لعمتک ربنا علیہ
کن لی لہا ذکر حالات غفلتے

یارب اقرن صلوات علی النبی
منا تقبلن صلوات علی النبی
یارب اکملن صلوات علی النبی
یارب ارسلن صلوات علی النبی
منا فاتممن صلوات علی النبی
لما غفلت عن صلوات علی النبی

دیوانا گفت واتممت ای فقیر
الآن فاکثرن صلوات علی النبی

تخمیس غزل علامۂ نامی مولوی جامی قدس سرہ السامی

مجکو یہاں گرمی ہجر اب نہ کیون لگے غشی
کیا کہوں کسکے لیے ہے میرے بیتاب وشی

کرچکا کوثر وصلت سے ہومنین اب جیشی
لی حبیبٌ عربیٌ مدنیٌ قرشی

کہ بود درد وغمش مایۂ شادی وخوشی

تہا سکندر کے لیے بھی یہ کہاں آبحیات
یعنی تہا وصل حبیب وجہان آبحیات

پی چکے جو کہ مدینہ مین ہے جان آبحیات
مصلحت نیست مرا سیری ازان آبحیات

ضاعف اللہ بہ کل زمان عطشی

مین مجنون ہون کہ دیوانہ لیلی ہون یہان
مین نہ وامق ہون کہ عذرا کی لیئے ہون نالان
نہ زلیخا ہون کہ ہون عاشق ماہ کنعان
ذرہ وارم ہوا اوڑا ئے اور رقص کنان

تا شد او شہرہ آفاق بخورشید وشی

مین مدینی ہون وہ سلطان عرب شاہ امم
اور مین ہندی ہون رذل سگان عجم
ذرہ خاک ہون مین اور وہ مہر عالم
گرچہ صد مرحلہ دورست ز پیش نظرم

وجہہ فی نظری کل غداۃ و عشی

مرغ دل کیونکی رہے اب قفس ہند مین بند
رہ چکا باغ مدینہ مین جو رہ کر خرسند
ای فقیر ایسے سفر مین نہین کچہہ خوف و گزند
جامی ارباب وفا جز رہ عشقش نروند

سر مبادت کہ ازین راہ قدم باز کشی

تخمیس غزل فارسی قدسی من فقیر ہندی بعربی

قد نجی من غضب اللہ محب لنبی
زید اللہ لنا حب رسول عربی
الذی قال لہ کل کبیر و صبی
مرحبا سید مکی مدنی العربی

دل و جان باد فدایت کہ عجب خوش لقبی

لا مع نورک فی الدہر کما لا تخفے
و لقد آثرک اللہ علی ما فیہا
لیس فی الخلق نظیر لک یا سیدنا
نسبتی نیست بذات تو بنی آدم را

برتر از عالم و آدم تو چہ عالی نسبی

انما شرفک اللہ با علی الدرجات
فاز فی الخلق با بلاغک کل البرکات
سیدی انت رؤف و رحیم لعصات
ما ہمہ تشنہ لبانیم و توئی آب حیات

رحم فرما کہ زحد میگزرد تشنہ لبی

ولقد ارسلک اللہ لعلم و حِکَم
وانا احقر بل ارذل کل العالم

انت من کل شریف و کریم اکرم
نسبتِ خود بسگت کردم و بس منفعلم

زانکہ نسبت بسگ کوی تو شد بے ادبی

انت من اعطی من نورک نور البصر
لیتنی کنت لانظارک جزر المنظر

کنتَ اُرسلتَ رحیما و کریما للبشر
چشمِ رحمت بکشا سوی غریبی بنگر

ای قریشی لقبی ہاشمی و مطلبی

انت من کل حسین و جمیل اعظم
لا نری مثلک یا سیّدنا فی العالم

ولقد زینک اللہ جمالا نعلم
من بیدل بجمالِ تو عجب حیرانم

اللہ اللہ چہ جمال است بدین بو العجبی

سر معراجک لا یسع طوق الادراک
انت من اُسری یا احمد قلبی لفداک

وہو الحق فلا شک عصی فیہ الشاک
شبِ معراج عروجِ تو گذشت از افلاک

بمقامیکہ رسیدی نرسد ہیچ نبی

جار فی وجہک من خالق بیت المعمور
فمن اللہ مراعاتک فی کل امور

کل امر لسانِ عربی ذی النور
ذاتِ پاکِ تو درین ملکِ عرب کرد ظہور

زان سبب آمدہ قرآن بزبانِ عربی

سیدی اکرمک اللہ باکرام تمام
مزرع الدہر بآثارک فی الایام

رحمۃ انت من اللہ لعمری لانام
نخلِ بستانِ مدینہ ز تو سرسبز مدام

زان شدہ شہرۂ آفاق بشیرین رطبی

لیس فی امتک اکثر ذنباً منی — اطلب اللہ لی العفو بامر وانی
جئت فی حضرتک الآن فقیرًا اسعی — سیدی انت حبیبی وطبیب قلبی

آمدہ سوی تو قدسی پی درمان طلبی

ترجیع بند مسدس متضمن شعر عربی بارشاد مولوی قطب الدین صاحب دہلوی

کیا بندھی ہی آ ہوا اپنی ہوا ہر صبحدم — لاتی ہے گل بوئے گل ان کو دکھاتی ہیں مجھکو ہم
ہاں سیر مجھکو ہے گلگشت گلزار عجم — باغ مدینہ دیکھ تو کس گل سے ہے رشک ارم

ان ثلث یا ریح الصبا یوما الی ارض الحرم
(اگر گذرے تو اے ہوا)
بلغ سلامی روضۃ فیہا النبی المحترم

صد غیرت باغ عجم ہے خاک و خاشاک عرب — کیونکر میسر ہو مجھے وہ مسکن پاک عرب
اک ناتوان ہند میں اور دل ہوسناک عرب — میں ذرہ خاک عجم وہ مہر افلاک عرب

ان ثلث یا ریح الصبا یوما الی ارض الحرم
(اگر گذرے تو اے ہوا)
بلغ سلامی روضۃ فیہا النبی المحترم

بہر ہلاک عاد تھی ہمو قہر حق دبور — محفوظ اپنے قہر سے رکھی ہمیں رب غفور
جو نصرت احمد میں تھی باد صبا پر ہے مرور — اور اس سے ہے میری التماس بار بمعروض حضور

ان ثلث یا ریح الصبا یوما الی ارض الحرم
(اگر گذرے تو اے ہوا)
بلغ سلامی روضۃ فیہا النبی المحترم

تسلیم میرے حضرت سلطان جہاں تک لیے — لیجا کوئی کس طرح تاب کس جان تک لیے
لا دوں گا تیرے دام میں غنچہ سلیمان کے لیے — یہاں اس لیے میں نے قدم باد گلستان لیے

ان نلت یاریح الصبا یوما الی ارض الحرم
بلغ سلامی روضۃ فیہا النبی المحترم

لاکھون صلوٰۃ اونپر رسول اللہ کے لاکھون سلام اونپر
ہوجائی کافی بات ہے سب کا جواب اونسی مجھے

یہ شغل ہا یوں لی کبھی قسم پھر مجھے فرصت نہ دے
کہتا ہون اس امید پر ہر دم نسیم صبح سی

ان نلت یاریح الصبا یوما الی ارض الحرم
بلغ سلامے روضۃ فیہا النبی المحترم

اکدن وہ تہا حاضر تہی ہم شہر رسول اللہ مین
محو جمال روضہ تہا دل اوس تجلیگاہ مین

مصروف صد تسلیم تہی وہان مسجدے کی جا مین
اب ہند مین کہتی ہین ہم درد فراق شاہ مین

ان نلت یاریح الصبا یوما الی ارض الحرم
بلغ سلامی روضۃ فیہا النبی المحترم

یہ جان سیر خود ہوا ہوکر بلطف کبریا
ہر دم فقیر اب تو یہی درگاہ حق مین ہے دعا

روح مدینہ مین رہی اور پائے راحت کا مزا
مقبول ہوجائے تو یہ کیون ہو صبا سے التجا

ان نلت یاریح الصبا یوما الی ارض الحرم
بلغ سلامی روضۃ فیہا النبی المحترم

مثنوی نالہ فقیر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نالۂ دل راحتِ ارواح ہے — نالۂ دل خلد کی مفتاح ہے

نالۂ دل ہے علاجِ دردِ دل — کسکا غم ہے امتزاجِ دردِ دل

نالۂ دل سے ہے بس تمکینِ جان — نالۂ دل ہے ہمین تسکینِ جان

نالۂ دل ہے اوسیکے عشق مین — دل ہے کب نالان کسیکے عشق مین

نالۂ دل ہے سرورِ بیحزن — نالۂ دل دافعِ رنج و محن

نالۂ دل ہے ذہابِ ہر الم — نالۂ دل ہے [illegible] کی دردِ غم

نالۂ دل مخبرِ اسرار ہے — کیا ہی ظرف [illegible] ہے

آہ و زاری بیقراری کیون ہے یہ — اضطراب و اشکباری کیون ہے یہ

کیا نہین ملتا ہے تجکو جانِ زار — کس لیے تو اسقدر ہے بیقرار

آہ و زاری فرحتِ کامل ہے یہ — بیقراری بس قرارِ دل ہے یہ

بیقرار اوسکا نہین جو دل یہان — مستقرِ دید ہے منزل کہان

اشکبارِ عشق ہے جو چشمِ زار — ہے وہی [illegible] نار

اشکباری ہی تپِ دل کا علاج — خود ہے رحمت [illegible] کی مزاج

سوال

آدمی مین ہے جو حرص و اضطراب — کیون ہی حرص بیقراری پر عذاب

جواب

یہ عذاب اسلیے اسپر ہوا — تہی عطا کی حرص بس بہرِ خدا

اسنے رکہا اسکو صرف حظِ نفس — منتہا سمجہے وہ حرف حظِ نفس

اسکو عشقِ ذاتِ باری چاہیے — اوسکی حرص و بیقراری چاہیے

کچھ ہوئی لذت دنیا کے حرص — چاہیے بس ایک وہی مولی کی حرص
ہم رہیں اوسکے حریص بیقرار — دل ہو نالان چشم ہوئے اشکبار

مثال

گر جہاں میں زوج زوجہ کی لیے — کسوت زینت عطا فرما چکے
اور یہ فرمائی کہ خاص اوقات میں — ہمکو اس سے محو رکھ لذات میں
پھر وہ اس زینت سے ہو مقرون غیر — ہوئی خاص اوقات میں مفتون غیر
زوج کو غیظ و غضب پھر کیون نائے — مشغول وہ ذی طرح پھر کیون نائی
پاک ہے وہ کبریا تشبیہ سے — صحیفہ یہ تفہیم ہے تیرے لئے

آمدم بمدعای اصلی

زندہ ہے جو عاشق اللہ ہے — مردہ ہے بے عشق جو گمراہ ہے
خاکسار عشق ہر کامل ہوا — کسر شان سے فتح باب دل ہوا
ہو گی تیغ عشق سے مذبوح دل — کوچہ جانان میں ہے مطروح دل
خاک کو ہی نا زمین غلطان ہے دل — عاشق خاک در جانان ہے دل
اسلیے پیارا ہے ہمکو اپنے جان — اسمین جانان کی محبت ہے نہان
کیا ہے نعمت ہم ایسے تیرا عشق — فقر میں ہے بادشاہ ہے تیرا عشق
حجت دل تسبیح تیرے اسم کے — عشق تیرا جان ہے ہر جسم کے
ہے یہ تیرے عشق میں دریا کو جوش — اور یہ گوہر میں تیرے حلقہ بگوش
ذرہ ذرہ مہر سی تیرے ہے مہر جو — کیون ہو روئی زمین شاداب پھر
تجھسے ہے لعل بدخشان سرخ رو — اور یہ تجھسے ہی چمن کو رنگ و بو

رنگ قدرت کا تری گل مین ہے
ذکر تیرا لحن ہر بلبل مین ہے

تیری ہی غم مین ہے رنگ شام
چاک جیب صبح تجھپر ہے مدام

شب تری سودائی غم اندوز مین
نور ہے ہر روز تیرے سوز مین

دلمین رکہتا ہے ہمیشہ آفتاب
آتش غم سے تری یہ التہاب

ماہ کی صورت مین روشن ہے جو نور
ہے تری داغ غلامی کا ظہور

صید تیرے تیر کا ہر دل ہوا
شیر دل ہر ایک ترا بسمل ہوا

عشق کا دم مارتے ہین بحر و بر
اور سبھی حور و ملک جن و بشر

ماہ سی ماہی تلک ہے تیرا عشق
شورش ارض و فلک ہے تیرا عشق

تو نبی کی رشک فلک روے زمین
جب سے آئی رحمۃ للعالمین

رحمۃ للعالمین مقبول حق
خفتن و بیداریش مشغول حق

جسکے باعث گلستان روزگار
مہر تابان سے کہلائی گل ہزار

جب سے گلزار جہان مین ہے وہ گل
عطر ایمان ہو رہا ہے حظ کل

جنت ہر وعدہ و نار ہر وعید
امر و نہی مصطفے سے ہی پدید

امر اوسکا ہے یہان جنت نما
نہی منہ دکہلا رہی ہے نار کا

سبزہ زار اوسکا طوبی سے بلند
نخل اوسکا ملک بالا سے بلند

پیکر پاک اوسکا ہے ملبوس نور
کیا عجب سایہ ہوا اوس قامت سے دور

کاشف اسرار روحانی ہے وہ
مورد اخبار رحمانی ہے وہ

گر ہوئی اوسکے باعث کشف غیب
عقل سے کب جائے نافہمی کا عیب

یا الہی ہے یہ میری دعا
ہو محمد پر تحیات و ثنا

یا الٰہی عرض میری ہو قبول
رحمتِ کامل ہو احمد پر نزول

پھر طفیل اُنکے جو ہو میری دعا
وہ بھی ہو مقبولِ ذاتِ کبریا

خالص اپنی ہی محبت دی مجھی
اور بنا دی بیخبر مجھسے مجھے

مجکو اپنا عاشقِ بیتاب کر
اپنی غم مین بیخور و بیخواب کر

ہر دم اپنی بیقراری دی مجھی
اپنی غم مین اشکباری دے مجھے

ہو ہمیشہ یا تیری رحمت سے شتاب
عشق کی آتش سے میرا دل کباب

بھول اس دُنیا کی سب دُھن جاے دل
تیری سوزِ عشق سی پھنجائی دل

مجکو اپنا محو یا اللہ کر
کچھ نہو تیری سوا مجکو خبر

دی خدا یا میرے دلمین اپنا درد
رکھ مرا ہیبت سی اپنی چہرہ زرد

اور محبت اوسکی مجکو ہو نصیب
جسکے باعث ہو ترے رحمت قریب

جیسی حُبِّ رحمۃ للعالمین
تیری رحمت سے جو کرتی ہے قرین

یا الٰہی دی مجھے میری خبر
کچھ نہو یہان کا غمِ نفع و ضرر

مجھسی ہو میرے خودی کا رو سیاہ
ہو مرا ہر موئی تن تارِ نگاہ

تیری برقِ عشق سی اے میرے رب
خرمنِ طولِ امل جلجائی سب

مجکو تو اپنی طرف پہانسی نکال
سنگِ ہجران شیشۂ دل پر نڈال

ایسی نارِ عشق ہووے مشتعل
شمع کی صورت مرا جلجائی دل

دلکو روشن شمع کی صورت بنا
صورتِ فانوس ہو قالب مرا

گنجِ غم کی بادشاہی کر عطا
داغِ دلسی مجکو نیک اختر بنا

قوتِ جان پر دے قناعت نفس کو
پارۂ نان بھی ہلالِ عید ہو

عشق مین تیرے خدائے ذوالمنن
خانۂ دل ہو مرا بیت الحزن

رکھہ گلیم فقر مین مجکو شکور
کسوتِ فخر و غنا سے کر نفور

باعثِ نفرت ہو سنجاب و سمور
ہو مرا مرغوب ال خوابِ تنور

آنسوون کے دی مجھے لعل و گہر
تیرا سودا ہوئی میرا تاج سر

بزمِ اہلِ زور سی رکھہ مجکو دور
مین ہون پروانۂ شمع قبور

حبِ دنیا ہو نہ میری سدِّ راہ
دور رکھہ مجسے خدایا حبِ جاہ

تیری در پر مین رہون سر بزمین
دلمین تیرا نام ہو نقشِ نگین

دور رکھہ مجکو ریا کے شک سے
مجکو رکھہ محفوظ زہدِ خشک سے

آنکھین ہر لحظہ مری گریان رہین
زخم دل کے رات دن خندان رہین

درد دیکر تو ہی ہو اوسکے دوا
ای خدای خالقِ درد و شفا

طوطئ جان ناطقِ تحمید ہو
داغِ دل آئینہ بہر دید ہو

کچھہ نہو دنیا کے دلمین آرزو
ہو مرا مقصود یارب تو ہی تو

ذکر سی اپنی نرکھہ دم بہر بھی سست
مین رہون اس راہ مین چالاک و چست

اپنی ہی لطف و کرم سے یا ودود
جیسے بن مانگے دیا ہمکو وجود

یون ہی دی ہمکو کمالِ معرفت
کر دی عارف بی سؤالِ معرفت

سعی اپنی ہے سراسر پر قصور
عقل مین اپنے ہے سرتا پا فتور

تو ہماری کام بس ہمپر نرکھہ
بار ای فریادرس ہمپر نرکھہ

ہی عجب جو بخشدی تو میری جان
اور مین ہون خطا کارِ جہان

اور عجب ہے اس سے افزون یا غفور
جبکہ تو تو ہو رہو مینین پر قصور

میں رہا محزون دنیا کے لیے | میں رہا مفتون دنیا کے لیے
لیکن اس جیفہ سی کیا حاصل ہوا | جز خباثت ہائی عصیان وبلا
ہو گئیں قسوت سے دل کے یہ صفات | کچھ نہیں تاثیر کرتی نیک بات
دلکو دنیا مین لگایا جس سے آہ | اوسکی قربت سے ہوئی حاصل گناہ
کچھ نہ آیا کام کوئی ہای ہای | معصیت مین عمر کھوئی ہای ہای
دیکھتی ہی تیرے قدرت کی نگاہ | لاکھ پردون مین ہون گو چھپکر گناہ
گو کہ لوگون سے چھپائی مینے عیب | تجھپہ سب ظاہر ہین اے دانای غیب
ہو سکی مجھسے نہ کچھ بھی بندگے | ہے بہت شرمندگے شرمندگے
آخرت کا مینے کیا توشہ لیا | نقد عمر اپنا گناہون مین دیا
توبہ توبہ ہے گناہون سے مری | عفو تقصیرین سبھی کر دی مرے
مجکو استغفار کے توفیق دی | مطمئن دل ہوئی استغفار سی
تیری ڈرسی رات دن رویا کرون | داغ عصیان اشک سے دھویا کرون
اب تو اپنی مغفرت سے یا الٰہ | بخشدی ساری مرے پچھلے گناہ
عمر بھر عصیان سی تو محفوظ رکھ | اپنی طاعت سے مجھے محفوظ رکھ
میرے مرشد کو الٰہی بخشدے | روح اونکی روح و رضوان مین رہے
تیری لاکھون شکر ہین یا کبریا | مدفن اونکا ہے بقیع مصطفی
جیسے وہ عاشق تھے اوس درگاہ کی | خاک مین ملکر وہین بس رہگئے
بخشدی میری اب و ام یا الٰہ | اونپہ ہو لطف و ترحم یا الٰہ
بخشدی یا رب مرے استاد کو | بخشدی ازواج کو اولاد کو

یعنی مولانا مظفر حسین صاحب مرحوم
مدفون جنت البقیع ۱۲

بخشدی یارب اقارب کو مرے
اور جیران و وجانب کو مرے

اور جا کی بہی وصیت جنکی ہے
بخش اونکو یا قدیر کل شے

اور جو جو ہین ہماری محسنین
بخش اونکو یا الہ العالمین

بخشدی رحمت سے رب کائنات
تو جمیع مومنین و مومنات

جو کہ ہین اموات سب مغفور ہوین
زندہ جو ہین وہ ہین سے مسرور ہوین

جب تلک باقی ہی میری زندگی
رکہہ مجہے مشغول شغل بندگی

جس جگہہ ہوئی گناہون کا وبال
ایسی جاسے بدسی تو مجکو نکال

مجکو یارب سب گناہونسی امان
بدچلین والونکی راہونسی امان

عشق اپنا میری رگ و گل مین کہہ
غیر کے الفت نہ میرے دل مین کہہ

میری اس قالب کو یارب غفور
سب سے خالی کرکے بہردے اپنا نور

سنت احمد پہ مین عامل رہون
نعمت سنت سے بس خوشدل رہون

کعبہ کے جانب کہین لیچل مجہے
اس وطن سے تو وہین لیچل مجہے

رات دن کرتا رہون اوسکا طواف
تاکہ ہوئین میری تقصیرین معاف

بوسۂ اسود مجہے ہوئی نصیب
اور حطیم پاک مین ہومین عجیب

اور مقام پاک ابراہیم مین
ہو مین ٹیکے سجدۂ تعظیم مین

دامن کعبہ کپہے ہو ہات مین
توبہ توبہ ہو مرے ہر بات مین

انکہین دریا دل مرے ہوئین وہان
خوب میرے حال پر روئین وہان

سجدۂ بیت الحرم مین روز و شب
تیری سجدے مین ہون اے میرے رب

رات دن ہون زمزم اطہر کے پاس
اور بجہاؤن اوس دل سوزان کی پیاس

روز و شب معمور عمرہ ہون مرے　　حلق راس اپنا کرون تیرے لیے
ہو مرا میدانِ مکہ مین وقوف　　خاک وہانکی ہو تبِ دل کا سفوف
اور صفا مروہ پہ چلنا ہو مرا　　تا دلِ مردہ ہو زندہ باصفا
اور ہو جمرون پہ جب میرا گذر　　سنگ سا ون وہان شیطان پر
اور منا ہی قرب مین یا گرد کا　　جان و دل تیرے ہون قربان و نثار
شکل ہیری عاشق شیدا کی ہو　　اور صدا لبیک یا مولی کی ہو
پھر وہان جسوقت ہو جاؤن حلال　　مجھپہ دوزخ ہو حرام ای ذوالجلال
پھر اگر آجای وہان میرے اجل　　جنتِ معلا ہو مدفن بی خلل
اور اگر باقی ہی جینا ہو مرا　　یا خدا مسکن مدینا ہو مرا
راہ طیبہ مین ہین جتنی مسجدین　　دی شرف اونکی زیارت سے ہمین
کیونکہ ہے اوس جای پر اونکی بنا　　دی چکی جسکو شرف خیر الورا
جب نظر آئین مدینی کے درخت　　دل مرا بیتاب ہو جای لخت لخت
اور کی جاؤن اسطرح مین دل حزین　　جیسی جاتا ہے خیالِ دل کہین
ورد میرا ہو وہان وقتِ نزول　　ربنا صل علی روح الرسول
روضہ احمدیہ مین حاضر ہون　　بس مین ہر لحظہ ای قادر ہون
ہو سلام اوس سرورِ مخلوق پر　　بعدہ صدیق پر فاروق پر
رات دن ساعت بساعت یا ودود　　بھیجتا ہون وہان پیمبر پر درود
دیکھ کر جالی مزارِ پاک کے　　ہوئی تسکین اس دلِ صد چاک کے
مسجدِ احمد مین جب ساجد رہون　　مین رضا جو تیرا یا واجد رہون

درمیان حجرہ و منبر قیام
ہو نصیب اپنی الہی صبح و شام

اور وہ خرمائی مدینہ کر نصیب
ہو حلاوت زیست کی حظ غریب

اور وہی کا مجھے پانی پلا
اون کنوؤن سے جن سے حضرت نے پیا

اور دکہا نا مجکو رب العالمین
روضہا ہے امہات المومنین

یا الہی مجکو پہنچا دی وہان
مرقد اولاد اطہر ہے جہان

مجکو دکہلا دی صحابہ کے مزار
ہو مین وہ جس جس جگہہ یا کردگار

ہین بقیع طیبہ مین جتنے قبور
سب دکہا دی مجکو یا رب غفور

وہان زیارت گاہ (مدینہ) ہین جتنی جبال
دی شرف اوسکی مجہے یا ذوالجلال

اور وہان جو جو زیارت گاہ ہو
وہ نصیب اپنی ہی یا اللہ ہو

آرزو ہی بس یہ مدت کی مری
موت ہووے وہان شہادت سے مری

اور بقیع پاک ہو مدفن مرا
کاش وہانکی خاک ہو مدفن مرا

جسم میرا خاک ہو اوس خاکمین
پاک ہو وہ مل کے خاک پاک مین

یا خدا وہان جبکہ میری موت آئے
روح مرضیہ تری خدمتمین جائی

جب جدا ہو اس تن سے میری جان
ہو تری رضوان مین یا مستعان

یا الہی قبر کی تکلیف سے
حفظ مین رکھہ اپنی رحمت سے مجہی

جب نکیرین آئین میرے پاس وہان
قول ثابت ہو مرا ورد زبان

فرش و اثواب جنان ہو قبر مین
فتح ابواب جنان ہو قبر مین

یا خدا ہول قیامت سے بچا
شورش محشر کے ہیبت سے بچا

مجکو اوس میدان مین رسوا نکر
سب پہ ظاہر عیب وہان میرا نکر

تو ہی بس ستار ہے دانائے غیب ... حشر میں پوشیدہ رکھیو میرے عیب

پردہ پوشی جسطرح دنیا میں کی ... آبرو رکھیو قیامت میں مری

جس جگہہ ظالم بہت شرمائینگے ... پانی پانی شرم سے ہو جائینگے

کچھہ نہ کام آئیگا شرمانا وہان ... اور عبث ہوئیگا پچھتانا وہان

جب نہ ہوئیگا کوئی وس غم میں ساتھہ ... کاٹ کاٹ اپنے سے کہا جائینگی ہاتھ

رہ گئی ہم کیون ظلوم اور کیون جہول ... کیون نمانا ہمنی فرمان رسول

دل لگی جن جن سے تھے دنیا میں ہائے ... آج کوئی بھی نہیں جو غم بٹائے

اپنی اپنی پڑ گئی سبکو یہان ... کس سے حاصل کیجی مطلب کو یہان

وہانکی بدنامی سی ڈرنا چاہیی ... یہان عمل سنت پہ کرنا چاہیی

اسمین گو بدنامی اس دنیا کی ہو ... نیکنامی عالم عقبے کی ہو

عرض مسکین ہے خدای ذو الکرم ... مرد و زن ہم ہین ترے لونڈی غلام

حشر کے سختی سے تو ہمکو بچا ... نار کی گرمی سے تو ہمکو بچا

جنت فردوس اعلی ہو نصیب ... اور ہمین دیدار تیرا ہو نصیب

تو ہمارا ہے غفور اے کبریا ... کب ہین ہم رحمت سے دور اے کبریا

تیری رحمت سے اکہ العالمین ... وہ ردف آئی ہین خیر المرسلین

جلیسے فرو رحمت ہین شاہ انس و جان ... رحم وہ قلب اب امم میں کہان

جسقدر ہین وہ حریص مغفرت ... کسکو حاصل ہے یہ اونکی سی صفت

مہربان ہر امتی پر ایسے ہین ... اونکو جی ہی جانتا ہے جیسے ہین

کیا حکایت یاد آئی مجکو یہان ... ہے یہ اک اہل مدینہ کا بیان

حکایت

ایکبار آیا مدینے مین جو عیر ۔ اوسمین اکثر تہے مساکین و فقیر

یعنی تہے دریوزہ گر وہ بینوا ۔ تہے وہ مشتاق رسول کبریا

اک تو اہل مسکنت تہی وہ سبہی ۔ دوسری آئی سفر سے تہی ابہی

جسم و جامہ پر لگے خاک سفر ۔ موئے سر مین خاک و خاشاک سفر

مسجد احمد مین جب حاضر ہوئی ۔ روضۂ محبوب کے زائر ہوئی

وہان حضور خوبروئی دوجہان ۔ خوبروئی عاشقان جان جہان

فرش قالین مسجد احمد مین ہے ۔ ہر طرح کی زینت اوس معبد مین ہے

جب نمازون پر وہ سب مائل ہوئے ۔ کچہہ وہ قالین اونسے میلے ہوگئے

اتفاقاً اور وقت اوس جا پر ۔ تہا رئیس وقت طیبہ کا مستقر

لگ گئے کپڑون مین مسکینون کے خاک ۔ تب تو سرہنگون پہ ہوکر قہرناک

کہدیا جو ایسی خاک آلودہ ہین ۔ پہر نہ رکہیون اونکو قالینون پر

وہ بجالائے وہین حکم امیر ۔ جا ملی مسکینون کو دی صف اخیر

وہ وہان ہرگز نہ حاضر ہوسکے ۔ دور ہی جانماز مین نالان رہگئے

رات بہر روتے ہی گذری اونکو ناز ۔ ہوتے ہے رنج فراق دوستان

کوئی پوچہے عاشق دلکردہ سے ۔ دور ہوکر روضۂ محبوب سے

کیا قیامت دلپہ گذری ہائی ہی ۔ وصل مین اور یون جدائی ہائی ہی

رات بہر جب گذری وہ نہر اسطرح ۔ جوشش رحمت الہی ہوئی کسطرح

خواب مین کیا دیکہتا ہے وہ امیر ۔ خود رسول کبریا مہر منیر

ذرۂ ناچیز پر ہین جلوہ گر — اور خفا ہین حضرت خیر البشر
اور یہ فرماتی ہین اوسکو ای کہین — ہمکو اس نیت کی کچہہ حاجت نہین
سب وہالی اپنی یہ قالین تو — مت ہٹا یہا لنی مری مسکین تو
میری عاشق جو مری مسکین ہین — میری دل کے باعث تسکین ہین
یہ تو بس ہر دم رہنگے میری پاس — حال و ال اپنا کہین تجہ میری پاس
یہ نہین پاینگے بس مجہسے دور — تو نی یہ سمجہا ہے کیا ای پر قصور
کیون ہٹایا انکو میری پاس سے — کیون دل ان کا توڑا پاس سے
کیون نہین اکرام ضیفا ای بیخبر — النی تو غافل ہے حیف ای بیخبر
کہل گئی آنکہہ اوسکی اسکے متصل — ہو گئی بیدار پہر تو چشم دل
کانپتا تہا سر بسر ہیبت سے وہ — ڈر رہا تہا اسقدر حضرت سے وہ
پہر تو مہمانی مین اونکے صبحدم — ہو گیا مصروف خود وہ محترم
اونکی خدمت مین رہا وہ عذر خواہ — ہای مجہسے کیون ہوا ایسا گناہ
تم تو ای حجاج وفد اللہ ہو — تم تو مہمان رسول اللہ ہو
مین تمہارا کمترین خادمان ہو — ای عزیزو تم کہان اور مین کہان
فی الحقیقت اوسکے رحمت ایسی ہے — خاکساروں پر عنایت ایسی ہے
ذات پاک کبریا ہی ہی رحیم — اور ذات مصطفے بہی ہے رحیم
الحمد اللہ ایسی ہین ہم خوش نصیب — رہنی والی دور جیون کے قریب

آمدم بمدعا

یا رحیم یا رحیم یا رحیم — درد عصیان سے نہ کہہ مجکو سقیم

یا غنی یا غنی یا غنی — رکھہ فقیری مین تو دل میرا غنی

یا ولی یا ولی یا ولی — مجھپہ ہو لطفِ خفی لطفِ جلی

یا رشید یا رشید یا رشید — راہِ عرفان مجھپہ ہو جائے پدید

یا شکور یا شکور یا شکور — رکھہ مجھے ہر حال مین اپنا شکور

یا سمیع یا سمیع یا سمیع — کر میسر میرے حاجاتِ جمیع

یا عزیز یا عزیز یا عزیز — مجھپہ کر دی سب سے عشق اپنا عزیز

یا مجید یا مجید یا مجید — دی مری قفلِ تمنا کے کلید

یا کریم یا کریم یا کریم — دو جہان مین رکھہ مجھی بیخوف و بیم

یا بصیر یا بصیر یا بصیر — کر تو اب دیدہ مرے دل کا بصیر

یا لطیف یا لطیف یا لطیف — ہو لطیف اب میرا قلبِ کثیف

یا عظیم یا عظیم یا عظیم — دور بہاگے مجھی شیطانِ رجیم

یا غفور یا غفور یا غفور — بخش جو مجھسے ہوئی فسق و فجور

یا حکیم یا حکیم یا حکیم — علم و حکمت دے مجھے اور کر حکیم

یا خبیر یا خبیر یا خبیر — کر عطا مجکو مرا ما فی الضمیر

یا رؤف یا رؤف یا رؤف — دی مجھے قہر و عنایت میں تو خوف

یا قدیر یا قدیر یا قدیر — مین ہون زندانِ عصیان مین اسیر

یا علیم یا علیم یا علیم — دی مجھے علمِ صراطِ مستقیم

یا جلیل یا جلیل یا جلیل — مین ہون فردائے محشر مین ذلیل

یا قوی یا قوی یا قوی — دمبدم ایمان ہو میرا قوی

یا ودود یا ودود یا ودود — ہو عطا ہمکو بہشتون مین خلود
یا حلیم یا حلیم یا حلیم — در گذر فرما کہ بس ہو مین اثیم
یا معز یا معز یا معز — ذلت دارین سے رکھیہ محترز
یا مذل یا مذل یا مذل — نفس میرا ہو ذلیل و منفعل
یا حسیب یا حسیب یا حسیب — حشر مین ہوئے حساب آسان نصیب
یا حفیظ یا حفیظ یا حفیظ — وصف ہے جن جن فرشتونکا غلیظ
اونکی ہین تیرے حفاظت مین رہون — یعنی ہون مغفور جنت مین رہون
یا شہید یا شہید یا شہید — ذکر مین تیرے ہو دل میرا شہید
یا قدیم یا قدیم یا قدیم — مجھسے ہر رنج حوادث ہو عدیم
یا رقیب یا رقیب یا رقیب — ہو نگہبان بلاہای مہیب
یا محیط یا محیط یا محیط — ملک طاعت پر ہو دل میرا محیط
یا وکیل یا وکیل یا وکیل — ہر مراد دل کا میری ہو کفیل
یا ملیک یا ملیک یا ملیک — مجھکو رکھیہ اپنے علا ہو مین شریک
یا مقیت یا مقیت یا مقیت — یا ممیت یا ممیت یا ممیت
اسقدر قوت مرے بازو مین ہو — مارون اپنے ہات سی کفار کو
یا حمید یا حمید یا حمید — ہمکو وہان آسان کیجو اپنا دید
یا غنی یا رحیم یا کریم — رحم فرما رحم برحال فقیر

من فقیر نادم کل الدعا
استجب یا ربنا یا ربنا

مناجات فقیر در شوق زیارت کعبہ معظمہ مکرمہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الٰہی یہ تمنا ہے حرم کی راہ کو دیکھون
کہین اوس دونون عالم کے زیارتگاہ کو دیکھون
جو تو چاہی تو مین اوس خانۂ دلخواہ کو دیکھون
نہین جی چاہتا دنیا کے عز و جاہ کو دیکھون

تمنا ہے اب ان انکھونسی بیت اللہ کو دیکھون
پھر اوسکو دیکھکر بیت رسول اللہ کو دیکھون

جہانکی سیر سی دل بس مین ہو چکا یارب
نہ رکھ دنیا کے رنج و غم مین مجھکو مبتلا یارب
کہین اب تو حریم خانۂ کعبہ دکھا یارب
قبول اس خستہ حال و خستہ دلکی ہو دعا یارب

تمنا ہے اب ان انکھونسی بیت اللہ کو دیکھون
پھر اوسکو دیکھکر بیت رسول اللہ کو دیکھون

غمی دیکھی خوشی دیکھی بھلا دیکھا برا دیکھا
نتھا جو دیکھنا ہے سو وہ اس دنیا مین آ دیکھا
یہہ مانا ہمنے یہان اکر تماشا خوب سا دیکھا
ندیکھا خانۂ کعبہ ان انکھونسی تو کیا دیکھا

تمنا ہے اب ان انکھونسی بیت اللہ کو دیکھون
پھر اوسکو دیکھکر بیت رسول اللہ کو دیکھون

یہی جی چاہتا ہے بس کہ مین ہر کام کو چھوڑون
اور اس دنیای دون کے ہر خیال خام کو چھوڑون
ملا کر خاک مین دنیا کے ننگ و نام کو چھوڑون
چلا جاؤن مسافر بنکے اور آرام کو چھوڑون

تمنا ہے اب ان انکھونسی بیت اللہ کو دیکھون

پھر اوسکو دیکھکر بیت رسول اللہ کو دیکھوں

تمنا ہے کہ میرا ہات ہو کعبہ کا داماں ہو
تو عرض حال دل جی سے ہو اور چشم گریاں ہو
نکالوں دل سے حسرت جو کہ حسرت دل میں پنہاں ہو
یہ دیکھا چاہیے کب ہو جو تسکین دل و جاں ہو

تمنا ہے اب ان آنکھوں سے بیت اللہ کو دیکھوں
پھر اوسکو دیکھکر بیت رسول اللہ کو دیکھوں

جو چاہا مور عاجز نے کہ جاؤں بیت اطہر میں
خدا نے اوسکو پہنچایا لگا پائے کبوتر میں
تو مثل مور میں بھی ہے ناتواں ہوں خلق داور میں
خدا جلدی سے پہنچائے مجھے بھی بے ان اوس گھر میں

تمنا ہے اب ان آنکھوں سے بیت اللہ کو دیکھوں
پھر اوسکو دیکھکر بیت رسول اللہ کو دیکھوں

عظیم اس خرمن گیتی سے ہے یکدانۂ کعبہ
مشرف لاکھہ معموروں سے یک ویرانۂ کعبہ
ہوا ہشیار ہے وہ جو کہ ہے دیوانۂ کعبہ
بہت دل میں میرے ہے اشتیاق خانۂ کعبہ

تمنا ہے اب ان آنکھوں سے بیت اللہ کو دیکھوں
پھر اوسکو دیکھکر بیت رسول اللہ کو دیکھوں

بیاں کیا ہو سکے اوس بیت اطہر کے شرافت کا
کیا حضرت نے جب یثرب کو وطن غم ہجرت کا
تو پھر پھر دیکھتی جاتی تھی تھا یہ حال حضرت کا
بھلا کیونکر نہ ہووے دل کو شوق اوسکی زیارت کا

تمنا ہے اب ان آنکھوں سے بیت اللہ کو دیکھوں
پھر اوسکو دیکھکر بیت رسول اللہ کو دیکھوں

تمنا ہے وہاں میں طاعت حق کی کروں دن رات
پکڑ کر دامن کعبہ کو لپٹا کروں دن رات
کچھ بھی ہو سکے تو بس یہ طور اپنا کروں دن رات
ادب سے خانۂ کعبہ کو دیکھا کروں دن رات

تمنا ہی اب ان آنکھوں سے بیت اللہ کو دیکھوں ؛
پھر اوسکو دیکھکر بیت رسول اللہ کو دیکھوں

پسند آئی عبث انسان کو آرائش دنیا
الٰہی میرے دامن سے ہو دور آلائش دنیا

بگڑ جائیگی دم کی دم مین سب آرائش دنیا
نہو دلمین مرے کچھ خواہش زیبائش دنیا

تمنا ہی اب ان آنکھوں سے بیت اللہ کو دیکھوں
پھر اوسکو دیکھکر بیت رسول اللہ کو دیکھوں

خوشا حال غریبان جو حرم کے راہ چلتی ہین
غبار آلودہ اونکو دیکھکر بس آگ ہی جلتی ہین

حرم مین جا کے صورت عاشقونکی بدلتی ہین
ہماری دیکھیے ارمان دل کی کب نکلتی ہین

تمنا ہی اب ان آنکھوں سے بیت اللہ کو دیکھوں
پھر اوسکو دیکھکر بیت رسول اللہ کو دیکھوں

نسمجھو تم کہ ملک ہند مین مین آرمیدہ ہون ؛
بہت حالات ہندی سے یہانکی غم کشیدہ ہون

نہایت دل تپیدہ ہون بر آفت رسیدہ ہون
بہت ہی تو مین دیدار کعبہ کا ندیدہ ہون

تمنا ہی اب ان آنکھوں سے بیت اللہ کو دیکھوں
پھر اوسکو دیکھکر بیت رسول اللہ کو دیکھوں

دکھا اے میرے مولی تو مجھے بیت العتیق اپنا
الٰہی جو ترا فضل و کرم ہووے رفیق اپنا

یہانکی رہنے سے ایک ایک دم ہوتا ہے ضیق اپنا
تو پھر کیونکر نہو آسان یہان مان طریق اپنا

تمنا ہے اب ان آنکھوں سے بیت اللہ کو دیکھوں
پھر اوسکو دیکھکر بیت رسول اللہ کو دیکھوں

الٰہی سب ترے حامد ہین اور محمود تو ہے
عبادتخانہ کعبہ مین یہی مقصود تو ہے

بسوئی قبلہ سجدہ ہے مگر مسجود تو ہی ہے
خداوندا ہمین اس قصد سے مقصود تو ہی ہے

تمنا ہے اب ان انکھونسی بیت اللہ کو دیکھون
پھر اوسکو دیکھکر بیت رسول اللہ کو دیکھون

خدایا تیری رحمت سے نصیب ایسا زمانہ ہو
گلستان حرم مین جا کی میرا آشیانہ ہو
فقیر خستہ جان جستہ خاطر بھی روانہ ہو
پھرون لبیک گویان اور صورت عاشقانہ ہو

تمنا ہے اب ان انکھونسی بیت اللہ کو دیکھون
پھر اوسکو دیکھکر بیت رسول اللہ کو دیکھون

دیگر در شوق زیارت مدینہ منورہ حرسہا اللہ تعالی

عجب کیا عالم برزخ جو مثل رو زروشن ہو
نکیونکر گلشن دنیا اوسی مانند گلخن ہو
جہان مہر سپہر کائنات اور گل کا حسن ہو
کہ جسکا آج نخلستان یثرب مین نشیمن ہو

یہی ہے آرزو دل سکے مدینہ میرا مسکن ہو
رہون ایمان سے وہان اور بقیع پاک مدفن ہو

اگرچہ مین یہان ہون پر پڑا ہی جی مدینی مین
نکالون پھر نہ کیا کیا حسرتین دلکی مدینی مین
مجھے گر کاش پہنچائی خدا جلد مدینی مین
شہادت کے خدایا موت ہو میری مدینی مین

یہی ہے آرزو دل کی مدینہ میرا مسکن ہو
رہون ایمان سے وہان اور بقیع پاک مدفن ہو

مدینہ ہی زمین پر کیا ہی جائے پاک صلی اللہ
زیارت اوسکی تسکین دل غمناک صلی اللہ
کہ کہتے ہین جسے سب سا کن افلاک صلی اللہ
شفا ہی سب دیار احمدی کی خاک صلی اللہ

یہی ہے آرزو دل کے مدینہ میرا مسکن ہو
رہوں ایمان سے وہان اور بقیع پاک مدفن ہو

الٰہی کب وہ دن ہوگا کہ جو میں تیرے گھر جاؤں
مدینے کے درخت آئیں نظر جب دوڑ کر جاؤں
مشرف ہوکے مکے سے مدینے کو گذر جاؤں
نہ نکلوں پھر وہاں سے اور وہیں رہ کی مر جاؤں

یہی ہے آرزو دل کی مدینہ میرا مسکن ہو
رہوں ایمان سے وہان اور بقیع پاک مدفن ہو

کوئی زائر مدینے کا کہیں جب مجھسے ملتا ہی
کہ اسنی اپنی ان آنکھوں سے اس روضے کو دیکھا ہے
تو آنکھیں دیکھ دیکھ اوسکی یہ ہوتا حال دل کا ہے
دکھا مجکو بھی یارب جو بہت میری تمنا ہے

یہی ہے آرزو دل کے مدینہ میرا مسکن ہو
رہوں ایمان سے وہان اور بقیع پاک مدفن ہو

زمین پر جنت الفردوس سا ان ہے روضہ احمد
کوئی رستا بتا دیجو کہاں ہے روضہ احمد
ذرا سمجھو تو تم کسکا مکان ہے روضہ احمد
الٰہی تو وہاں لیچل جہاں ہے روضہ احمد

یہی ہے آرزو دل کی مدینہ میرا مسکن ہو
رہوں ایمان سی وہان اور بقیع پاک مدفن ہو

مدینے کے مدارج کا بیان کچھہ ہوسکی کیونکر
سفر سے جب کبھی تشریف لاتے تو قریب آکر
کہ اس درجے کے تھے اوس شہر کے مشتاق پیغمبر
چلاتی تھے بہت جلدی سواری کے تئیں سرور

یہی ہے آرزو دل کے مدینہ میرا مسکن ہو
رہوں ایمان سے وہان اور بقیع پاک مدفن ہو

الٰہی تیری رحمت سے سفر سوی محمد ہو
زیارت گاہ میرا شہر دلجوی محمد ہو

نصیب اوس کے دماغ جا کو خوشبوئی محمد ہو　　تمنا ہے خلد ایا مین ہون اور کوئی محمد ہو

یہی ہے آرزو دل کی مدینا میرا مسکن ہو
رہون ایمان سے ہان اور بقیع پاک مدفن ہو

سنا ہے ہو کی رخصت جب بنی سے ہی نکلتی ہین　　تو مشکل ہے وہان لوگونکی پانوا کی کو چلتی ہین
بہت سوز فراق مصطفے مین دل گہلتی ہین　　نکلتے آہ و نالے ہین جگر بس غمسے جلتی ہین

یہی ہے آرزو دل کی مدینا میرا مسکن ہو
رہون ایمان سے ہان اور بقیع پاک مدفن ہو

نہین پاتا ہو مین اب کچھ مزا ایمان کی جینے مین　　مدینے کی لیے ہر دم پھڑکتا دل ہے سینے مین
خداوندا مجھے تو اپنی قدرت کے سفینے مین　　بہا لیچل کہین دریائے فرقت سے مدینے مین

یہی ہے آرزو دل کے مدینا میرا مسکن ہو
رہون ایمان سے ہان اور بقیع پاک مدفن ہو

یقین ہے دوستی جو روضۂ احمد نظر آئی　　پہنچتے تک مگر وہان جان جا کر تاب لائی
نکل کر بیقراری سی جسد کو چھوڑ کر جائی　　سوا اللہ کے کون اس مداوا دل کو پہنچائی

یہی ہے آرزو دل کے مدینا میرا مسکن ہو
رہون ایمان سے وہان اور بقیع پاک مدفن ہو

الٰہی یہ تمنا ہے دیار مصطفے دیکھون　　الٰہی یہ تمنا ہے جوار مصطفے دیکھون
الٰہی یہ تمنا ہے مزار مصطفے دیکھون　　وہان اپنی تئین پھر جان نثار مصطفے دیکھون

یہی ہے آرزو دل کے مدینا میرا مسکن ہو
رہون ایمان سے ہان اور بقیع پاک مدفن ہو

فراقِ مصطفےٰ میں جان و دل بیتاب رہتی ہیں
مدینے کے لیئے دیدے ہمیشہ پُر آب رہتی ہیں

الٰہی صبح و شام خواہانِ فتح الباب رہتی ہیں
ہمیشہ شوق میں بھی عاشقان بے خواب رہتی ہیں

یہی ہے آرزو دل کے مدینا میرا مسکن ہو
رہوں ایمان سے وہان اور بقیعِ پاک مدفن ہو

وہ ہین پیغمبرِ اعظم صلوٰۃ او نپر سلام او نپر
طفیلِ سرورِ عالم صلوٰۃ او نپر سلام او نپر

جنہین شاہ و نبی آدم صلوٰۃ او نپر سلام او نپر
خدا یا جا بکاریں ہم صلوٰۃ او نپر سلام او نپر

یہی ہے آرزو دل کے مدینا میرا مسکن ہو
رہوں ایمان سے وہان اور بقیعِ پاک مدفن ہو

وہی جیتا رہا جو مر گیا عشقِ محمد میں
مجھے کامل بنا دے یا خدا عشقِ محمد میں

مزی مین ہے بڑا جسکو مزا عشقِ محمد مین
فقیرِ خستہ دل ہوں کر فنا عشقِ محمد مین

یہی ہے آرزو دل کے مدینا میرا مسکن ہو
رہوں ایمان سے وہان اور بقیعِ پاک مدفن ہو

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عرض حاجاتِ فقیر

یا الٰہی دیدِ ایوانِ کعبہ ہو نصیب
اب تو ہو نا مجکو بھی مہمانِ کعبہ ہو نصیب

نُور سے دل کو جلوۂ ہر شانِ کعبہ ہو نصیب
بلکہ دم بھر بھی نہ پھر ہجرانِ کعبہ ہو نصیب

یا رب ان ہاتھوں کو بھی دامانِ کعبہ ہو نصیب

حدسے گذرا دردِ دل درمانِ کعبہ ہو نصیب

اِس جہان مین آنکر کیا کیا نہ ہات آیا مجھے
سچ تو یون ہے کچھ بھی یہان گویا نہ ہات آیا مجھے
کونسا مقصودِ دنیا کا نہ ہات آیا مجھے
اب تلک جو دمین کعبہ نہ ہات آیا مجھے

یارب ان ہاتھون کو بھی دامانِ کعبہ ہو نصیب
حدسے گذرا دردِ دل درمانِ کعبہ ہو نصیب

یہ مرے وہ ہات ہین جن سے ہوئی لاکھون گناہ
دیکھیے کل ہووے ان ہاتھونکی کیا حالت تباہ
یہ مرے وہ ہات ہین جن سے ہوئی کاغذ سیاہ
اب یہ دونو پر خطا ہین تیرے آگے یا الٰہ

یارب ان ہاتھون کو بھی دامانِ کعبہ ہو نصیب
حدسے گذرا دردِ دل درمانِ کعبہ ہو نصیب

جو نہونا تھا ہوا وہ کام میرے ہات سے
ہین یہ قرطاس و قلم بدنام میرے ہات سے
جو نہونا تھا ہوا ارقام میرے ہات سے
روح و دل کو اب تو دے آرام میرے ہات سے

یارب ان ہاتھون کو بھی دامانِ کعبہ ہو نصیب
حدسے گذرا دردِ دل درمانِ کعبہ ہو نصیب

کیا ہوا پاپوشِ دنیا جو اوٹھائی ہات مین
ایکدن ان سب سے ہے نقدِ جدائی ہات مین
اور اوسنے گردنِ غیبت جھکائی ہات مین
حیف ہے جو نعمتِ عقبیٰ نہ آئی ہات مین

یارب ان ہاتھون کو بھی دامانِ کعبہ ہو نصیب
حدسے گذرا دردِ دل درمانِ کعبہ ہو نصیب

نعمتِ دنیا نہ کیا کیا کچھ ہوئی حاصل مجھے
خوب سا لذاتِ دنیا سے کیا خوشدل مجھے
شغلِ خویش علیتی نے رکھا شکر سے غافل مجھے
اب حصولِ لذتِ عقبیٰ ہنو مشکل مجھے

یارب ان ہاتھوں کو بھی دامانِ کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا دردِ دل درمانِ کعبہ ہو نصیب

ایک وہ بھی ہیں کہ جو دن رات رہتے ہیں وہیں ‌ ‌ ایک میں بھی ہوں کہ اب تک آنکھ سے دیکھا نہیں
ایک وہ بھی ہیں وطن جنکا ہے مکے کی زمین ‌ ‌ ایک میں بیٹھے ہوں پڑا محروم ہوں اب تک یہیں

یارب ان ہاتھوں کو بھی دامانِ کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا دردِ دل درمانِ کعبہ ہو نصیب

ایک وہ بھی ہیں کہ جو ہیں طائف بیت الحرام ‌ ‌ ایک میں بیٹھے ہوں غم ہجراں میں جگر تھامے مدام
ایک وہ ہیں جن کو کعبہ کی ہے صبح و شام ‌ ‌ ایک میں بیٹھے ہوں کف افسوس ملنے سے ہی کام

یارب ان ہاتھوں کو بھی دامانِ کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا دردِ دل درمانِ کعبہ ہو نصیب

ایک کعبہ پر نظر ہر لحظہ کئے رہتے ہیں ‌ ‌ ہر زیارت نگاہ پر وہاں نکلے گذرتے رہتی ہیں
ایک ہم بھی یہاں پڑے دن اپنے بھر رہتے ہیں ‌ ‌ جلتے ہیں یا مٹتے ہیں اور در در کی رستے ہیں

یارب ان ہاتھوں کو بھی دامانِ کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا دردِ دل درمانِ کعبہ ہو نصیب

ایک وہ ہیں جنکو ہیں واں پانچوں کی لاکھوں نماز ‌ ‌ ایک میں بیٹھے ہوں کہ اک سجدہ نہیں ہے با نیاز
ایک وہ ہیں جنکو وہاں رہتے ہوئی مدت دراز ‌ ‌ ایک میں جلتی ہی بیٹھے اب تک ہوں بے سامان و ساز

یارب ان ہاتھوں کو بھی دامانِ کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا دردِ دل درمانِ کعبہ ہو نصیب

داخلی ہے ایک لوگوں کو تو کعبے کی نصیب ‌ ‌ اور مجھے اب تک نہیں میدان مکہ بھی نصیب

کاش نزدیکی ہو ان سے یہان سے ہو دور نصیب — یا خدا اب تو زیارت ہو کہین جلدی نصیب

یارب ان ہاتھون کو بھی دامان کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا درد دل درمان کعبہ ہو نصیب

ایک وہ ہین نزد زمزم اطہر سے جو سیراب ہین — ایک ہم پیتے غم ہجران کا یہان زہراب ہین
ایک وہ ہین جو دعا کرتے تہ میزاب ہین — ایک ہم بے دست و پا اب یہان پر بیتاب ہین

یارب ان ہاتھون کو بھی دامان کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا درد دل درمان کعبہ ہو نصیب

کیون ہو محبوب دل کعبہ اطہر کے جا — کل زمین سے جسکو فرماتی ہین بہتر مصطفے
اور یہ فرماتے ہین جو خارج نکیتے اشقیا — کب نکلتا چھوڑ کر مین تجکو اے بیت خدا

یارب ان ہاتھون کو بھی دامان کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا درد دل درمان کعبہ ہو نصیب

قدر کعبہ کس قدر اللہ کے ہے جلیل — ہین خلیل حق محب اوسکے عدو اوسکی ذلیل
ہین محب دیکھو خلیل اللہ اسد اور ابن خلیل — اور عدو جیسے کہ مقہور خدا اصحاب فیل

یارب ان ہاتھون کو بھی دامان کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا درد دل درمان کعبہ ہو نصیب

لاکھ سیرابی سے بہتر اس سفر کی تشنگی — دور ہو وے جس سے روز پر خطر کی تشنگی
مجکو ہے اوس زمزم پاکیزہ تر کی تشنگی — یا خدا جلدی بجھا دل و جگر کی تشنگی

یارب ان ہاتھون کو بھی دامان کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا درد دل درمان کعبہ ہو نصیب

اس سفر کے خار مین آتا ہے خرمی کا مزا — پیاس مین اسکی ہے آب بقا کا سا مزا
سیب جنت کا ہی اسکی بہوک مین گویا مزا — عیش عقبی کا یہان ہی سختی مین ہے پیشکا مزا

یارب ان ہاتھون کو بھی داماں کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا درد دل درمان کعبہ ہو نصیب

اس سفر مین عاشق بیدل اگر پیدل چلے — کیون نہون محمل سے بہتر اوسکو چہالے پانو کے
دہوپ رستی مین ہوا و سکون خنک کا نور ہے — کاش ہوجائے یہ میرا حال ای مولی مرے

یارب ان ہاتھون کو بھی داماں کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا درد دل درمان کعبہ ہو نصیب

اللہ اللہ رحمت حق ہے نثار قافلہ — ہین حرم کے رہنے والے انتظار قافلہ
کوئی بتلانا کدہر ہے رہگذار قافلہ — خاک میری بھی چلی بنکر غبار قافلہ

یارب ان ہاتھون کو بھی داماں کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا درد دل درمان کعبہ ہو نصیب

ہونجاؤن اس دیار غضب مین زیر خاک — یا خدا کرنا مجھے ملک عرب مین زیر خاک
کاش ہو مٹی تیری نجد طلب مین زیر خاک — ہون قریب کعبہ ہون جس روز و شب مین زیر خاک

یارب ان ہاتھون کو بھی داماں کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا درد دل درمان کعبہ ہو نصیب

ہای اتنک بہانسی تو ای نفس نکلا کیون نہین — اے قدم افسوس اوس جانب کو چلتا کیون نہین
حیف ائے انکہو تمھین دیدار کعبہ کیون نہین — دامن اوسکا ہات مین آتا نا کیون نہین

یارب ان ہاتھون کو بھی داماں کعبہ ہو نصیب

حد سے گذرا درد دل درمان کعبہ ہو نصیب

کب وہ دن ہوگا کہ دور اپنا غم ہجران کرون
جان و دل اپنے منائے قرب مین قربان کرون
دلمین جو کچھہ ہے ارمان ہے اوسکو حاصل ہان کہون
کاش سامان سفر مین بے سر و سامان کرون

یارب ان ہاتھون کو بھی دامان کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا درد دل درمان کعبہ ہو نصیب

پاک ہے قدوس ہے طیب ہے تو یا ذوالجلال
مجھہ پہ ہو فرخ حرم احرام سے ہو کر حلال
کر عطا اس راہ مین سب پاک و طیب مجکو مال
ہات پانون سے سلامت ہند سے جلدی نکال

یارب ان ہاتھون کو بھی دامان کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا درد دل درمان کعبہ ہو نصیب

مجھہ پہ کچھہ باقی نہو وقت سفر حق العباد
خیر سے کسدن کہونگا مین وطن کو خیرباد
دشمنون کو دوستون کی شکل جاؤن کرکے شاد
دیکھیے کب ہووے حاصل ہات مین نقد مراد

یارب ان ہاتھون کو بھی دامان کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا درد دل درمان کعبہ ہو نصیب

اس سفر مین ہو کے میری ہمرہ ذیل والدین
جانب کعبہ کہین جلدی ہو تبدیل والدین
مین بھی ہے اک خادم چلون ہمراہ خلیل والدین
حج اکبر ہو نصیب اپنے طفیل والدین

یارب ان ہاتھون کو بھی دامان کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا درد دل درمان کعبہ ہو نصیب

رب کہین جلدی سے کر مجکو بھی دریا مین سوار
جب ہان سے وصل کے دن کچھ سحر ہو آشکار
حضرت جدہ کے مرقد کو دکھا اے کردگار
کسقدر ہو جوش مین شوق دل امیدوار

یارب ان ہاتھون کو بھی دامان کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا درد دل درمان کعبہ ہو نصیب

ابتو منزل یا خدا امید ان مکہ ہو مرے — اور زیارتگاہ ہر دم شان مکہ ہو مرے
عمر جو باقی ہے سب قربان مکہ ہو مرے — اور جائے دفن گورستان مکہ ہو مرے

یارب ان ہاتھون کو بھی دامان کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا درد دل درمان کعبہ ہو نصیب

ہو عروس کر کے کعبہ جس جگہ جلوہ فروش — رو نمائی مین نجائے کیونکہ نقد صبر و ہوش
کاش عاشق کا سماعت کیلیے ہر مو ہو گوش — جست و جوئے بیت مین بیجا ہے یہ خانہ بدوش

یارب ان ہاتھون کو بھی دامان کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا درد دل درمان کعبہ ہو نصیب

کب تسلی ہوگی دو نو آنکھون کی میرے یا الہ — کاش بنجائے مرا ہر موئے تن تار نگاہ
رات دن دیکھون جمال کعبہ کو مین بے گناہ — اور یہ قدرت مین نہ تیرے ہے کہ ہر شام و پگاہ

یارب ان ہاتھون کو بھی دامان کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا درد دل درمان کعبہ ہو نصیب

باعث حسرت ہے مجکو چرخ اخضر کا طواف — اوسکی وسعت مین ہے ہر دم بیت طہر کا طواف
ہو نصیب اپنے بھے اکدن یونہین اوس گھر کا طواف — اور قبول حق ہو اس بیتاب و مضطر کا طواف

یارب ان ہاتھون کو بھی دامان کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا درد دل درمان کعبہ ہو نصیب

مین طواف کعبہ مین اترا کے چلتا ہے سہون — معصیت کو اپنے توبہ سے بدلتا ہی ہون

یون نہو یارب کہ مین یہان غمسی جلتا ہی ہو نا ‌ ‌ ہجر کعبہ مین کف افسوس ملتا ہے رہون

یارب ان ہاتھون کو بہی دامان کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا دردِ دل درمان کعبہ ہو نصیب

کیا کہون بیت خدا کے اور اسود کے مثال ؛ ‌ ‌ دونون ہین نزدیک جیسی مصطفی سی تہے بلال
یا ہے بیت اللہ کے وہ چہرہ تابان پہ خال (حجر اسود) ‌ ‌ یا خدا دکہلا مجہے ارمان سے یہ ہے کمال

یارب ان ہاتھون کو بہی دامان کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا دردِ دل درمان کعبہ ہو نصیب

یہ تمنا ہے کہ ہون قربان کعبہ دمبدم ‌ ‌ اور مین لیتا رہون اسود کا بوسہ دمبدم
سب گنہ ہوجے وہان ہو توبہ توبہ دمبدم ‌ ‌ سوے آنکہون کو خدا در کے (حجر اسود) گریہ دمبدم

یارب ان ہاتھون کو بہی دامان کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا دردِ دل درمان کعبہ ہو نصیب ؛

مسجد بیت الحرم مین جا رہون مین بہی گر ‌ ‌ اسقدر سجدے کرون پتہر مین ہو جاوی اثر
اور پتہر کے نشان ہون سر مین میرے جلوہ گر ‌ ‌ بلکہ سجدے کرتے کرتے رب کو مٹ جائے یہ سر

یارب ان ہاتھون کو بہی دامان کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا دردِ دل درمان کعبہ ہو نصیب ؛

ہے یہی ومن اس دل بیتاب مضطر کو لگی ‌ ‌ چشم حیران ہو مری اوس بیت اطہر کو لگے
استخوان سر بہی ہو سجدے مین اوس گہر کو لگی ‌ ‌ اور وہ دیوار پُر انوار ہو سر کو لگے

یارب ان ہاتھون کو بہی دامان کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا دردِ دل درمان کعبہ ہو نصیب

جسطرح جنت مین جا رہنا ہی جی کی آرزو
دی الٰہی اس قدر مجکو اوسی کی آرزو
خانۂ کعبہ مین ہون ہے داخلی کے آرزو
جسطرح بیمار کو ہو زندگی کے آرزو

یا رب ان ہاتھون کو بھی دامانِ کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا دردِ دل درمانِ کعبہ ہو نصیب

اندرونِ کعبہ حمدِ رب ہو استغفار ہو
توبہ ہو زاری ہو ہر جانب ہی کردار ہو
اور لگا دیوار اطہر سے مرا رخسار ہو
اور دعا ربّنا اجرنی من عذاب النار ہو

یا رب ان ہاتھون کو بھی دامانِ کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا دردِ دل درمانِ کعبہ ہو نصیب

رب کو سجدہ ہو مصلّٰی ہی رسول اللہ پر
داخل و خارج نظر میری ہو بیت اللہ پر
اور ہو وردِ صلوٰۃ اوس خیرِ خلق اللہ پر
ہے حصولِ آرزو موقوف فضلِ اللہ پر

یا رب ان ہاتھون کو بھی دامانِ کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا دردِ دل دربانِ کعبہ ہو نصیب

کب وہ دن ہوگا کہ جاؤن چشمۂ زمزم کے پاس
اضطراب اتنا کہ باقی ہون نہ کچھ ہوش و حواس
شوق مین پینے کے اوسکی ہووے شدت کی پیاس
تب مجھی پینی ہی اوسکی ہوش ہووے بیقیاس

یا رب ان ہاتھون کو بھی دامانِ کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا دردِ دل دربانِ کعبہ ہو نصیب

کاش مین ہون اور وہ میزابِ رحمت سر پہ ہو
ابر و باران بھی جھکا یا ربِّ عزت سر پہ ہو
اس تھم دل کو گویا دستِ الفت سر پہ ہو
آب سقفِ پاک سے نازل بکثرت سر پہ ہو

یا رب ان ہاتھون کو بھی دامانِ کعبہ ہو نصیب

حد سے گذرا درد دل درمان کعبہ ہو نصیب

مجکو رکھا اوس بیت کے تعظیم میں تکریم میں — گہ حطیم پاک میں گہ رکن کے تلثیم میں

گاہ سجدے میں مقام پاک ابراہیم میں — دیکھیے رہتا ہوں یہاں تک امید تکمیل میں

(چھونا بوسہ دینا)

یارب ان ہاتھوں کو بھی دامان کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا درد دل درمان کعبہ ہو نصیب

مین بھی ہوں احرام میں جب ہو ترا لطف و کرم — نعرۂ لبیک ہووے اور میدان حرم

اور صفا مروہ پہ بھی ساعی ہوں باچشم نم — جھانکتا ہوں خانۂ کعبہ کو وہاں سے دمبدم

یارب ان ہاتھوں کو بھی دامان کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا درد دل درمان کعبہ ہو نصیب

جب محبان خلیل احمد پہ ہووین سنگبار — اور شیطان لعین کو کریں الیں سنگسار

مین بھی اون بندوں میں ہوں ہیں تیرے خداوند اشمار — اب تو میری دلکو بیتابی ہے یا پروردگار

یارب ان ہاتھوں کو بھی دامان کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا درد دل درمان کعبہ ہو نصیب

یاالٰہی ہیں جو ہاں جتنے مقامات دعا — اور جو ماثور ہیں الفاظ و اوقات دعا

مجکو ہو اون سب میں توفیق ہدایات دعا — اور مصباح اجابت ہو مشکوٰۃ دعا

(سنت سے ثابت)

یارب ان ہاتھوں کو بھی دامان کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا درد دل درمان کعبہ ہو نصیب

مجکو ہووے حج کعبہ حجت محشر تو ہے — عمر سب عمر ہے لاالی میں گذر جانے مری

سر منڈا کر بوجھ میرے سر سے گر جائیں سبھے — عاشقوں کے شکل ہو اور خاک ہو مجھ پر پڑے

یارب ان ہاتھون کو بھی دامانِ کعبہ ہو نصیب
حد سی گذرا دردِ دل درمان کعبہ ہو نصیب

جسکو ہو جائے وقوف اوس جائے اطہر کا نصیب
اوس سے ہو میدانِ محشر مین بھی رحمت نصیب
یا الٰہی جا رہا ہون اک روز وہان مین بھی غریب
جو ہی میرا دردِ دل وسکا تو ہی ہی طبیب

یارب ان ہاتھون کو بھی دامانِ کعبہ ہو نصیب
حد سی گذرا دردِ دل درمان کعبہ ہو نصیب

وہان منا مین السی قربانی کا مجکو ڈہب ہے
یا شکستہ کو جوراہ تیز پر ضرب ہے
یا الٰہی جیسی میرے کام یہان سب بنے
دست کوتہ اب ہاتھ کا طالب طلب ہے

یارب ان ہاتھون کو بھی دامانِ کعبہ ہو نصیب
حد سی گذرا دردِ دل درمان کعبہ ہو نصیب

مسجدین جتنی ہین ہین جسقدر نزدیک و دور
وی الٰہی مجکو اون سب کی زیارت سرور
ہر جگہہ یہ سر رہے سجدے مین تیرے یا غفور
کیون نہ سب آسان ہو جب اس دعا کا ہو ظہور

یارب ان ہاتھون کو بھی دامانِ کعبہ ہو نصیب
حد سی گذرا دردِ دل درمان کعبہ ہو نصیب

اور زیارت ہو مجھی دارِ خدیجہؓ کی حصول
کاش ان آنکھون سے دیکھون جا میلادِ رسول
ہو مرادِ دارِ عتیق اور دارِ ارقم مین دل
یا خدا یہ سب دعا مین کر طفیل اسکے قبول

یارب ان ہاتھون کو بھی دامانِ کعبہ ہو نصیب
حد سی گذرا دردِ دل درمان کعبہ ہو نصیب

یا خدا مجکو دکھا غارِ حرا اور غارِ ثور
اور غارِ مرسلات اور سب زیارتگاہ و

اور قبورِ جنت معلا کو میں دیکھون بغور | سب عاؤ نکا وسیلہ یہ دعا کرتی ہے دور

یارب ان ہاتھون کو بھی دامانِ کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا دردِ دل درمانِ کعبہ ہو نصیب

بیقراری سب میں سب کے جان و دل تیرے لیے | خاک میں شاہ و گدا جاتی ہین مل تیرے لیے
ہجر میں کعبے کے سب ہین مضمحل تیرے لیے | ہے فقط کعبے سے ہونا متصل تیرے لیے

یارب ان ہاتھون کو بھی دامانِ کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا دردِ دل درمانِ کعبہ ہو نصیب

زَیَّدَ اللّٰہُ لَہَا زُوَّارَہَا فِی کُلِّ یَوْم | زَادَہَا عِزًّا وَّ عِظَمًا ہٰکَذَا فِی کُلِّ یَوْم
یَحْزَنُ قَلْبِی یَفْنِی ہَجْرُہَا فِی کُلِّ یَوْم | اِسْتَجِبْ مَا قُلْتُہٗ یَا رَبَّنَا فِی کُلِّ یَوْم

یارب ان ہاتھون کو بھی دامانِ کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا دردِ دل درمانِ کعبہ ہو نصیب

آید این شکلم بہر آسمان کین ہر زمان | جلوہای طلعت کعبہ ہمی بینم عیان
میشود در سایۂ پر نور کعبہ جای آن | عرض من بشنو منم بے صبر و بے تاب و توان

یارب ان ہاتھون کو بھی دامانِ کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا دردِ دل درمانِ کعبہ ہو نصیب

پھر رہی ہی یہ تمنا اس دلِ غمناک مین | ہو کے عریان میں ہون غلطان وہانکی خاک مین
لوٹ کر ہو جاؤن شیدا پاک جائی پاک مین | اور ملون تیری خاک مثل عطر گل پوشاک مین

یارب ان ہاتھون کو بھی دامانِ کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا دردِ دل درمانِ کعبہ ہو نصیب

مستزاد

جب مشرف ہو کے وان سے آنیوالے آتے ہین
اور غلاف پاک سی وہ ان کے تبرک لاتے ہین
سب کو دکھلاتے ہین سر آنکھون پہ وہ رکھواتے ہین
کیا کہون جو دیکھکر ارمان دل مین آتے ہین

یارب ان ہاتھون کو بھی دامان کعبہ ہو نصیب
حد سی گذرا درد دل درمان کعبہ ہو نصیب

نیت ہجرت ہے یا مولی مجھے یہان سے نکال
ہند کی الفت سے بھی میرے دل و جان سے نکال
اس وبا پر غضب کے قید زندان سے نکال
جانب کعبہ سلامت دین و ایمان سے نکال

یارب ان ہاتھون کو بھی دامان کعبہ ہو نصیب
حد سی گذرا درد دل درمان کعبہ ہو نصیب

کیا سفر مین جا بسینگے وہ جو سفر کرتے نہین
ہو چکا ہے فرض حج بیت حق پر بالیقین
اونکو توفیق سفر دی یا اِلٰہ العالمین
اور خادم قافلے والونکا ہو یہ دل حزین

یارب ان ہاتھون کو بھی دامان کعبہ ہو نصیب
حد سی گذرا درد دل درمان کعبہ ہو نصیب ؛

جنکو سامان سفر حاصل ہوا اور زاد راہ
اور نہ دیکھا خانہ کعبہ اونہون نے واہ واہ
وہ یہودی یا کہ نصرانی مرینگے روسیاہ
نقد طاعت سے نہ خالی ہات ہو یہ پرگناہ

یارب ان ہاتھون کو بھی دامان کعبہ ہو نصیب
حد سی گذرا درد دل درمان کعبہ ہو نصیب

وہ جو کہتی ہین کہ جانی کی ہمین فرصت کہان
اور فرصت ہے ہوئی تو جسم مین طاقت کہان
اور طاقت ہے ہوئی تو اسقدر دولت کہان
اونسی کہدو یہ بہانے ہین تو پھر جنت کہان

یارب ان ہاتھون کو بھی دامان کعبہ ہو نصیب

صدسی گذرا دردِ دل درمان کعبہ ہو نصیب

عیش دنیا مین جو فی الحال نظارہ اور حاجی مین بال
اللہ اللہ کسقدر اسراف مین آتے ہین مال

کیا پڑی ہی نذرات بہان اللہ کے کھاتی ہین بال
پر سفر کے نام کو بالکل نہین پاتے ہین مال

یارب ان ہاتھون کو بھی دامان کعبہ ہو نصیب
صدسی گذرا دردِ دل درمان کعبہ ہو نصیب

کوئی کہتا ہی تجارت سے نہین فرصت مجھے
کوئی کہتا ہی کہ گھرسی ہی بہت الفت مجھے

کوئی کہتا ہی نہین سرکار سی رخصت مجھے
مرتی دم ہر ایک کہیگا کاش ہو مہلت مجھے

یارب ان ہاتھون کو بھی دامان کعبہ ہو نصیب
صدسی گذرا دردِ دل درمان کعبہ ہو نصیب

ہر گھڑی پھیلائے رکھہ دستِ دعا کو ای فقیر
چاہتا ہی تو اگر اوسکی عطا کو ای فقیر

کیون نہ تجھپر رحم آئیگا خدا کو ای فقیر
ایکدم مت بھول اپنی التجا کو ای فقیر

یارب ان ہاتھون کو بھی دامان کعبہ ہو نصیب
صدسی گذرا دردِ دل درمان کعبہ ہو نصیب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عرض حاجات فقیر بحضرت رب قدیر در شوق مدینہ طیبہ حرسہا اللہ تعالی

ہو نہ جبتک تسکین دل حاصل مدینے کی قریب
اب نہو جانا مجھے مشکل مدینی کے قریب

خاک مین یہ خاک جا پہنچے مل مدینے کے قریب
جا رہی یارب آب و گل مدینے کے قریب

[illegible]

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤں میں مثل خیال دل مدینے کے قریب

ہے سبیل قرب پیغمبر مدینے کا سفر
کر نصیب اے خالق اکبر مدینے کا سفر
ہووے تسکین دل مضطر مدینے کا سفر
اور بہت آسان ہو مجھ پر مدینے کا سفر

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤں میں مثل خیال دل مدینے کے قریب

اس سفر میں یا خدا اخلاص نیت دے مجھے
حاجی اور زائر کہا جانے سے نفرت دے مجھے
بے ریا رکھ مجکو اور خالص محبت دے مجھے
اور بہت جلدی پہنچ جانیکی ہمت دے مجھے

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤں میں مثل خیال دل مدینے کے قریب

اب کہیں جلدی وہ دن دکھلا دے رب العالمین
دور ہو جاؤں وطن سے اور مدینے سے قریں
اور کہیں سب قافلے والے کہ بس آ دل حزیں
اب کوئی منزل مدینے کے سوا باقی نہیں

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤں میں مثل خیال دل مدینے کے قریب

نخل طیبہ کا تبرک دے اگر پنکھا کوئے
ہو ہوا اوسکی مری جنت میں ہوا فردوس کی
اوس سے ہووے راہ کی گرمی سی میرے بند گئے
خاک جا پہنچے کہیں زیر گلستان مری

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤں میں مثل خیال دل مدینے کے قریب

کسقدر پر نور ہے نام خدا ملک عرب
اور سراسر ہے مطیع کبریا ملک عرب

کیون ہو جب ہو مقامِ مصطفےٰ ملکِ عرب — یا خدا جلدی دکھا جلدی مجھے ملکِ عرب

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثلِ خیالِ دل مدینے کے قریب

ترک مین طاعات و خیرات ملکِ ہند مین — مین غلامِ شہوت و لذات ملکِ ہند مین
کیا بڑا اندھیر ہے دنرات ملکِ ہند مین — یا الٰہی مین بہت آفات ملکِ ہند مین

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثلِ خیالِ دل مدینے کے قریب

مثلِ مکہ ہے مدینے کو جہان پر احترام — طیبہ طیب کا ایسا کیون ہو عالی مقام
آنکہ جس مین رسول اللہ فرمائین قیام — مجکو ہے یا رب دکھادے مسکنِ خیر الانام

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثلِ خیالِ دل مدینے کے قریب

ہے دوا درد بیماران مدینے کا غبار — ہے علاجِ روح ہر انسان مدینے کا غبار
میرے سر آنکھون پہ ہو افشان مدینے کا غبار — بلکہ ہو پیراہن عریان مدینے کا غبار

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثلِ خیالِ دل مدینے کے قریب

کیون نہ اتراتی پھرے خوشبو سی طیبہ کی ہوا — جسکے ہمدم ہو گئے خوشبوی محمد مصطفےٰ
جسکے آگے عطر و مشک و عود و عنبر چیز کیا — گرد باغ جان عطر اوس سے میرا یا خدا

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثلِ خیالِ دل مدینے کے قریب

گر نہ جائے رحمت ہے تو احمدؐ کے سبب
خاکمین اونکے جو صحبت ہے تو احمدؐ کے سبب
اوس جگہ مقبول طاعت ہے تو احمدؐ کے سبب
مغفرت وہان ہے نجات ہے تو احمدؐ کے سبب

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثل خیال دل مدینے کے قریب

یا خدا راہ مدینے کی مساجد کو دکھا
ہر جگہ اس سر کو میرے اپنے سجدے مین جھکا
دوڑتا جاتا ہون لگے پاؤن ورد ما ہوا
پھر نہ فرط شوق ہی ہو دے ہی میر صدا

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثل خیال دل مدینے کے قریب

مرقد میمونہؓ بھی یارب دکھا نا راہ مین
طفل دل روتا ہے آم المومنین کے چاہ مین
جی بڑا ہے مسجد و بیت رسول اللہ مین
اب کہان تاب اتنے جو جاؤن مین سال ماہ مین

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثل خیال دل مدینے کے قریب

فتح الابواب لنا یا ربنا من رحمتک
انت مطلوبا لمملوک فقیر یا ملک
اہد لی ربی الی البیت و دار مرسلک
ثم ادخلنی الٰہی مصرہ من بلدتک

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثل خیال دل مدینے کے قریب

چون شود حالم چو برج سبز را بینم ز دور
بر زمین افتم چو برج سبز را بینم ز دور
کے بود ہمدم چو برج سبز را بینم ز دور
چون ہوا گردم چو برج سبز را بینم ز دور

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب

جاؤں میں مثلِ خیالِ دل مدینے کے قریب

جب رسول اللہ کا مسکن نظر آئے مجھے
پاک ہوویں دیکھنے کو اوس مزارِ پاک کے

غسل کر ڈالیں نہ کیوں آنکھیں مری اشک سے
اے تو یا رب میرے یا مولیٰ مری امداد کر

کاش جلدی ہو مرے منزل مدینے کے قریب
جاؤں میں مثلِ خیالِ دل مدینے کے قریب

ہند سے جاؤں مدینے میں تو ہو اتنی خوشی
اے تو یا رحمٰن میرے بھی کہیں ہو جی خوشی

جسقدر ہونا ہے جنت میں جانیکی خوشی
کیونکہ ہو میرے خوشی جب تک نہ ہو تیری خوشی

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤں میں مثلِ خیالِ دل مدینے کے قریب

مسکنِ طیبہ الٰہی مثلِ جنت ہو مجھے
بلکہ دم بھر جیتے جی ہاں سے نہ رخصت ہو مجھے

اور وہاں ایک ایک دم رہنا غنیمت ہو مجھے
شہرِ احمد میں کہیں مرگِ شہادت ہو مجھے

کاش جلدی ہو مرے منزل مدینے کے قریب
جاؤں میں مثلِ خیالِ دل مدینے کے قریب

یوں رسول اللہ فرماتے ہیں میں بیزار ہوں
کافرانِ ہند میں رہتے سے یا رب دل ہے خون

جو مسلماں ہوکے اہلِ شرک میں پائے سکون
حال دل لکھو جاتا ہے تو تو بس میں کیا لکھوں

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤں میں مثلِ خیالِ دل مدینے کے قریب

اللہ اللہ کیا ہی عالی منصب ہے باب السلام
ہو سلام اس پہ یا مولیٰ لب باب السلام

روضہ روشن ہے بہتر عرش سے باب السلام
مجکو پہنچا دی سلامت جانب باب السلام

[illegible]

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثل خیال دل مدینے کے قریب

نام بھی جس باب کا مشہور باب جبرئیل
ہو گئے اوس ستی سی مین بھی فیضیاب جبرئیل
شاید اب مجھے آتے جاتی ہون جناب جبرئیل
داخل مسجد ہون ہمراہ رکاب جبرئیل

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثل خیال دل مدینے کے قریب

جب نماز روز و شب اوس مسجد عالی مین ہو
کیون نہ ایسی حال خوش مین دل بھی غش لئے ہو
چشم حیران کی نظر ہر لحظہ اونس جالی مین ہو
ابتو امداد خدا اس طاعت مالی مین ہو

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثل خیال دل مدینے کے قریب

درمیان حجرہ و منبر ہو جب میرا قیام
اور جب ہون مین بصحن مسجد خیر الانام
وہان نظر کو ہووے ہر دم حجرۂ انور سے کام
دیکھتا ہون قبۂ انور کو ہیبت سی مدام

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثل خیال دل مدینے کے قریب

روضۂ انور مین بھی مجکو میسر ہو نماز
وقت اس خلوت کا یا اللہ ہو جاوے دراز
اور استغفار و تسبیح و ثنای بی نیاز
ہین مرے سب کام تیرے ہی سپرد اے کارساز

کاش جلدی ہو مرے منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثل خیال دل مدینے کے قریب

باادب ہم مین کبھی بالین اطہر کے قرین
اور خیال روی روشن دل مین ہو نقش نگین

اور کبھی ہوں میرہ تا باں کے آگے ہیں حزیں | کہتا ہوں صل علی روح شفیع المذنبین

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤں میں مثل خیال دل مدینے کے قریب

روح احمد پر تو حاصل ہے یہاں عرض سلام | پر مزا جب ہے کہ جا کیجے وہاں عرض سلام
منہ تو دیکھو ہے میسر قسمت میں کہاں عرض سلام | ہاں اگر آسان کرے جا کہاں عرض سلام

کاش جلدی ہو مرے منزل مدینے کے قریب
جاؤں میں مثل خیال دل مدینے کے قریب

حضرت حق سے ہے نازل وہاں کامل صلوۃ | اور فرشتے بھی سبھی کرتے رہیں نازل صلوۃ
اور ہمیں ہر مخلوق ہے یا رب شامل صلوۃ | ہو آواز حزیں مجکو بھی وہاں حاصل صلوۃ

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤں میں مثل خیال دل مدینے کے قریب

بھیجتا ہوں یوں تو میں یہاں سے بہی احمد پر درود | اور پہنچ جاتے ہیں جا صد لیکے مقصد پر درود
پر حضور سے میں خدایا ہو محمد پر درود | ہو کے حاضر جا کہوں اوس پاک مقصد پر درود

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤں میں مثل خیال دل مدینے کے قریب

مجھسے ہو وے ہیں وہ ادا الفاظ و مضمون سلام | جو کہ ہیں اصحاب بہی تو روسنون سلام
یعنے جو مسنون ہیں دستور و قانون سلام | دیکھیے کسدن ہے یہ محروم مقرون سلام

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤں میں مثل خیال دل مدینے کے قریب

رات دن یارب ان تسلیم کا ہو اتفاق	تا لکھون لکھنی کا جو جو کچھ ہے دلمین اشتیاق
کیا سرور وصل اور کیا شکوۂ درد فراق	اب مدینے کی جدائی ہے خدایا مجھپہ شاق

کاش جلدی ہو مرے منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثل خیال دل مدینے کے قریب

اور کہان قسمت کہ وہان پہونچ تو ہون لاکھون سلام	ایک ذرے دیوین جواب اونکا مجھے خیر الانام
جب حضور شاہ مین حاضر ہون مین مثل غلام	عرض حال دل بھلا کیونکر ہے پہر تا تمام

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثل خیال دل مدینے کے قریب

عرض ہوتے کہ درد ہجر نے مارا مجھے	تیرے در پر کم نصیبی نے نہ پہنچایا مجھے
یعنی سامان سفر برسون نہ ہات آیا مجھے	آپ ہی کے شوق مین عشق اس صدا کا تھا مجھے

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثل خیال دل مدینی کے قریب

یا رسول اللہ جو کچھ مجھپہ گذری کیا کہون	یا رسول اللہ دل کے بیقرار کی کیا لکھون
یا رسول اللہ جو حالت تھے میرے کیا کہون	اور دعا یہ جسقدر ورد زبان تھی کیا لکھون

کاش جلدی ہو مرے منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثل خیال دل مدینے کی قریب

یا رسول اللہ مرے ماں باپ تمپر ہون نثار	مجھکو ملک ہند کا رہنا تھا مثل قیدیار
اب مدینا آپکا ہے جنت الفردوس وار	یا رسول کہا کرتا تھا یون مین بیقرار

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب

جاؤں میں مثلِ خیالِ دل مدینے کے قریب

یا رسول اللہ میں مشتاق تھا دیدار کا	مسجد و محراب کا منبر کا ہر آثار کا
روضۂ انور کا یہاں کے ہر در و دیوار کا	اوّل و آخر یہ تھا دم میری گفتار کا

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤں میں مثلِ خیالِ دل مدینے کے قریب

یا رسول اللہ لاکھوں شکر مولیٰ کے لیے	آپ کے اب جو حرم میں بھی یہاں آئے لیے
اب مبارک باد میری چشم بینا کے لیے	آرزو یہ تھی اسی محو تماشا کے لیے

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤں میں مثلِ خیالِ دل مدینے کے قریب

اب مبارک میری آنکھوں کو جمالِ طیبہ ہو	اب مبارک سجدۂ احمد میں سر کو سجدہ ہو
اب مبارک میرے ہاتھوں کو نشانِ روضہ ہو	اب اثر مجھکو مبارک اس دعا کا کیوں نہ ہو

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤں میں مثلِ خیالِ دل مدینے کے قریب

یا رسول اللہ اب مجھکو ہوئی اتنی خوشی	کیا عجب ہے جو میں تیار دی گ ہو جاؤں ابھی
اور ہوا ہو کر عجب کیا روح یہاں آ تری	جب مدینے کے سفر میں تھے یہی فریاد تھی

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤں میں مثلِ خیالِ دل مدینے کے قریب

اب سرور وصل سے بیخود ہوں میں یا مصطفیٰ	ہے یہی حیرت کہ میں اور روضۂ خیر الوریٰ
خواب میں ہے یا کہ بیداری میں ہے یہ ماجرا	کیا مرا لکھا وہ سچ مچ اے خدایا ہو گیا

کاش جلدی ہو مرے منزل مدینے کے قریب
جاؤں میں مثل خیال دل مدینے کے قریب

نفس ظالم ہوں استغفار ہے ربی مری — آپ سے میری شفاعت کیجئے حق سے یا نبی
تا کہ پاؤں میں بھی تواب و رحیم اوسکو ابھی — یہ تمنا ہی تو لازم اس تمنا ہی میں تھے

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤں میں مثل خیال دل مدینے کے قریب

یا نبی ڈرتا ہوں مجھکو پھر نہو درد فراق — پھر نہو وہ اشک سرخ چہرۂ زرد فراق
پھر کھلیں منہ پر پڑی میرے نہو گرد فراق — یوں کہا کرتا تھا میں پھر کر دم سرد فراق

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤں میں مثل خیال دل مدینے کے قریب

بس ہاں ہے یا خدا دم بھر مجھے رخصت نہو — جان رخصت ہو بدن سے پر مجھے رخصت نہو
دیکھکر وہ روضۂ انور مجھے رخصت نہو — حیف ہے اب تک وطن ہے گر مجھے رخصت نہو

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤں میں مثل خیال دل مدینے کے قریب

حضرت صدیق کو بعد اوسکی ہو عرض سلام — جو ہیں صادق یار غار حضرت خیر الانام
سب سے بالاتر ہے بعد از انبیا جنکا مقام — انکا مشتاق زیارت ہے بہت یہ مستہام

کاش جلدی ہو مرے منزل مدینے کے قریب
جاؤں میں مثل خیال دل مدینے کے قریب

پھر تحیہ عرض ہو فاروق اعظم کے تئیں — قول سے جنکے موافق آیا قرآن مبیں

جنکے باعث سارے دنیون سے ہوا غالب دین
اب طفیل دوستان رحمۃ للعالمین (صلی اللہ علیہ وسلم)

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثل خیال دل مدینے کے قریب

کیا ہے عالی شان مین دیکھو تو اصحاب رسول
عالم برزخ مین بھی ہین دونون ہمخواب رسول
کیون نہو دین جو کہ تھے قربان آداب رسول
یا الٰہی اب طفیل قرب اصحاب رسول

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثل خیال دل مدینے کے قریب

ہین مدینے مین محمد مصطفےٰ کے جتنے چاہ
چاہ مین پانی کے اونکے تشنہ لب دل ہے گواہ
گرد ہون مثل سگ کعبہ اونکے مین بھی یا الٰہ
ہو نہ یا رب مجھ بے سامانی اب تو سد راہ

کاش جلدی ہو مرے منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثل خیال دل مدینے کے قریب

اللہ اللہ کیا نصیب اوس کوچہ بازار کے
پڑتے تھے ہر دم قدم وان سید ابرار کے
جو مشرف ہین رسول اللہ کی رفتار کے
یہ دعا ہے شوق مین اوس معتبر آثار کے

کاش جلدی ہو مرے منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثل خیال دل مدینے کے قریب

بانزا تا مین نہین تقصیر بے اندازہ سے
خاک میری پاک ہو پہلے تو قرب مکہ سے
کوئی باندھے مجکو لیجا کر ستون توبہ سے
پھر خدا طیب بنائے قرب خاک طیبہ سے

کاش جلدی ہو مرے منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثل خیال دل مدینے کے قریب

ہے جو نزدیک مدینہ مسجد پاک قبا
رونق افزا اوسجگہہ ہوئے تھے مصطفٰے
پھر مدینے سے بھی آتے تھے وہان خیر الورٰی
اوسمین دو رکعت ہین عمرے کے برابر با خدا

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثل خیال دل مدینے کے قریب

مسجدین جو دور ہین یا مین مدینے کے قریب
جا کمین اون سبکی کہہ سر میرا یا رب مجیب
کیونکہ اون سبکو قیام مصطفٰے سے ہے نصیب
دیکھیے کب تک مقیم خستہ دل ہوگا غریب

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثل خیال دل مدینے کے قریب

جائے حنانہ کوئی کاش دکھلائے مجھے
اور ستون ابولبابہ تک بھی لیجائے مجھے
مجھسے وہان جو ہوا ور رونا بہت آئے مجھے
بس سوا اللہ کے وہان کون پہنچائے مجھے

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثل خیال دل مدینے کے قریب

مرقد انور پہ ہو عرض تحیہ صبح و شام
پھر بقیع پاک کا دیکھون مین جلوہ صبح و شام
اوسمین اہل بیت کا دیکھون مین قبہ صبح و شام
کر دعا مولی سے اے دل آ گئے گر صبح و شام

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثل خیال دل مدینے کے قریب

قبہ عثمان ذی النورین بھی مجکو دکھا
قبہ پر نور ابراہیم ابن مصطفٰے
اور قباب دختران حضرت خیر الورٰی
کیون نہ آسان ہو یہ گر لطف کبریا

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب

جاؤن مین مثلِ خیالِ دل مدینے کے قریب

امہات المومنین کا قبۂ عصمت دکھا — جس سے طفلِ روح پائے دوشِ مادر کا مزا
اور بھی قبے وہان موجود ہین جو یا خدا — ہو شرف سب کی زیارت سے مجھے جلد عطا

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثلِ خیالِ دل مدینے کے قریب

اور خصوصاً روضۂ زہرا بھی دکھلانا مجھے — با حیا روشن قدِ عفت پہ لیجانا مجھے
وہان جناب سیدہ مین جلد پہنچانا مجھے — تو بنا یارب مدینے کا ہے دیوانہ مجھے

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثلِ خیالِ دل مدینے کے قریب

مسجدِ زہرا مین بھی سجدہ ہو مولے کو مزا — وہان فراقِ مصطفےٰ مین وقتِ شیون ...
اس لیے بیت الحزن نام اونکی مسجد کا ہوا — دلکو رقت رونا آنکھون کو مری وہان ہو عطا

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثلِ خیالِ دل مدینے کے قریب

یا الٰہی مجکو دکھلانا صحابہ کے مزار — جان و دل سے ... تھے جو کہ حضرت پر نثار
اور بن دیکھے رسول اللہ کے تھے بیقرار — بیقراری دے وہان کی مجکو یا پروردگار

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثلِ خیالِ دل مدینے کے قریب

اور شہیدانِ احد کی بھی زیارت ہو مجھے — ہر جبل کے نخل کے وادی کے رویت ہو مجھے
ہر زیارت گاہ سے حاصل شرافت ہو مجھے — دیکھیے اب رنجِ ہجران کتنی مدت ہو مجھے

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثل خیال دل مدینے کے قریب

اور بھی رہا بھی میرے دل صد چاک مین
خاک میرے پاک ہو ملکر وہانکی خاک مین

مر کے مین بھی خاک ہو جاؤن البقیع پاک مین
اب تو بس یون ہی سمائی ہی دل غمناک مین

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثل خیال دل مدینے کے قریب

دلکو یون طیبہ سے الفت ہے تو احمد کے لیے
اوسمین مر جانی کی رغبت ہے تو احمد کے لیے

اوسکی ہر شی سی محبت ہے تو احمد کے لیے
آرزو یہ بے نہایت ہے تو احمد کے لیے

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثل خیال دل مدینے کے قریب

کیون مدینے کی حراست مین نہو ہر کام دین
کیون نہ اوسمین مدفن دین کو ہو آرام دین

بیچمین نام مدینہ کے ہی کچھو نام دین
جسمین حاصل کام دین ہو اور سب احکام دین

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثل خیال دل مدینے کے قریب

سوچتا کیا ہی کہین جان بھی بچانی ای فقیر
اپنی کھیتی کو ذرا سینچ کر دکھا دی ای فقیر

کام کر سب اپنے مولیٰ کے حوالے ای فقیر
اب تو مدت ہوگئی یہ کھیتی کھیتی ای فقیر

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثل خیال دل مدینے کے قریب

امرِ ذوقی کا بیان کونسی الفاظ سی ہو
غیرِ ملفوظ عیان کونسی الفاظ سی ہو ۱۰

آج بالیدگی فرقِ سرورِ محزون
منزلِ شمس ہری گہر کا لقب ہے موزون
تنگ ٹھیراتی ہی وسعت مین کلاہِ گردون
صاحبِ تاجِ منور ہی ب اسمین مکنون

حاصلِ عمرِ طبیعے نے کیا آج نزول
جان و دل نذر ہین یکاش اگر ہوئین قبول ۱۱

اطلسِ چرخ بنا جسکے لیئے فرش براہ
جوش زن دلمین ہے وہ شوقِ دسرورِ دلخواہ
ہو گیا جلوہ گر مجلسِ فقیر آج وہ شاہ
فرطِ شادی ہو عجب کیا مجھی گی ناگاہ

یہی حیرت ہے کہ یہان اور شہِ دین آجائی
بالیقین دلکو یقین ہو تو یقین آجائی ۱۲

قافِ قربِ آج ہوا قاف سے اعظم میرا
امرِ اوسط ہی جو توصیف مین مہتم میرا
یعنی فکرِ صفتِ شاہ ہی ہمدم میرا
دل ہی فین مدحِ محمد مین مدغم میرا

مجکو اترانی سے اطرا سے بچائے اللہ
مدحِ غالی کا مجھے منہ نہ دکھائے اللہ ۱۳

کیا ہی وہ تری صحفِ نعتِ رسولِ مختار
آئی اشباحِ مضامینِ عطائی غفار
بن گئی ارضِ حرم آج زمینِ اشعار
موردِ نورِ قدم مین جو سراپا انوار

یعنی ہے فکرِ سراپائے محمد وارد
جس مزندی یہ ہوا نورِ محمد وارد ۱۴

بحرِ اشعار ہی یہان وکشِ کوثر گویا
وزنِ ہر بیت مین ہے ثقلِ ترازوی جزا

نقطۂ حرف بنا مردم چشم بینا	هی سخن ناسخ طغیان و غلوِ شعرا

حاصلِ قریہ گفتار کچھ آج ایسا هے
خرجِ صد ملک سخنور کو بھی رشک آتا هی ۱۵

[illegible]

یہ سخن رشک گلستان جہان کیونکی نہو	یہ سخن نور شبستان جہان کیونکی نہو
رونقِ شان سخن شان جہان کیونکی نہو	سامی اس بات سے سامان جہان کیونکی نہو

گر سخن کاشف اسرار نہوتا واللہ
قل هی قرآن مین تکرار نہوتا واللہ ۱۶

یہ سخن وہ هی کہ جو معجزۂ عیسیٰ هی	اس سخن کے لیئے بیتاب دل موسی هے
یہ سخن وہ هی کہ اسرارِ شہ اسرا هے	یہ وہ شاهد هی کہ در پردۂ ما اوحی هے

طور دل کے لیئے عالم مین تجلّی هی سخن
دیکھلو آئینۂ صورت معنے هے سخن ۱۷

هر مسافر کے لیئے کشتی کعبہ هی یہ	اور بعیر آج لیئے عیرِ مدینہ هی یہ
هر خطاکار کو یهان عذر خطیئہ هی یہ	قابل التوب کے درگاہ مین توبہ هی یہ

شرف انسان کو ملک پر هی سخن کے باعث
تا زمین ارض فلک سے هے سخن کے باعث ۱۸

بیکس عشق کو خود مونس و همدم هی سخن	داغ دل کے لیئے کافور کا مرهم هی سخن
صاحبِ زینتِ مدحِ شہ عالم هی سخن	هان تنبیہ اوسکو کهو جو کہ بذم تم هی سخن

کچھ نهین جائی سخن یهان کہ سخن هے وہ رفیق
جذبِ مطلوب مین سهل اوسکو هی هر فہم عمیق

۱۹

خود سخن کے لیے ہیں چار کتابیں تفسیر — اور سخن سے ہوا کاشانۂ عنصر تعمیر
ہے حدیث نبوی خاص سخن کی تصویر — سخن مدح سے ممدوح ہوئی ذات بشیر

۲۰

اور سخن میں ہے سراپای محمد کا بیان
جسکو لکھتا ہے قلم آج بعون الرحمان

کیوں نہو وصف قلم کاتب لوح محفوظ — کب نکلیں فقر کونین قلم سے مخطوط
ہوگیا جس سے یہ کان سکون سب ملفوظ — یہ وہ یکتا ہے کہ ہے ضابط ہر حظ و حظوظ

۲۱

اسنے خود لکھی ہے آیات قدم کی تفسیر
یہ قلم وہ ہے کہ ہے نون و قلم سے تفسیر

کون ہمدم ہے وہ اس کے ہیں الٰہی نفلخ — کہ صریر اسکے وہ عالم میں ہوئے قرع صماخ
واہ کیا کچھ یہ قلم کے ہے قلمرو ہی فراخ — لکھ رہا ہے یہ نہیں ہے تو سر نہ کاخ

۲۲

سرو کس باغ کا ہے رونق گلزار قلم
شاخ کس نخل کی ہے یہ گل اسرار قلم

بے زبانی پہ ہے اللہ رے ایسا ہی بیان — جس سے حاصل ہے طوطی کے لیے طی لسان
کاشف راز دلی ہے مگر کیا ہے بیان — گوش دل میں بھی کہدیتا ہے چپکے سے کہ ہاں

۲۳

نہیں تا کس کے سزاوار ہے شان اسرار
باادب چاہیے اسطور بیان اسرار

صورت خضر سر چشمۂ تاریک دوات — کھینچتا مردہ دلونکے لیے ہے آب حیات
خامہ اسکو لکھو کیونکہ یہ خامہ ذرات — بخیہ کرتا ہے ادہی جیب ہے بیان خام صفات

عشق والوں کے لیے سلک جواہر ہے یہ کلک

۲۴

اس سیاہی میں وہ انوار مظاہر ہے یہ کلک

یہ قلم وہ ہے کہ خود جسنے باذن الرحمان — لکھی توریت جدا انجیل و زبور و قرآن
کاتب وحی و حدیث اسکا لقب ہے شایان — کہ انھیں دو کے لیے اسکو ملین ہیں دو زبان

۲۵

صورت دست دعا اب یہ سراپا ہے درازہ
کہ سراپائے محمد کا بھی ہو نقش طرازہ

بارک اللہ ہوئی مقبول دعائے خامہ — ہو گیا نفس حصول آج مرا علامہ
تو ہوا مجھسے یہ آغاز طراز نامہ — کیا ہی گرم آمد مضمون کا ہوا ہنگامہ

۲۶

چشم بد دور وہ مضمون ہے یہ ماشاء اللہ
جسمین قدرت کا دکھاتا ہے تماشا اللہ

ہے دلیل اجر تو اوصاف محمد یہ رقم — کیجیے کیونکر اسی قرطاس ملمع پہ رقم
یہ وہ مضمون ہے کہ ہو لوح زبرجد پہ رقم — قلم زر سے بالواح زمرد پہ رقم

۲۷

بلکہ مسطور ہوں سطور سراپا کے سطور
قلم نور ہو قرطاس ہو رخسارہ حور

چاہیے صرف قلم اسمین ہو شاخ طوبیٰ — کاغذ مشق ہوا سکا ورق شمس ضحیٰ
اور سیاہی ہو سویدائے ضمیر حورا — نقطہ حرف بنے مردم چشم عینا

۲۸

اور بنین خط شعاع اسکے خطوط مسطر
و سیدم صرف مداد اسمین ہو آب کوثر

اور سرخی کے لیے اسمین ہو شنجرف شفق — اور بنی جدول دین ہو صوف استبرق
لکھ سکتا ہے مجھے کاش جو قرطاس فلک — تو لکھوں چہرہ وہ [illegible] دو رنگین [illegible]

دیکھکر روی افق رنگ شفق فق ہوجای
ورق شمس ضحی کا غذ بادی نظر آئے
۲۹

کیا مراد وہی استعارے سے وسکے واللہ — جسنے جبریل کو مزدور کہا بے پرواہ
وہ ملکین ہین وہ امین ہین وہ مطاع ذی جاہ — آپ جنکی لئے رہتی تھی نبی چشم براہ

دل احمد سے یہ پوچھے کوئی کیا ہین جبریل
ہمین خود ملقی اسرار خدا ہین جبریل
۳۰

کوئی اوس آنکھ کو ڈالی ہی تھرسی کحل — نظر آتا ہی جسے دیدۂ یعقوب کہل
تو یہ ہی یون ہو کہین عین نہی مستعمل — کوئی تشبیہ نہی اور نصیب اجہل

اسمین تعظیم رسول عرب کا ہیکو ہے
مدح مستلزم تحقیر نبی کا ہیکو ہے
۳۱

نعت مین ذکر ہی یوسف کا تو کیا کی تعظیم — جنکو فرماتی ہین مبعوث کریم ابن کریم
کس لئے نعت سے ہے ذکر زکریا و کلیم — کیسی تحقیر سی ہی وصف مسیحا کی فخیم

یون ہی اخوان محمد کا جو مومن ہے کوئی
کسلے اخوان سے کیا جانیے وہ حق ہی کوئی
۳۲

مینے مانا کہ بڑا طبع کا موزون کوئی ہو — فلک صاحب مین ہے صاحب سے بہتر گردون کوئی ہو
شعرا مین وہی سرکردۂ غاوون کوئی ہو — نامۂ مرفوع تو اوس سے ہو جو مجنون کوئی ہو

استعارات و مراعات کی ہشیاری ہی
ہجو مین خوب جنون کی اوسی بیماری ہی
۳۳

گنگ ہو جی نہ رہا جس سے ہوا ایذائے رسول — ذم جبریل ہوا اور اوسمین تو لائی ہے رسول

یا کہ مخلوق مین جو قبل نبی آئی رسول | اونکی تحقیر ہو اور آپ ہو شیدائے رسول

اپنا دیوانہ ہی شیدائے نبی کب وہ ہے
ایک ہشیار ہی دیوانہ مطلب وہ ہے ۳۴

جسکا مقصود فقط شعر ہو کیا اوسکو شعور | کیونکی ہوتی ہی بیان نعت رسول مغفور
کوئی وادی ہیمون مین گو ہو مسرور | جو کہ ہی ذام رسل وہ ہی نبی کا مقہور

ایسی احسان تراشیدہ کا محسن ہے مسمی
گو تکلف سی ہو حسان وہ لیکن ہے مسمی ۳۵

قصہ کوتاہ کہان کھینچی طبیعت میری | پھر معاون ہو وہ اللہ کی رحمت میری
روح حسانؓ سی یکاش ہو قربت میری | حسن احمد کی بیان مین ہے راحت میری

نون تنوین نبیؐ سی ندا کا ہے نزول
کہ **فقیر** اب مترنم ہو بتحسین رسول

ظاہر و باطن محبوب ہے وہ حسن عیان | کہ بیان اوسکا نہیں طاقت جن و انسان
اوس محاسن کے حسین ہیں وہ جیبہ دو جہان | کہ شریک اوسکا نہیں ہے کوئی دارین مین ان

جوہر حسن رسول آمدہ آن جوہر فرد
کہ خدا باد گرش وعدہ تقسیم نہ کرد ۳۶

کس سے موصوف ہو وہ ذی شرف حسن و جمال | ہی وہان ہمصف ہمہ اصنف حسن جمال
ذات احمد ہی وہ دُر صدف حسن و جمال | سائل حسن ہے وہان سبکی کف حسن و جمال

کیونکی معقول بشر ہو وہ حسن فخیم
جلوہ افروز ہو جس حسن پہ خود حسن قدیم

۴۸

کیا بیان ہو صفت اس رئیس الابرار
جسکا ہر سجدہ یقینی ہے قبول جبار

لیل اسرا ہیں وہ موئے سر محبوب جہان — اور ہر اک تار میں ہے فیض شب قدر عیان
شب طاعت متہجد کو نصیب ایسی کہان — جو تعلق میں ہے خط دل بیدار عیان

۴۹

زلف ہے لیل سعادات ہیں وہ زلف کے تار
زلف دل کھینچ لئے زلفی ہی حضور غفار

دلکشا ایسی ہی وہ اللہ وہ پر نور جبین — صبح صادق ہے کہ آفاق میں ہے ہی مبین
دیدۂ کاذب کا فراوسی دیکھی تو ہین — سجدۂ خالق ایمان میں ہو سر بزمین

۵۰

جلوہ فرما جو وہ پیشانی فائق ہو جائی
دیکھکر ناصیہ کاذبہ صادق ہو جائی

شجر طور ہی گویا قد زیبائے رسول — جلوۂ طور کی لمعات ہیں سیمائے رسول
جسکو پیش آگئی پیشانی غطمائے رسول — ہمہ تن چشم رہی محو تجلائے رسول

۵۱

یکنظر خواب میں اٹھے جو وہ دلکش آجائی
دل مشتاق کو موسی کی طرح غش آجائے

کس قدر پیاری سی قرین ہیں وہ کمان ابرو — قاب قوسین کی تصویر ہی شان ابرو
سورۂ نون ہے خود وصف بیان ابرو — قبلتین آج ہیں عالم میں نشان ابرو

۵۲

یا در کعبہ ہے وہ جبین دعا ہی مقبول
بال بال آپکا کیا نام خدا ہے مقبول

وصف ابرو میں قلم میری قلم کی ہی بار — ایسا عالم میں سر فکر سخنور ہے کہان

کرامت

کہ سلاست جسے یہان چھوڑ دتی تیغ زبان | ھی محالات سے اوصاف دو ابرو کا نشان

۵۳
نقش ابرو ہی نہی کھنچ سکے جو کھینچے
کس کے طاقت ہے کہ اس قوس قزح کو کھینچے

آئی دس ابرو عالی یہ اگر چین عتاب | الحذر گو رہی وہ فرخ مین جھکے ہر موج عذاب
کیونکہ عالم مین عتاب نبوی ہی وہ حجاب | کہ یہان چین ہی قہار کی خود نما عقاب

۵۴
جہا نکلتی ہی وہ ل کفار کو اس پر دی سی
او نپہ پر غیظ کیا نار کو اس پردی سی

ایک رگ ایکے مابین دو ابرو ہی یہان | غیظ فی اللہ مین ہوتی ہی کسی وقت عیان
مسقط نص جہان ہو وہ اگر ہو جنبان | ہمسر جنبش عرش اوسکی صفت سے شایان

۵۵
غضب اللہ لمغضوب رسول واللہ
لقد اہتز لہ العرش بقہر الاواہ

فرق سر جادہ حسن و جمال سے دیکھو | استوا چرخ رسالت یہ عیان ہی دیکھو
وہ جو ابرو سی قرین الف کی شان سے دیکھو | معنی نون و قلم جلوہ کنان ہی دیکھو
بینی مبارک ۱۲

صفت حاجبین ۱۲
۵۶
حاجبین ایسی ہین وہ غایت بینی حسنین
دو ابرو ۱۲ — یا انتہای ۱۲
قاب قوسین ہین بینی رہ قاب قوسین
دو ابرو ۱۲

سورہ صاد ہی وہ عین جہاں مند بنی | گوشہ چشم ہے اک ملک جہاں بینی معنی
ہی نظر سوئی مین اس لئی اکثر اونکی | کہ رہین کنج عدم مین بھی تو مرحوم سبھی

رحمت خاص ہین اوس نور رہی کی انکھین
رحمت خدا کے
کیون ہون دیکھنی والی ہین خدا کے انکھین

۶۷
اور تقدیر حسن اشیا کے لیئے تھی ساتر
(پردہ دار) (وصف ثانی)
دہن پاک محمد سے ہوئین پیدا ظاہر

الله الله نبی کی وہ زبان عربی
سنکے اوس افصح عالم سی بیان عربی
طفل مکتب ہین جہان پیر وجوان عربی
رنگئی سخن ہی فصیحان لسان عربی

۶۸
صادق فیہ لسان عربی افخم
قولہ کان شفاء لصدور العالم

وہ زبان مورد قرآن ہی سبحان الله
ساقی چشمہ حیوان ہی سبحان الله
ماہی کوثر عرفان ہی سبحان الله
خاتم حجت سبحان ہی سبحان الله

۶۹
آیت الله ست کہ در شہر حدوث آمدہ است
ترجمان قدم از بہر حدوث آمدہ است

کری محشر کو جب الله کی قدرت پیدا
اس ہمانی کی وہان صاف ہے صورت پیدا
(مراد زبان مبارک)
تو تکلم سی وہان سبکو ہو ہیبت پیدا
اوسکے جوہر سی ہی وہان عرض شفاعت پیدا
(حضور رب العالمین)

۷۰
اذن رحمان سی شفاعت کے لیئے ہو گویا
وہ زبان یومئذ فلا تسمع الا ہمسا

عمر بھر نطق ہوا سی وہ زبان ہے خاموش
ذکر رویت میں ہے وہ بحر بیان پر جوش
(دیدار الٰہی)
کلمات ابدی سنتی ہی گویا ہی گوش
ہوئین موسی طرح اہل سماعت بیہوش

۷۱
محض وہ ہی چاشنہ ذوق ہمین ہی وہ زبان
قوت سمع و بصر بھی تو نمایان سے وہان

لذت شربت دیدار حق اوس سے پوچھو
ذوق وہ چاشنی گفتار حق اوس سے پوچھو

لطف

لطف کیفیت اسرار حق اوس سے پوچھو | ذکر مین غیر یہ اثبات حق اوس سے پوچھو

۲)
حق تو یون ھی کہ جو حق کوئی وسیلہ کا حق ھے
حق محسوس مین پوشیدہ یہ گویا حق ھے

صدق ہر لحظہ تصدق کے لیے ھی موجود | سچا صدق ھی ہر دم وہ زبان محمود
اسطرح کذب سے یہ روھی وہ اسکی نابود | صبح صادق سی ھی جسطور یکا ذب مفقود

۳)
ینطق الحق علیہ بخفا للناس
ما وفی القول فمن اصدق من رب الناس

بالیقین ھی سخن رب کریم اوسکی حدیث | واہ کیا کچھ ہوئی ھی شان عظیم اوسکی حدیث
کیا بیان کرتی ھی اسرار قدیم اوسکی حدیث | بحر معنی سی ھی وہ در یتیم اوسکی حدیث

۴)
کہ جہان ھی در قلب دو جہان حلقہ بگوش
بر و بحر و صدف گوہر و کان حلقہ بگوش

اب وام میری ہوئی زبان بیان امی | اللہ اللہ ھی کیا رفعت شان امی
ہوئی جبریل سی تعلیم بیان امی | کیون نہ دارین مین اعلی ہو مکان امی

۵)
ملک ام قری آج وھی امی سے
منزل ام کتاب ابدی امی سے

پست ہے فکر کی اوس گردن عالی سی نظر | وہ سرافرازی کونین ہے زیبا او سپر
سرنگون ہو ٹان ھین سلاطین جہان داور | طوق تسلیم مین اوسکی لیی رکھی ہو سر

اللہ اللہ وہ عالی عنق احمد ھی
عنق کون و مکان اوسکی طرف ممتد ھی

حسن گردن وہ گلو سوز ہی سبحان اللہ
شب کا گل مین عیان روز ہی سبحان اللہ
وہ بیاض ایسی دل افروز ہی سبحان اللہ
سر علم و حکم آموز ہے سبحان اللہ

کیون نہ اوس گردن مینا کا جہانمین غل ہو
قل ہو اللہ جہان زمزمۂ قلقل ہو

صبح دیباچہ ہی یہ بہر بیاض گردن
شمع کافور کہان اوسکی مقابل سے ڈر
سوختہ رشک سے ہے شمع حرم بھی ہمہ تن
سحر جنت فردوس ہی گویا ابیَن

حسن کی شان سی ہی جنت عدن ظاہر
فخر عدنان سی ہے جنت عدن ظاہر

موی سر آگئے گردن پہ تو ظاہر ہوا صاف
کہ پڑا کعبہ پہ نور پہ مشکین یہ غلاف
یا کہ ہی طوبی کی چوٹی مین معنبر موباف
نور و ظلمت مین بجا ہے یہی قول وصاف

رات دن جمع ہین کیا حسن کا اعجاز ہے یہہ
جمع اضداد مین ہر حسن سے ممتاز ہی یہ

صفت مہر نبوت ہو تو کیا ہو مرقوم
رمز مہر ید قدرت ہو کھانسی معلوم
ہوئی وس مہر کی تشبیہ اگر اوس سے بہ موم
ہو روان بیضۂ حمامہ سی رحیق مختوم

زیر تحجلہ کی تشبیہ اوسکو اگر کیجے بیان
مورد رشک ہی چشم عروسان جنان

مہر ہی چرخ رسالات پہ وہ مہر مبین
قلب مومن مین ہے صدق اوسکی سبب نقش نگین
اوس سے پیدا حسن دل کا فریفتہ لگی مہر مبین
طبع اللہ کا مصداق ہی وہ قلب لعین

دفتر دل نصین مقبول ہوا اس مہر لغیر

بے سند ہیں خط اعمال سب اس مہر بغیر ۵۱

کیونکہ اوس مہر سی ہمرنگ ہو مہر انور
روشنائی ید قدرت کی لگائی جس پر
کونسی مشک سی ہوگی وہ مداد اطہر
بس گیا بوی محمد سے جو وہ مہر دفتر

دیکھو جس راہ سی محبوب گذر جاتی ہیں
اوسی خوشبو کو دماغ سر و جان پاتی ہیں ۵۲

اب ہے راہ سعادت نظر آتی ہے فقیر
صفت ساعد مسعود جبھی ہوئی تحریر
ہے بیاں ترک ادب اسمیں ہے نظیر
کہ کہان شیشۂ اُس خلق کہان صبح قدیر

آستین جلوہ ساعد سی ہے فوارۂ نور
یا کہ روشن ہے وہ فانوس میں شمع کافور ۵۳

دست قدرت سے بنے دست ہے کیسے خوب
اور خط دست مبارک ہیں عیان ایسی خوب
دست گل ہے تو رگ گل سی ہے خطین ہیں خوب
ہات ملتا ہوں کہ کیا لکھدوں میں جیسی خوب

لوح محفوظ کف رشک ید بیضا ہے
یا یم جود و سخاوت یہ یہ کف آیا ہے ۵۴

کیا لکھوں خوبی انگشت دراز احمد
رہگئی گردن فکر اوسکی طرف کو ممتد
اخذ مضمون سے ہوا میرے قلم کا شل ید
این بگفتم صفتش کاشکی مقبول افتد

ہیں وہ انگشت و کف دست رسول ایسی قرین
ید قدرت سے ہوئی لوح و قلم جیسی قرین ۵۵

رفع سبابہ جو تھی عادت محمود خصال
تو عمل ہمکو بھی مسنون ہے آج اوسکی مثال
عید سنت کا تھی وہ ناخن انگشت ہلال
اور دکھاتا تھی ہمیں طلوع محمد کا جمال

۸۶
مائل دید ہوا ایک جہان اوسکی طرف
ہیں تشہد میں اشارات بنان اوسکی طرف

اور جو لکھوں صفتِ سینۂ صافی بنیاد
سینہ ہی لوحِ جہان جملِ علم آئی یاد
آب آئینہ روان آئی پی صرف مداد
یا کہ عرش اوس سے ہوی شرع جہانمین ایجاد

۸۷
حولِ حق دیکھلو قلبِ صفتِ اولی ہین
شرع موجود ہے قلبِ صفتِ آخری ہین

ہی وہ آرامِ دل و سینۂ انسان سینہ
زندگی بخش ہی جون چشمۂ حیوان سینہ
ہول دل کی لئی ہی آیتِ رحمان سینہ
خطِ اسودسی ہی یا صفحہ قرآن سینہ

۸۸
خطِ باریک سے مقرون ہی وہ صدرِ انور
یا کہنچی جدولِ مشکین ہے الم نشرح پر

بالیقین مطلعِ انوارِ الٰہی وہ ہی
موردِ و منظرِ انظارِ الٰہی وہ ہے
سربسر مخزنِ اسرارِ الٰہی وہ ہی
حاملِ شنجتِ دیدارِ الٰہی وہ ہی

۸۹
آمد و رفتِ نفس سے ہی یہ اوسکی تمثیل
شیشۂ ساعتِ اوقاتِ تجلّی جلیل

اس ید کلک مین وصفِ کمرائی کیونکر
اعجب الخلق کے اسرار کو پائے کیونکر
رشتۂ جان کے یہ تصویر بنائے کیونکر
رمزِ بیچون کو یہ چون صاف جتائی کیونکر

۹۰
ہو سکا اوسکی ثنا مین ہی مصرع موزون
کام اوسکا ہی قیام اور رکوعِ بیچون

اب ہی نعتِ قدمِ پاک کی تقدیم اہم
ظرفِ خیرات و سعادات ہے جسکا مقدم

قدم

قدمِ صدق ہی محسوس ہیان عالم
اقدمِ ہر متقدم ہے بدرگاہِ قدم
(سابق ۱۲)

۹۱
پا نہ سکے اوسکی حقیقت کو جبھی خاص و عوام
اوسکو اقدام ہو جب یوم تزلّ الاقدام
(روز قیامت ۱۲)

ملی تعویذ جو نقش اوس قدمِ اکرم کا
ناخنِ پائے بنی آج ہی وہ عقدہ کشا
خواست کو کبہی پہر مرضِ لغزش پا
ناخنِ عقلِ فلاطون کو جو ہو یہ دعوا

۹۲
شرف اوس ناخنِ پا کا نہ لکہے پائے وہ عقل
ناخنِ شیر اوسکے لئے بنجائے وہ عقل

کیونکہ خاموش ہو یہان طوطیِ خامہ کے زبان
وہان ہی ہر ذرۂ خاکِ قدمِ الیاد ہی شان
آئینہ ہی قدمِ صاف بنی جسپہ عیان
درۃ التاج شہان ہی لقب اوسکا شایان

۹۳
آج کس سر کے نصیبون مین ہی یہ اوجِ عروج
فرش پا ہے جو محمد کے لئے ذاتِ بروج
(یعنی آسمان)

شمع کاشانۂ عالم ہین مقرر دونون
اونپہ قربان یہ مر دیدی ہی عین اور سر دونون
(یعنی قدم مبارک ۱۲)
اون سی بطحا و مدینہ ہین منور دونون
بوسہ گاہِ لبِ مشتاق ہون کیونکر دونون

۹۴
حاش للہ کہ بود رتبۂ خاک و خاشاک
کہ بشوخی بودش قربت آن عالمِ پاک

بارک اللہ سراپا کا جب اتمام ہوا
خیر مقدم مری ہر مو نی زبان نکلی کہا
(ہاں ۱۲)
خواب مین حضرتِ مرسل نے قدم رنجہ کیا
فرطِ شادی نے مگر پہر مجہی سونی ندیا
(میرے ۱۲) (صلعم)

للہ الحمد کہ جو دیکھ لیا کافی ہے
یہی دنیا مین سراپا کا صلا کافی ہے

۹۵

یہی باقی ہی فقیر اب تو تمنا میری ختم ہو جائی مدینے میں یہ دنیا میری	خاک ہو شہر مقدس میں سراپا میرے زیر اعقاب محمد رہے عقبے میرے

۹۶

ہو وہاں میرے لیے صفت نعال احمد
چشم مشتاق رہے محو جمال احمد

ربنا صل علی روح رسول الثقلین جنکی تمثیل ہی فرماتی ہین شاہ کونین	وعلی آلہ الاخیار بخیر الدارین کشتی نوح میں گویا یہ ترے قرۃ عین

۹۷

ہو رکوب انکی اطاعت کے سفینے میں نصیب
قربت انکی مجھے یارب ہو مدینے میں نصیب

اور صحابہ پہ نازل ہو تحیات وسلام اونکی توصیف میں وارد ہی نجوم الاسلام	نامور صاحب فہ ہین جنمین ہو انام امام اقتدا اونکی ہدایت ہے لیے خاص عوام

۹۸

گو عمیق آج ہے گرداب جہاں اپنی لیے
یہ نجوم اور وہ کشتے ہے امان اپنے لیے

یا خدا شہر نبی کا شرف اور افزون ہو اور جو دشمن ہے مدینے کا تو وہ ملعون ہو	جو محب اوسکا ہی فردوس ہے وہ مقرون ہو سجن سجین کا عقبے میں وہی مسجون ہو

۹۹

بعضے کہدیتے ہین ایسا بھی تو بعقل وشعور
کہ مدینے کی زیارت نہین کچھ ایسی ضرور

لاتشدوا کی حدیث آئی ہی بیشک مرفوع جنس مدکو رہی محذوف جہان ہے مشروع	مگر اوس سے نہیں ہی قصد زیارت ممنوع تو ہوا وسوسہ کل تو نشوش مدفوع

ہی شارع میں مفرغ جو یہ استثنا ہے

۱۰۰

فارغ اس رسم سے مقصود میں دل میرا ہے

مورد وحی ہی اور منزل تنزیل ہے وہ
بانی تسبیح ہی اور موقع تہلیل ہے وہ
راحت روح ہی اور مہبط جبریل ہے وہ
مصدر تعظیم ہی اور بلدہ تبجیل ہے وہ

۱۰۱

مصطفے کا جسد پاک ہے اوس تربت میں
وہ حبیب صمد پاک ہی اوس تربت میں

ہے خس راہ وہاں قفل تمنا کی کلید
عود اوسکا ہو جو ہر روز تو ہر روز ہو عید
خشت بام اوسکی ہی خورشید سمائے تمجید
کیون نہ اوسکے لئے ہو دل کو یہاں شوق مزید

۱۰۲

موقف سرور عالم ہے مدینہ واللہ
قدر میں مکہ سے کیا کم ہے مدینہ واللہ

ہے وہ آباد تو ہر جسم میں ہے جان آباد
کعبہ ملمین ہی اوسکی سبب ایمان آباد
اوسکی تعمیر سے ہے ہر دل ویران آباد
یا الٰہی رہے وہ خانہ جانان آباد

۱۰۳

اور وہ معمورہ ہو معمور تری رحمت سے
دور طیبہ نہ ہوں دور تری رحمت سے

کیونکے ہو مدح نبی سرور لولاک رقوم
کیا ہوا آب میں آیا بھی اگر عکس نجوم
وہ تو ممدوح ہیں اور مدح سرا ان کی ہے مذموم
عاقلہ سا قلہ ہو جائے نہیں یہ مفہوم

۱۰۴

یہاں محیط اسکا کوئی بار خدایا کب ہو
فکر اونسے میں محتاط آج وہ اعلی کب ہو

جو بیان محسنی سراپا میں ہوئی شبہ و نظیر
کیونکہ اون کی نسبت ہی یہاں فرات لبشیر
تو کھلا یہ کہ مشبہ بہ ہیں ذی توقیر
مدح میں محسنی سراپا ہی تقصیر فقیر

خالقِ حسن محمد سے یہ مستغفر ہوں
عفوِ تقصیر ہو یارب مری میں قاصر ہوں

ذکرِ مرشدی و استادی صاحبِ مقاماتِ رفیع مدفونِ جنت البقیع حاجی حرمین شریفین نائبِ رسول الثقلین مولانا مولوی مظفر حسین کاندہلوی ادخلہ الرحمن فی فرادیس الجنان

کہاں ہیں شیخِ زماں نائبِ رسول اللہ — بتذکرِ دل و جاں نائبِ رسول اللہ
یہ کہتے تھے الوالابصار دیکھکر اونکو — کہ ایسے ہوتی ہیں ہاں نائبِ رسول اللہ
تھوئی چشمۂ حیواں سے بھی جہاں کو وہ فیض — جو تھی وہ فیض رساں نائبِ رسول اللہ
یہ آنکھیں ہوگئیں حیران فرقد ہے تسکا — کہاں ہیں قطبِ جہاں نائبِ رسول اللہ
جو خواب میں بھی وہ کہائیں تو کورِ بینا ہو — وہ شکل نور فشاں نائبِ رسول اللہ
وہ تھی مظفر و منصورِ ملکِ خیر دو کون — سعید کون و مکاں نائبِ رسول اللہ
سنن عمر تھی معمورِ سنت ایسی تھی — وہ جسمِ شرع کی جاں نائبِ رسول اللہ
وہ کیا ہے حبِ مساکین و ملیں تھی جو رہی — محبِ خستہ دلاں نائبِ رسول اللہ
ہماری آنکھوں میں پہرتی ہیں وہ جو رہتی تھی — رہِ خدا میں رواں نائبِ رسول اللہ
کہاں جہاں میں مہماں نواز ایسی تھیں — کہیں ہیں ایسی کہاں نائبِ رسول اللہ
وہ حضرتِ عربی کی طرف سے مخبرِ دین — مقیمِ ہند تھی یہاں نائبِ رسول اللہ
جہاں میں سنتِ مسدہ کو زندہ کر گئی وہ — سنا کی اپنا بیاں نائبِ رسول اللہ

الٰہی ہوں میں مظہر حسین محترمین　　مقیم قصرِ جنان نائبِ رسول اللہ
نصیب مجکو بھی ہو کاش وہی گئی جسطور　　درِ رسول پہ جان نائبِ رسول اللہ

بقیعِ پاک مدینہ میں وہ ہیں ہون یہان
کہان فقیر کہان نائبِ رسول اللہ

نورِ نظرِ اہلِ نیاز ذکرِ حسن و خوبی نماز

بسم اللہ الرحمن الرحیم

خالق نے کیا بنائی ہی نورِ نظر نماز　　اندھیر تھا جہان مین ہوتی اگر نماز
پڑھتی ہین خوفِ حق سے جو باچشمِ تر نماز　　اونکی لیئے بجھائیگی نارِ سقر نماز
سوئینگے قبر مین وہ ہی آرام سی جو یہان　　پڑھتی ہین نیند چھوڑ کے وقتِ سحر نماز
رہتا ہی جنکو فکر نمازون کا رات دن　　گویا وہ پڑھتی رہتی ہین اٹھون پہر نماز
وہ کونسی ادا ہی جو ہوتی ادا نہین　　بیدینون سی ادا نہین ہوتی مگر نماز
کانون مین بس اذان و اقامت تو ہو چکین　　باقی رہی فقط تری ای بی خبر نماز
تھوڑی سی زندگی یہ تو غافل ہی کسقدر　　آجائیگی قضا تو قضا ابنکر نماز
ہی بی نمازو سنگدلو سر جھکاؤ تم　　دیکھو تو پہر دکھاتی ہی کیا کیا اثر نماز
سرتابی ہے بے نماز تو تم اسے نمازیو　　پڑھتی ہو کیون جنازۂ ناپاک پر نماز
جنکو یہان نماز کا ڈر ہے تو کیا عجب　　اوسنی وہان اٹھائی حشر کا خوف و خطر نماز
سرسبز اس نہال کو آبِ وضو سی کر　　لائیگی پہر تو میوۂ جنت ثمر نماز

دنیا مین جنکی دلمین بنا تی ھی گہر نماز		اونکے لئیے بنائیگی یہ گہر بہشت مین

حاضر تو ہر نماز مین رکھہ دل کو ای فقیر
کچھہ تو سمجھہ کہ تو ھے کہان اور کدہر نماز

طی کرگئے وہ عشق کی منزل نماز مین		حاضر ھے جو جنکا یہان دل نماز مین
یہ قطع کرتے ھین مراحل نماز مین		ھین دست بستہ اور اوٹھین قیام سے
ہوتے ھین جو انکے شامل نماز مین		فرماتے ہین نبی کہ جلا دون مین انکی گہر
مشکل یہ ھی کہ پڑ گئے مشکل نماز مین		دنیا کے کام کیلیے مشکل ہون سہل ہین
ہو جائے بیٹھے بیٹھے ہی شاغل نماز مین		گر طاقت قیام نہو وے مریض کو
پہر بھی ثواب ہے وہی حاصل نماز مین		یہ بھی نہو تو لیٹے ھی لیٹے پڑھے نماز
یہ بھی تو ھی طہارت کامل نماز مین		پانی سی ہو ضرر تو تیمم سے کر ادا
دیکھا تو بس نکلتی ہین جاہل نماز مین		دنیا کے کاروبار مین وہ انا ھت برابی
کب وہم ہوتی دیتا ھی داخل نماز مین		غسل و وضو کے وہم سی اللہ کی پناہ
شیطان کو تمنی کرلیا شامل نماز مین		ای وہمیو خدا سی ڈرو کیا غضب کیا
اللہ کی طرف رہو مائل نماز مین		یہ وہم چھوڑ دو اب تو خدا کے لئیے خدا
جو دل ھی نماز کے قابل نماز مین		کچھہ بھی نہ رہے نہ دلمین پہر اللہ کے سوا
رہتی ہین محو دین کے عاقل نماز مین		کیا جانین گے نماز کو دنیا کے بیوقوف
دنیا سی باندہتی ہین جو محمل نماز مین		سچے نماز مین وہی باندھی ہوئے ہین ہات

افسوس تو نماز تو پڑہتا ھے ای فقیر
پر دیکھتے ہین ہم تجھے غافل نماز مین

جو نمازی ہیں وہ تھین جنت کا باغ آیا ھی ہات
بی نمازونکو فقط دوزخ کا داغ آیا ھی ہات

صرف کر راہِ خدا مین رات دن اپنی سکو تمام
تجکو ای انسان اگر نقدِ فراغ آیا ھی ہات

بو ہی جنت تیز ھی اور ہمکو یہ ورصی کی بھیان
بو ہی عصیان سی بہت ضعفِ دماغ آیا ھی ہات

قبر مین ہرگز نگھبرائینگے وہ اسی سے
جنکو یہان ایمان کا روشن چراغ آیا ھی ہات

طوطی دلکو اب آئینہ نمازون کا دکھا
چھوڑ دی جو وسوسونکا تجکو زاغ آیا ہات

کیون نہ وہ مخدوم حورِ عین ہون سرورِ عیش
وہان نہ غلمان سی جنکو ایاغ آیا ھی ہات

ہی اگر جنت کو جانا چل مدینی کو فقیر
راہِ جنت کا یہی مجکو سراغ آیا ھی ہات

جو نمازی ھین وہ ھین سایۂ رحمان کے تلی
بی نمازون کی ھی جا مرقدِ شیطان کے تلے

بی نماز اب بھی نمازون کے لیے گھر سی نکل
ایک دن ہوئیگا تو خاکِ بیابان کے تلی

گرم بستر سی نہ اوٹھنی کا مزا پائیگا وہان
جبکہ دب جائیگا تو آتشِ سوزان کے تلی

بی نماز آج جو اک جنبشِ مژگان بھی جیا
نیشِ عقرب وھی وہان تیغ کی لگ جان کے تلی

وقتِ تکلیف مین جاتی ھین جو مسجد کے طرف
چین مین ہونگے وہ روضۂ رضوان کے تلی

بی نماز اب بھی نہ خارکشِ کفر یہان
اب بھی آ جلد کہ ھین گلشنِ ایمان کے تلے

ایک سجدہ بھی فقیر اپنا جو ہو جائی قبول
تو رہو مین چمن رحمتِ سبحان کی تلے

یاد کرتی ھین ہر لحظہ جو اوس نام کو تو
ای زبان سننہ مین نہی ھی مزہ کسکا م کو تو

چین نہ کارھی ایل تو ریا کر بی چین
رھی آرام سی ہان چھوڑ سکی جو آرام کو تو

دین کی کام مین کھہ اپنی تئین پختہ مزاج
چھوڑ دنیا کے سراسر طمعِ خام کو توہ

دلمین جو آتی ہی کرتا ہی وہی ای غافل
سوچتا کچھ بھی ہی ہر کام کے انجام کو تو

کس لیے جسم یہ آسر ہی تو بس خاک مین مل
سجدہ کرتا نہین جو خالق اجسام کو تو

بے نماز اب تو محمد کی بھی پیغام کو سن
کہ سنا چاہتا ہی موت کے پیغام کو تو

اس سے بہتر ہی بھلا کونسا کام ای ناکام
ان نمازون کے لیے چھوڑ کے ہر کام کو تو

باوضو چلتا ہی جب گھر سی تو مسجد کی طرف
گویا باندھے ہوے جاتا ہی یہ احرام کو تو

جسم حاضر ہی تو رکھہ دل کو بھی حاضر ہمین
ای مسلمان نمازی تو ہوا نام کو تو

پنجگانہ تجھے لازم ہی جماعت سی نماز
ورنہ وہان پائیگا ایمد سے الزام کو تو

قبر کا سونا بھی یاد آتا ہے سجدہ کے لیے
سوچتا ہی یہان تو ہی آسایش اندام کو تو

پہر تو یاد عمل ہی سبکدوش ہے جسے
یا در کھی جو فرشتون کی بھی الزام کو تو

ایک دن یون ہی گذر جاتا ہے دیکھین گے
دیکھتا کیا ہی گذرتی سحر و شام کو تو

خانہ دل جو کیا فکر عمارت مین خراب
سر پہ لیجائیگا کیا اپنے در و بام کو تو

کر عمل روز قیامت کے لیے اب تو فقیر
بس غنیمت ہے سمجھ زیست کے ایام کو تو

سخ محشر سی جو کل ہوگیا پیدا او لٹا
منہ کو آجائیگا ہیبت سے کلیجا او لٹا

اب تو اولٹا ہی ہے او سیر ہی گرمی ہی کہ بس
ناہی او سنکن تیری چہرہ کیا ہوگا او لٹا

بے نمازون کے بھی کھلجاتی حقیقت سارے
ایک بھی انمین نہ مرکر جو پہر آتا او لٹا

بیچیا و سمجھین شرما تے نصیحت سنکر
اور الزام ہمین دیتے ہو بیچیا او لٹا

بے نماز اب بھی جھکا سر کو دگر نہ او سدن
سر تجھے مثل قدم لیکے چلیگا او لٹا

الٹے مردو دیکھی ہی ہین دنیا کے غلام
ارکان نمازون کے لیے کون ہے سیدہا او لٹا

اوس سے کہدو جو یہی ہی تو جہنم مین جو دیر | سر کے بل جائیگا تو ای سگ دنیا اولٹا
سیدہا ہو جائیگا دل اوسکا مقرر جسنے | اپنا منہ خاک پہ سجدہ مین ہے رکہا اولٹا
اب بہی سیدہا ہو نمازی ہو وگرنہ اوس روز | ہوئیگا نامۂ اعمال کا پڑہنا اولٹا
بیٹہہ کے پیچہے وہان پڑہ نہ سکیگا جب تو | یہ کہیگا مری تقدیر کا لکہا اولٹا
ایسا پچہتائیگا افعال سے اپنی اوسدن | رب سے چاہیگا تو دنیا مین پہر آنا اولٹا
نہین معلوم کے عادت یہ کہ پہر لائی تجہی | آج اعمال مین سیدہا ہی تو پایا اولٹا
پہر بہی تا ابد نکلیگا عبادت مین جو تو | جان رکہنا کہ رہیگا تو سراپا اولٹا
جو دکہانیکو سنانیکو تو کرتا ہی عمل | دہین جاتا ہی ترے منہ پہ وہ مارا اولٹا

یاد مولیٰ کی سوا چین نہو دل کو فقیر
کاش دنیا سے اب جیا ہو دل اپنا اولٹا

وفا ہی پند ہماری تمہین جفا ٹہیرے | یہ بے نمازون سے کہنا کہو یہ کیا ٹہیرے
ہر ایک کام مین ہی تمکو بے نمازو مزا | مگر نماز ہی کیون ایسی بے مزا ٹہیرے
غضب تو یہ ہی جو لاکہون شغل ہین تمکو لگی | تو نفرت اوس سے ہے جو درد کی دوا ٹہیرے
نماز پڑہ کے ٹہکانا بہشت مین کرلو | تمہاری جا ہی تو دوزخ مین نہ جا ٹہیرے
ہر ایک کام تو ہمت سے اپنے کرتے ہو | نماز چہوڑنی مین مرضی خدا ٹہیرے
سمجہیگا نہ نماز ایسی ہی کہ جسکے سبب | جہان مین با اللہ بصیرہ پارسا ٹہیرے
نماز مین چہوڑتی ہین لہنین جا ہی بہت | جو بے حیائی ہی فسوس بے حیا ٹہیرے
سزا یہ سخت جہکا نا دکہائیگا اوسدم | یہ جان ہوئیگی حلقوم مین جو آ ٹہیرے
خدا سے شرم نہ آئی قضا سے تو نہ ڈرا | بہت نمازون کے اس بیچ یا قضا ٹہیرے

یہ دیکھا چاہیی کسنے شروع ہو گی نماز
تری صلاح تو پڑہنیکے بار با ٹہیری

چلا یا جان کو دوزخ مین چھوڑ چھوڑ نماز
نہ ٹہیری راحت جان جان پر بلا ٹہیری

نماز روزیمین رکھہ سنت نبی کا لحاظ
رضا مین اونکے ہی اللہ کی رضا ٹہیری

نماز یونکی لیی قصر سیم وزر ہین وہان
تو خاک جا بی سجود انکی کیمیا ٹہیری

رہی ہمیشہ عبادت تو دل رہی یون صاف
کہ جیسی ہستی ہی آئینہ پر جلا ٹہیری

نکروہ کام جو بدعت ہی یاد رکھہ نہان
وہ کر تو جسمین ہو مرضی مصطفے ٹہیری

یہ مجہسی وعوت دین سُنکے تو جو چلتا ہی
دعای خیر تری حق مین یہ دعا ٹہیری

مبارک اونکو بہشتونکی لذتین یارب
ہمیشہ جنکی غم آخرت غذا ٹہیری

یہان سی چلنی کا رکھہ فکر کیونکہ یہ دنیا
مسافرونکی ہمیشہ سی ہی سرا ٹہیری

ڈرو خدا سی اری غافلو نماز پڑھو
سنو فقیر کے اب تو بھی صدا ٹہیری

تمام شد

خاتمہ الطبع من العبد الحقیر محمد حسین الفقیر فی ذکر المطبع الفاروقی

آج انعام خدا مطبع فاروقی ہی
شہر مین وارد ہی مطبع فاروقی ہی

صاف و مطبوع یہان کیون نہو ہر تی مطبوع
مسکن اہل صفا مطبع فاروقی ہی

کیسون نہ تصحیح کتب سی ہو شفا الاسقام
صحت سقم کی جا مطبع فاروقی ہی

کیا کسی شعبہ سی کچھہ سیکھہ لیا یہ کھنا
وہ جو کھتے ہین برا مطبع فاروقی ہی

کیوں نہ ہر سایۂ دیوار سے بھاگے شیطان
کس سے منسوب ہوا مطبع فاروقی ہے

کفر و بدعت کے مریضوں کو چلی آندھیاں
کھل رہا دارِ شفا مطبع فاروقی سے (یعنے نام فاروق سے ۱۲)

نہرِ احیای علوم اس سے رواں ہے ہر سمت
چشمۂ آبِ بقا مطبع فاروقی ہے

حق کو باطل سے جہاں فرق ہے ما شاء اللہ
فارقِ حسن و خطا مطبع فاروقی ہے

اسمیں مطبوع ہوئی اس کتب دین کے نسخے
دردمندوں کی دوا مطبع فاروقی ہے

کیوں معظم نہ ہو وہ ہے جہاں معظم حسن سے
آج ممتاز بنا مطبع فاروقی ہے

دلسے آبادی مطبع کی دعا ہے کہ فقیر
دلِ ویران کی سرا مطبع فاروقی سے

قطعات تاریخ کلیات فقیر من فقیر بعربی و فارسی و ہندی

له الحمد والشكر قد جاءنا
كتاب بتوصيف خير الانام

وفي عامه من فواد لفقيــر
الا شماهنا فلح مسك الختام

۱۲ ۹۱

ایضاً منہ بفارسی

از قالبِ طبع شد برون نظمِ فقیر
هر اهلِ نظر کتابِ نعت شنہ گفت

تاریخِ تمام طبع هم طبعِ فقیر
دیوانِ فقیر بابِ نعت شہ گفت

۱۲ ۹۱

ایضاً منہ بہندی

ہے فضل محض ربِ کبیر و قدیر کا
مداح میں بھی ہوں جو بشیر و نذیر کا

قید حدید بجز دی ورنہ وہ تھے — ہو جس سے اذن وسعت نعت بشیر کا
گویا کہ لطف حق سے یہ تحریر مدح مین — ہمین ہون محرر آج رقاب اسیر کا
ما فی الضمیر مدح نبی ہے الٰہی شکر — حاضر ہے یہان ضمیر مین جو ضمیر کا
مقبول بارگاہ سلیمان ہو میری نعت — وہان اور یہ اقتدار ہو مور حقیر کا
سلطان دوسرا کا ثنا خوان ہو فقیر — ذرہ غزل سرا ہو ہوا مہر منیر کا
شبنم کو وصف چشمہ خورشید کی مجال — وصاف قطرہ کیونکہ ہو بحر کبیر کا
ہان رحمت خدا سے یہ امید ہے مجھے — رتبہ ہو آب شور کو بھی جوی شیر کا
اپنے رسول تک ہی پہنچا دے سلک بس — دنیا مین ملتجی رہون مین کس سفیر کا
گر یہ تحفہ حضرت احمد مین ہو قبول — ہو جاے مستجاب جناب قدیر کا
دیوان مدح ختم ہوا آج اے فقیر — اب لکھیے کیا ارادہ ہے قتل خیر کا

یہ ہی کہ تجھکو تیری نبی کو جہان کو
یارب قبول ہو یہ تحفہ فقیر کا

تاریخ از نتائج طبع ... سعید حافظ عبد الرشید صاحب سلمہ اللہ المجید

جب یہ لکھا فقیر صاحب نے — حاوی نعت مصطفٰے دیوان
لکھے عبد الرشید نے تاریخ — خوب لکھا ہے نعت کا دیوان

ایضاً از فکر اخی احمد جان سلمہ المنان ابن عمی حاجی حافظ محمد یحییٰ صاحب سلمہ الغنی

طبع کردید چو دیوان فقیر — با ہمہ خوبی و طرز اسلوب
ہاتفم گفت ز سعی اطعام — سال طبعش کہ بد اطعام مرغوب

در مطبع فاروقی دہلی باہتمام میر محمد معظم طبع شد